علم الاعداد کی روشنی میں آپ کا مقام

عددوں کے اثرات

عددوں کی حکمرانی

علم الاعداد کی روشنی میں آپ کا مقام؟

مرتبہ و مؤلفہ

تاج پرویز

ناشر

مشتاق بک کارنر

الفضل مارکیٹ

اردو بازار۔ لاہور

نام کتاب ——— عددوں کے اثرات

مرتبہ و مؤلفہ ——— تاج پرویز

ناشر ——— مشتاق بک کارنر۔ اردو بازار۔ لاہور

مطبع ——— سلیم تنویر پرنٹرز۔ لاہور

کتابت ——— دارالکتابت حضرت کیلیانوالہ گوجرانوالہ

تعداد ——— ۱۰۰۰

سٹاکسٹ

جہانگیر بک ڈپو۔ اردو بازار۔ لاہور

فہرست

پیش لفظ

علم الاعداد کا تعلق کسی طرح بھی علم نجوم سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ سیارے اور بروج انسانی زندگی پر گہرا اثر مرتب کرتے ہیں اور حالات بگڑتے اور سنورتے رہتے ہیں عددوں کے اثرات اور عددوں کی حکمرانی اس وقت سے روبہ عمل ہے جب سے ستارے اور بروج اپنا کام کر رہے ہیں۔ یہ اثرات اور حکمرانی ازل سے شروع ہے۔ اور ابد تک رہے گی۔

ڈاکٹر فیثا غورث علم الاعداد کا ماہر تھا اچھا ریاضی دان تھا اس نے علم الاعداد کے حساب کو درستگی اور استحکام دیا ہے۔ (CHEIRO) نے بھی علم نجوم میں لازوال شہرت حاصل کی ہے آج بھی کیرو (CHEIRO) کی پامسٹری (PALMISTRY) زندہ وجاوید ہے۔ آج کے ماہر علم نجوم اُس سے استفادہ کرتے ہیں۔ یونانی منجم علم نجوم میں خاص مہارت رکھتے تھے اور رکھتے ہیں۔

علم الاعداد بے حد وسیع علم ہے۔ اپنے اندر کشادگی اور پھیلاؤ رکھتا ہے۔ مگر اس کے حساب میں ذرا سی بھی کوتاہی یا غلطی ہو جائے تو ظاہر ہے نتیجہ درست نہ ہوگا اس لیے علم الاعداد کا حساب ٹھیک کرنا چاہتے حروف ابجد کے عدد سے نام کا عدد نکالا جا سکتا ہے: تاریخ پیدائش کا عدد وقت پیدائش کا عددوں کا عدد آپ نکال سکتے ہیں ستاروں سے عدد منسوب ہیں آپ اُن کا صحیح حساب لگالیں۔ اس طرح ستاروں کے اعداد سے آپ اپنی قسمت کا حال جان سکتے ہیں۔

اپنے عدد کے مطابق آپ وقت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ گھنٹوں، منٹوں اور ٹھیک وقت کا تعین کر کے اپنے حالات جان سکتے ہیں۔ بہتر ساعت کا پتہ لگا سکتے ہیں۔ اگر آپ نے ساعت کا درست اندازہ لگا لیا تو یقیناً کامیابی ہوگی۔ اور آپ اپنے مقاصد کو حاصل کر لیں گے اس صدی کا مشہور یونانی منجم شیبروز جس کا انتقال سن ۱۹۶۰ء میں ہوا تھا اس نے علم نجوم کو نئی نہج سے آشکارا کیا ہے۔ اُس نے ستاروں کی چال اور بارہ بروج کی مدد سے ایسے ایسے نقاط پیش کئے ہیں کہ موجودہ مدد کے منجم حیران ششدر ہیں۔ اور اُن نقاط کو سمجھ کر اُن پر عمل پیرا ہونے کی کوشش میں مصروف ہیں چونکہ ہماری کتاب علم الاعداد سے متعلق ہے۔ اس لیے ہم علم الاعداد کی طرف ہی آتے ہیں تقدیر کے درست حالات جاننے کے لیے صحیح عدد کا علم ہونا ضروری ہے کہ تب ہی آپ اپنے مقدر کا احوال جان سکتے ہیں علم الاعداد میں ستاروں کی گردش کو پرکھنا ضروری ہے علم الاعداد کے ذریعے پورا کردار آپ کے سامنے آجاتا ہے۔ علم الاعداد کا فن قدیم ترین ہے۔

مصر اور یونان کے علاوہ دوسرے مشرقی ممالک کی اقوام علم الاعداد سے اپنی قسمت کا احوال جانتی ہیں۔ مغربی ممالک میں اس علم سے بے پناہ فائدے اٹھائے جا رہے ہیں۔ ہندوستان کے ماہرین علم نجوم اس فن سے آگاہی رکھتے ہیں۔ پاکستان میں اس فن سے کوئی زیادہ فائدہ نہیں اٹھایا جا رہا ہے۔ اعداد کی پوشیدہ قوتوں کو پاکستان کے لوگ اچھی سمجھ ہی نہیں سکتے نہ اب تک یہاں کوئی ایسی ٹھوس کتاب تحریر کی گئی ہے جس کے مطالعے سے لوگ علم الاعداد کا صحیح ادراک کر سکیں اور اس علم کو بآسانی سمجھ سکیں۔

میں نے اس کتاب کو بڑی احتیاط سے مرتب اور تحریر کیا ہے آپ اس کتاب کے مطالعے سے ذاتی عدد ستاروں کے عددوں کے عدد اور پیدائش کے عدد سے اپنی قسمت کا حال جان سکیں گے۔ اس کتاب کا مطالعہ آپ کے اعلیٰ ذوق کے بلند معیار پر پورا اترے گا۔

باب نمبر ١

انسانی کائنات

عددوں کے اثرات اور ان کی حکمرانی

انسانی قسمت اور کائنات کے ساتھ عددوں کا بہت گہرا تعلق اور رشتہ ہے جب سے کائنات تخلیق ہوئی ہے اور کائنات کے بعد انسان کو تخلیق کیا گیا ہے۔ اسی وقت سے برجوں کا طلسم کدہ اپنے سحر انگیز تاثرات کو انسانی زندگی پر سایہ فگن کئے ہوئے ہے اور سیاروں کی روشنی قسمت کو متاثر کر رہی ہے۔

اس لیے اپنی شخصیت کو پرکھنے اور جانچنے کے لیے علم الاعداد کا جاننا ضروری ہے اگر آپ کو اپنا عدد معلوم ہے تو آپ اپنی شخصیت کے بارے میں بہت کچھ جان سکتے ہیں اپنی صلاحیتوں سے کماحقہ طور پر کام لے سکتے ہیں۔ اپنی خامیوں کو دور کر سکتے ہیں۔ اور آپ ایک شاندار مستقبل اپنا سکتے ہیں۔ ماضی کے آئینے میں جھانک کر اپنی خامیوں اور غلطیوں کا اندازہ لگا کر حال سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اور مستقبل کو تابناک بنا سکتے ہیں شہرہ آفاق مصنف کیرو CHIERO اپنی ایک کتاب میں علم نجوم کو یوں کوورٹ کرتا ہے کہ انسانی قسمت سیاروں اور برجوں سے وابستہ ہے اور برج اور سیارے اس پر مختلف اثرات ڈالتے رہتے ہیں۔

جب آپ کو اپنا عدد معلوم ہو گا تو آپ یقیناً اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور اپنی قسمت کے سیاہ بادلوں کو دور کر سکتے ہیں اور روشن لکیروں میں اپنی زندگی کا آغاز نئی امنگ کے ساتھ کر سکتے ہیں یہ جان لیں کہ عدد حکمرانی کرتے ہیں۔ اور اپنے اثرات مرتب کرتے ہیں۔

عدد جاننے کا طریقہ معلوم کیجئے۔

مثال کے طور پر آپ کی تاریخ پیدائش ۴ جنوری سنہ ۱۹۵۰ء ہے تو اس لحاظ سے آپ کا عدد کیا ہوگا؟

۴ جنوری سنہ ۱۹۵۰ء

۱۹۵۰ — ۱ — ۴

۱۵ — ۱ — ۴

۶ + ۱ + ۴ = ۱۱ = ۲

اس ترتیب سے آپ کا عدد دو ہے۔ ۲

دوسری مثال ملاحظہ فرمائیے۔

آپ کی تاریخ پیدائش ۔

۲۰ مارچ سنہ ۱۹۵۲ء ہے۔

۱۹۵۲ — ۳ — ۲۰

۱۷ — ۳ — ۲

۸ — ۳ — ۲

۸ + ۳ + ۲ = ۱۳ = ۴ عدد

اس ترتیب سے آپ کا عدد ۴ ہوا۔

اس طرح آپ اپنا ہر عدد معلوم کر سکتے ہیں۔ یہ طریقہ عدد معلوم کرنے کا سب سے

آسان اور بالکل درست طریقہ ہے۔ اتنا خیال آپ کو رکھنا پڑے گا کہ حساب میں کوئی غلطی رونما نہ ہو۔ کیونکہ یہ ریاضی کا معاملہ ہے۔ اگر حساب درست نہ رہا تو اپنی قسمت کے بارے میں صحیح طور پر کچھ نہ جان سکیں گے لہٰذا اس حساب میں غلطی نہیں ہونی چاہیئے۔

اپنے عدد کا حساب لگائیے :

سن پیدائش سے علم الاعداد کے ذریعے عدد نکالنے کے لیئے تاریخ اور مہینے کا نمبر اور سن لکھیں۔ پھر سن کو علیحدہ آپس میں جمع کرلیں جیسے کہ ۱۹۵۲ء کو ۲ + ۵ + ۹ + ۱ کی ترتیب سے جمع کیا۔ یہ سترہ بن گئے اور ازاں ۷ + ۱ کو جمع کر کے حجت تشکل ۸ بنالیں اس کے بعد اسے مہینے کے عدد ۳ میں جمع کرلیں ۱۱ ہو جائے گا۔ اور پھر اسے تاریخ پیدائش میں جمع کرلیں۔ ۲ تاریخ ۲ بن جائے گی ۲ اور ۱۱ = ۱۳ بن جائیں گے ۳ + ۱ = ۴ یہ آپ کا عدد ہوگا۔ لہٰذا اس تاریخ اور سن والے کا عدد ۴ ہوگا۔ اس طرح ترتیب سے حساب لگانا بہت آسان ہے ذرا بھی اس میں پیچیدگی نہیں ہے۔

علم الاعداد کی مختلف کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ ان میں اتنی پیچیدگی ڈال دی گئی ہے کہ ایک قاری کے لیے سمجھنا مشکل ہو جاتا ہے۔

مثال نمبر ۳ :

تیسری مثال آپ کے سامنے ہے۔

جو لوگ ۱۹۶۰ء ۴ اپریل کو پیدا ان کا عدد مندرجہ ذیل ہے۔

۱۹۶۰ — ۴ — ۴

۱۶ — ۴ — ۴

۸ + ۴ + ۴ = ۱۶ = ۷ عدد

مثال نمبر ۴:

چوتھی مثال دیکھئے۔

۶ جون ۱۹۶۵ء کو جو حضرات پیدا ہوئے ان کا عدد مندرجہ ذیل ہے۔

۱۹۶۵ — ۶ — ۶

۲۱ — ۶ — ۶

۲۱ + ۶ + ۶ = ۳۳ = ۶ عدد

چار مثالیں آپ کے پیش نظر ہیں۔ اس ترتیب سے کوئی بھی شخص آدمی، عورت لڑکا یا لڑکی اپنے عدد کو نکال سکتا ہے۔ اور اس کے بارے میں مندرجہ ذیل مضمون پڑھ کر اپنی قسمت کا حال جان سکتا ہے۔

ہم نمبر ا عدد رکھنے والوں کے بارے میں بتاتے ہیں!

اگر آپ کا عدد ایک ہے اور اتوار کا دن آپ سے متعلق ہے تو یقیناً آپ کے حالات بہتر ہیں۔ اور وقت آپ کا ساتھ دے گا۔ لیکن اس میں آپ کسی طرح کی کاہی یا سستی کا مظاہرہ نہ کریں۔ کسی قسم کی ضد سے کام نہ لیں اور نہ اپنی بات پر اڑ جائیں اگر آپ تدبیر سے کام لے کر سازگار حالات سے فائدہ اٹھائیں گے تو یقیناً آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔

سوموار کے دن جب آپ اپنی زندگی کا آغاز کریں۔ تو ایک پلاننگ بنا لیں سوچ سمجھ کر منصوبہ بنائیں۔ اور پھر اس پر عمل کریں۔ کاروباری خطوط کو سوچ سمجھ کر لکھیں اس سے آپ فائدہ اٹھائیں گے۔

منگل کا روز آپ کے لیے ایک اہم دن ہے آپ کو انتہائی ہمت اور حوصلے

سے کام لینا ہو گا۔ اور دوسرے لوگوں سے پیش پیش ہونا ہو گا۔ اگر ذرا بھی سستی ہو گئی تو دوسرے لوگ فائدہ اٹھا جائیں گے۔ اور آپ دیکھتے رہ جائیں گے۔

بدھ کے دن آپ سوشل لائف (سماجی زندگی) میں کاروبار کو بھی ملحوظ خاطر رکھیں اور سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔ لوگوں کو اعتماد میں لیں۔ ان سے محبت اور خلوص سے پیش کریں۔ ایک دم فائدہ اٹھانے کی کوشش نہ کریں۔ آہستہ آہستہ آپ منفعت حاصل کریں اس طرح آپ کامیاب رہ سکتے ہیں۔

جمعرات کا دن آپ کے لیے ایک عجیب و غریب دن ہے۔ اس روز آپ کوئی جذباتی فیصلہ نہ کریں۔ اگر آپ کوئی اچھا منصوبہ بنا کر کام نہ کریں گے تو نقصان میں رہیں گے اس لیئے بہتر ہے کہ آپ مکمل سوچ و فکر کے ساتھ شاندار منصوبہ بنا کر کام کریں آپ فائدہ میں رہیں گے۔

جمعہ کا دن آپ کی زندگی میں ایک اہم حیثیت کا حامل ہے۔

جمعے کے روز اگر آپ کسی کام سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ تو فوراً ہی کوئی اچھا سا منصوبہ بنالیں اس میں ذرا سی بھی تاخیر نہ کریں۔ فوراً اپنے منصوبے پر عمل پیرا ہو جائیں جب آپ اپنے لیے یا دوسروں کے لیے کچھ کرنا چاہتے ہیں۔ تو دیر کیوں کی جائے۔ تاخیر سے کیوں کام لیا جائیں۔ اپنے منصوبے پر فوراً عمل کرنے سے فائدہ ہو گا۔ اور آہستہ آہستہ آپ اس منصوبے سے فائدہ اٹھاتے رہیں گے۔

ہفتے کا دن آپ کی زندگی میں ایک خاص دن ہے۔

اگر آپ کے دل میں کوئی ذاتی عزم ہے۔ اور آپ کچھ کرنا چاہتے ہیں تو اس پر فوراً عمل کیجئے! لیکن یہ نہ سمجھنے کہ آپ دنیا میں سب سے زیادہ قابل شخصیت ہیں یہ سوچ آپ کے لیے نقصان کا باعث بنے گی اگر آپ اس سوچ سے کام لیں گے۔ تو ممکن ہے آپ بہت پیچھے رہ جائیں۔ اگر آپ کو فائدہ اٹھانا ہے۔ تو لوگوں کے دل کی گہرائیوں

میں اپنا اعتماد پیدا کیجئے اس کے بعد اپنے منصوبے پر عمل پیرا ہوں
فائدہ ہی فائدہ ہے۔ اور لوگ آپ کی صلاحیتوں اور تجربوں کو فوراً تسلیم کریں گے

عدد ۲ رکھنے والے حضرات کے بارے میں !

اتوار کے دن اگر آپ کوئی کوتاہی کریں گے۔ ذرا سی ہچکچاہٹ کشمکش اور پشش و پنج آپ کی کامیابی کو ناکامی میں بدل سکتا ہے۔ لہذا آپ کو پورے عزم ہمت اور حوصلے سے کام لینا ہوگا اور آپ جس منصوبے پر بھی عمل کرنا چاہیں جرأت سے کام لیں فوراً کر گزریں۔ آپ فائدے میں رہیں گے۔

سوموار کا دن آپ کے لیے کچھ الجھن پیدا کر سکتا ہے۔ مگر آپ اُس الجھن کو دور کر سکتے ہیں کسی کی بات پر دھیان نہ دیں۔ جو کچھ آپ کرنا چاہتے ہیں۔ کر گزریں۔ یہ آپ کے لیے بڑا مناسب بات ہوگی۔ کوئی آپ سے کچھ کہے آپ اُس کی بات کو خاطر میں نہ لائیں اور اپنے منصوبے کو آگے بڑھائیں۔ ہر رکاوٹ سے بے فکری سے آگے نکل جائیں آپ کامیابی حاصل کریں گے۔

منگل کا دن آپ کے لیے کافی اہم ہے۔ ایک دم کوئی فیصلہ نہ کریں۔ آپ اپنے معزز دوستوں سے مشاورت کریں۔ عزیزوں سے بات چیت کریں۔ پھر اُس کام پر عمل کریں۔ جو آپ کرنا چاہتے ہیں۔ مشورہ آپ کو کامیابی دے گا پھر بھی آپ اپنے طور پر سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں اور اپنی سوچ کے مطابق کام کریں آپ کی مثبت سوچ آپ کو کامیابی سے ہمکنار کرے گی۔

بدھ کے بعد آپ زیادہ لوگوں سے نہ ملیں تاکہ آپ کسی قسم کی بحث تمحیث میں اُلجھ کر اپنے منصوبے کو ناکام بنا دیں۔ اس روز کام کے لیے جو بھی منصوبہ آپ کے پیش نظر ہو۔ اُس میں ذرا سی بھی تبدیلی نہ کریں اسے اُسی طرح مکمل رکھ کر کام کریں کسی سے اس

منصوبے کے بارے میں بات نہ کریں ورنہ لوگ آپ کو کوئی غلط مشورہ دے کر ناکام کر دیں گے۔ آپ متحمل مزاج رہ کر اُس کام کو کریں کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

جمعرات کے دن آپ کو کوئی سوجھ بوجھ سے کام لینا ہوگا۔

جمعرات کے دن آپ خواہش کریں گے کہ زیادہ سے زیادہ دوست بنائیں۔ اور نئے نئے مناظر دیکھے جائیں۔ ایک سے بڑھ کر ایک مقامات تلاش کیے جائیں اس روز آپ تصورات کی دنیا میں رہنا پسند کریں۔ مگر آپ ایسا نہ کریں۔ خواب و خیال کی دنیا سے نکل کر آپ فوراً کام کریں اور وقت سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں۔ آپ کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔!

جمعہ کے دن آپ کے ذہن میں عجیب عجیب خیالات جنم لیں گے۔ مگر آپ اُن خیالات کو فوراً نکال دیں۔ اور سماجی فلاح کا کام کریں۔ دوسروں کے کام آئیں ان کے دکھ درد میں شامل ہوں ان کے دکھوں، غموں اور ناکامیوں کا مداوا دینے کی کوشش کریں۔ کبھی کبھار اگر اس قسم کے کام کر لیجیے تو کیا حرج ہے لوگ آپ کو اچھی نظر سے دیکھیں گے آئندہ کی کامیابیوں کے دروازے کھل جائیں گے۔ اس لیے آپ اپنے ارادوں اور عزائم کو پس پشت ڈال دیجیے اور اس گھاٹے کو سودا ہے کو لیجئے!۔ اس طرح آپ کو یقیناً زندگی کا صحیح لطف سرور محسوس ہوگا کیونکہ دوسروں کے کام آنا ہی اصل زندگی ہے۔

ہفتے کا دن آپ کے لیے ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ اگر آپ فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ تو اپنے منصوبے ہر بلا کسی تذبذب کے کام کیجئے! اور اچھے نتائج حاصل کیجئے۔ اگر آپ پورے عدم اور ہمت سے کام لے کر اپنے منصوبے کو عمل جامہ پہنائیں گے تو کامیاب ہوں گے۔ مگر اس سلسلے میں اپنے یا اعتماد دوستوں سے مشورہ کر لیں انہیں نظر انداز نہ کریں۔ مگر اپنے منصوبے پر آپ کو فوراً اسی عمل کرنا پڑے گا۔ تاخیر آپ کے منصوبے کے لیے نقصان کا باعث ہوگی۔

۴ کا عدد رکھنے والے حضرات :

اتوار کے دن آپ کو چاہیے کہ پہلی ڈگر چھوڑ کر ایک نئے راستے کی طرف رجوع کریں اور ہر صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں۔ جس منصوبے پر آپ عمل کر چکے ہیں اس کے نتیجے کا انتظار صبر سے کریں۔ اس روز آپ کے ذہن میں یہ خواہش بھی ابھرے گی کہ آپ سیر تفریح کے لیے نکل کھڑے ہوں۔ یا کسی کاروباری سفر کے لیے روانہ ہو جائیں۔

سوموار کے روز اگر آپ کو اپنے دوستوں کی یاد ستائے تو انہیں دعوت پہ بلائیں اور انہیں تحفے اور دوسری چیزیں دیں۔ اور آپ ان کی مدد کریں انہیں خلوص سے کام لے کر الجھنوں سے نکالیں۔ اور ان کی ضروریات کا خیال رکھ کر ان کے کام آئیں۔ ان کی ضرورتوں کو پورا کر لیا۔ اس سے آپ کو ایک انجانی مسرت کا احساس ہو گا جسے آپ لاکھوں روپیہ خرچ کر کے بھی حاصل نہیں کر سکتے۔

منگل کا دن آپ کے لیے خصوصی دن ہے۔ آپ چونکہ مضطرب مزاج ہیں آپ کے جذبات میں ہلچل اور اضطراب رہتا ہے۔ اس لیے ان دوستوں سے ملیں جو آپ کی اس عادت سے واقف ہوں۔ اور آپ کا اور ان کا مزاج ایک جیسا ہو۔ اُن سے نظریاتی تبادلہ کریں۔ آپ اسکی بات کو سمجھیں گے آپ کی بات کو سمجھیں گے۔ چونکہ وہ بھی زیادہ فائدہ حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں اس طرح آپ بھی اُن سے مل کر زیادہ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کے لیے ترقی کی نئی نئی راہیں نکل سکتی ہیں۔ نئے نئے راستے آپ کے لیے کامیاب منزلیں بنا سکتے ہیں۔

بدھ کا روز آپ کے لیے افسردگی اور شکستگی کا دن ہے لیکن آپ مایوس نہ ہوں اور نہ ہی شکستہ ہوں کوئی نہ کوئی ایسا شخص آپ کو ملے گا۔ جو آپ کی اس افسردہ اور شکستہ کیفیت کو ختم کرنے کا باعث بنے گا۔ عزم عزائم کو آپ دل میں لیے مایوس

وہ شخص آپ کی اس کیفیت کو دور کر دے گا اور آپ اپنے عزائم پر عمل کرنے کے قابل ہو جائیں گے اور آپ کے تمام مایوس جذبے ختم ہو جائیں گے اور آپ دلیری اور حوصلے کا مظاہرہ کر کے اپنے عزائم کی تکمیل میں مصنف ہو جائیں گے۔ وہ شخص آپ کی صلاحیتوں کا اندازہ لگا کر آپ کے ساتھ کام کرے گا اور آپ اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔ آپ کو تعاون دے کر وہ خود بھی فائدہ اٹھائے گا۔

جمعرات کے روز آپ جس منصوبے پر کام کریں۔ یہ پیش نظر رکھ بیٹھے اور اچھی طرح سوچ لیجئے کہ آپ اس کام کو کر بھی سکیں گے یا نہیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ جس راستے کو آپ نے اختیار کیا ہے وہ سودمند بھی ہے یا نہیں۔ اگر آپ کو اس راستے میں ذرا بھی دشواری دکھائی دے تو آپ اس راستے کو بالکل اختیار نہ کریں۔ ورنہ نقصان اٹھانا پڑے گا آپ بڑا فائدہ حاصل کرنے کی کوشش میں چھوٹے منافع سے بھی جاتے رہیں گے۔ اور آپ کو کچھ بھی حاصل نہ ہو گا۔

جمعہ کا دن ایک خاص دن۔

جمعے کے دن آپ جو کام کریں۔ پورے اعتماد توجہ اور خلوص سے کریں۔ کیونکہ آپ کے لیے یہ ایسا وقت ہے۔ کہ اس میں آپ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور اپنی صلاحیتوں، قابلیت اور انفرادیت کو دوسروں کے سامنے لا سکتے ہو۔ لیکن آپ کے یہ ضروری ہے کہ ماحول اچھا اپنائیں اور کام بھی وہ شروع کریں۔ جس میں آپ دلچسپی لیتے ہوں۔ اور آپ کے لیے وہ کام موزوں ترین ہو۔ اس طرح آپ کامیابی سے ہمکنار ہونگے ہفتہ آپ کے لیے کوئی فائدہ نہ پہنچا سکے گا۔ بہتر یہ ہوگا آپ اُس روز کوئی کام نہ کریں۔ کسی منصوبے پر عمل کرنے کے متعلق نہ سوچیں، کسی کام پر غور و فکر نہ کریں مکمل آرام کریں اور بے فکری کا دن گزاریں۔ انتہائی غور و فکر بھی آپ کو کوئی فائدہ نہ پا سکے گا اور آپ کے لیے کوئی اچھے نتائج برآمد نہ ہوں گے اس روز کسی امور کو بھی خاطر میں نہ لائیں اور مکمل

آرام کریں۔

۴ کا عدد رکھنے والوں کے لیے :

اتوار کے دن آپ کسی سے مت جھگڑیں الجھیں اپنے کاروبار شریک سے متفق رہیں پوری تندہی اور سکون سے کام کو سرانجام دیں۔ آنے والا ہفتہ آپ کے لیے اطمینان فائدے کا سبب بنے گا۔ اور اپنے حالات کو کافی بہتر بنالیں گے۔

سوموار کے روز آپ فضول اور بیکار قسم کی باتوں میں مت اُلجھیں۔ وقت ضائع کرنے سے انکار کریں جب آپ کا ایک دن بھی غیر اہم کاموں میں ضائع ہو جائے تو آپ ہر بار اور زیادہ ہو جائے گا۔ اور آپ اپنے آپ کو الجھا محسوس کریں گے اس لیے اپنے کام کو پوری طرح ہم آہنگی محنت اور لگن سے کریں آپ کو فائدہ پہنچے گا اور آپ کی طبیعت پرسکون رہے گی اور آپ کی اس میں بہتری ہوگی آپ کو قلبی اطمینان محسوس ہوگا۔

منگل کے دن آپ جو کام بھی کریں گے اُس کام کے عمل کا شاندار نتیجہ نکلے گا آپ کامیاب ہوں گے اپنے کام کو پوری توجہ اور لگن سے کریں کسی دوسری طرف دھیان نہ دیں آپ کی خصوصی توجہ اس کام میں چار چاند لگا دے گی۔ آپ اتنی محنت سے کام کریں کہ آپ کے خیالات کی رو آپ کو اپنے کام سے دور نہ لے جا سکے۔

بدھ کا روز آپ کے لیے کیسا ہے۔

بدھ کے روز آپ اپنے منصوبوں پر محنت اور لگن سے کریں۔ اس روز کسی بھی کام کو نہ ٹالیں اور نہ اُس کام سے گریز کریں چٹان کی طرح مضبوط بن جائیں۔ آپ فائدہ اٹھائیں گے آپ کے عزم اور ارادے کے سامنے پہاڑ بھی موم بن سکتا ہے۔ مضبوط ارادے سے کیا گیا کام آپ کے مفادات میں ہوگا۔

جمعرات کا دن آپ کے لیے خوشی کا باعث بنے گا۔ جس فیلڈ میں آپ کام کر رہے

ہیں اس شعبے میں نئے نئے راستے بنا سکتے ہیں ۔ جو آپ کے لیے مفادات اور قدر و منزلت کا باعث بنائیں گے ماحول کی اس تبدیلی سے آپ کے دل میں نئی امنگیں نئے ولولے، نیا جوش اور کام کرنے کی لگن فزوں تر ہوگی۔ جو آپ کے مفاد میں ہوگی۔

جمعہ کا دن آپ کی زندگی میں فکر، مایوس کن سوچ اور غم بھی لا سکتا ہے۔ مگر آپ کسی قسم کی مایوسی فکر اور منفی سوچ کو دل میں جگہ نہ دیں۔ اور آپ ہر طرف سے توجہ ہٹا کر اپنے مستقبل تابناک ہو۔

ہفتہ کا دن آپ کی زندگی میں ایک نیا موڑ لا سکتا ہے۔ اگر آپ کے ذہن میں کوئی شاندار منصوبہ جنم لے چکا ہو۔ تو اس پر فوراً عمل پیرا ہوں اور اسے خوش اسلوبی اور مہارت کے ساتھ آگے بڑھائیں اور کسی کو اس کی بھنک بھی نہ پڑنے دیں۔ ورنہ دوسرے لوگ آپ کے منصوبے سے فائدہ اٹھائیں جائیں گے فوراً عمل آپ کے لیے سود مند ہوگا۔

عدد ۵ رکھنے والے حضرات کے لیے:

اتوار کے دن آپ سیر و تفریح کے لیے نکل جائیں۔ اور اپنے ذہن کو پرسکون رکھیں کسی قسم کی پریشانی اور مایوسی کو دل پر اثر انداز نہ ہونے دیا۔ زندگی کے ہنگاموں میں کھو جائیں۔ اپنے آپ کو تفریحات میں اتنا مشغول کر لیں۔ کہ آپ کی طاقت کمزور نہ ہو۔ اور آپ بجھے بجھے سے یا غمزدہ نہ رہیں۔ اس کے برعکس خوب ہنسیں اور قہقہے لگائیں۔ یہ آپ کے لیے بہتر صورت ہوگی۔

سوموار کے دن آپ کو بہت زیادہ کاوش جدوجہد اور محنت سے کام کرنا ہوگا۔ زیادہ محنت اور مشقت سے ہی آپ کامیاب ہو سکتے ہیں آپ کو اپنے آپ پر بھروسہ کرنا ہوگا۔ اور جو فیصلہ آپ کریں اُسے کسی طرح تو نہ کریں۔ اپنے معاملات اور فیصلوں میں کسی کو ذیل نہ رہنے دیں۔ اس طرح کامیابی آپ کے ساتھ ہوگی۔ اور جو بھی نیا کام آپ

کریں گے کامیابی سے آگے بڑھتا چلا جائے گا۔ آپ کی راہ میں کوئی رکاوٹ نہ رہے گی۔
منگل کے روز اگر آپ کوئی نیا تجربہ کریں گے۔ تو آپ اس تجربے میں کامیابی حاصل کریں گے۔ اگر آپ کا کام ادھورا ہے تو اُسے کسی اور وقت پر نہ ٹالیے کیونکہ وہ کام اُسی دن کرنے سے آپ کو فائدہ ہوگا۔ اور وہ موقع آپ کے لیے بہترین موقع ہوگا اس سے بہتر موقع پر آپ کو کبھی حاصل نہ ہوگا۔

بدھ آپ کے لیے ایک ایسا دن ہے جس سے آپ بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں اپنے اُلجھے ہوئے مسئلوں کو سلجھا سکتے ہیں جن دوستوں کو آپ کبھی خاطر میں نہیں لائے اُن سے آپ اچھا سلوک کر کے اُن کی محبت خرید سکتے ہیں آپ نے اپنے محسنوں سے جو بے رخی برتی ہے اس روز آپ ان سے محبت سے پیش کر اُس بے رخی کی تلافی کر سکتے ہیں ان کے احسان کا بدلہ احسان سے کر اپنا بوجھ ہلکا کر سکتے ہیں۔

جمعرات کے دن آپ کوئی اس طرح کا کام نہ کریں جس سے آپ کو پشیمانی ہو۔ اور خفیقت اٹھانی پڑے اور آپ یہ سوچنے پر مجبور ہوں کہ اگر میں اس کام کو نہ کرتا تو بہتر ہوتا ہے اس روز آپ کو کوئی کام نہ کرنا چاہیئے بلکہ آرام کرنا چاہیئے۔ اگر آپ کوئی کام کریں گے تو آپ کو نقصان اٹھانا پڑے گا۔ اور آپ پچھتائیں گے پھر پچھتانے سے کیا فائدہ ما

جمعہ کے دن آپ کو چاہیئے کہ دوستوں اور عزیز و اقارب کے لیے وقت نکالیں اُن سے ملیں اور محبت سے پیش آئیں آپ اتنے خود غرض بنے ہوئے ہیں کہ آپ اُس ہستی کو بھی فراموش کر بیٹھے ہیں جو آپ کو دل و جان سے زیادہ عزیز ہے دولت کی چمک دمک عزت وقار اور افزار نے آپ کو خود غرض بنا دیا ہے۔ آپ اُس عارضی چمک دمک سے نظریں اٹھا کر اپنے گرد و پیش میں بھی دیکھیں پھر آپ کو محبت اور خلوص ہی خلوص بکھر نظر آئے گا۔ آپ کو چاہیئے کہ پیار و محبت کے لیے ہی وقت نکالیں موجودہ مفادات کی چمک ہی کو فوقیت نہ دیں۔ دوسروں کی طرف بھی محبت سے دیکھیں۔

ہفتہ کے روز آپ بے فکر ہو کر پوری توجہ سے کام کریں اور اپنے منصوبے کی تکمیل کے لیے پوری طاقت، محنت اور لگن سے کام کریں۔ آپ جب کامیاب ہوں گے اگر آپ کسی کے شریک کار ہیں تو آپ کو معقول حصہ ملے گا۔ یہ آپ کی محنت، مشقت اور جدوجہد کا بہترین حصہ ہوگا اور آپ ایک قسم کی فرحت محسوس کریں گے۔ غور و فکر اور سوچ بوجھ سے کام لیں۔ کیونکہ منصوبہ بندی کی جائے فائدہ مند ہوتی ہے۔

عدد ۷ رکھنے والے

اتوار کا دن آپ کے لیے ایسا دن ہے جس میں آپ دوستوں اور عزیز و اقارب کے دل میں جگہ بنا سکتے ہیں۔ اور ان کا اعتماد جیت سکتے ہیں۔ ان کے پیار و محبت کو اپنا سکتے ہیں۔ ان کے دلوں میں آپ کی عزت ہو سکتی ہے۔ وہ آپ کا احترام دوسروں سے زیادہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کا میلان رجائیت پسندی کی طرف ہے تو کوئی حرج نہیں۔ لیکن اگر آپ جب عمل زندگی میں ہوں تو رجعت پسندی کو اپنائیں۔ اس طرح آپ کامیابیوں کے امین بن سکتے ہیں۔

سوموار کے روز اگر آپ اپنے پرانے دوستوں سے ملاقات کریں جن کو آپ قریب قریب بھول چکے ہوں تو یہ عمل آپ کی معلومات میں حیران کن حد تک اضافہ کرے گا۔ اگر آپ کا ان سے بعد ازاں بھی رابطہ ہے۔ تو آپ اس رابطے کے ذریعے باکمال شخصیت بن سکتے ہیں

منگل کا دن آپ اپنے دوستوں اور عزیز و اقارب سے محتاط ہو کر گزاریں۔ دوستوں کی ملاقات اور سوشل کاموں کو اپنے مفاد پر اثر انداز نہ ہونے دیں۔ اُن سے آپ کو گرمجوشی خوش اخلاقی کا مظاہرہ ضرور کریں۔ مگر انہیں اپنے مفادات پر حاوی نہ ہونے دیں۔ اس طرح آپ فائدے میں رہیں گے اور نقصانات سے محفوظ ہو جائیں گے آپ کے پاس جو خیالات اور تجویزیں ہیں انہیں اپنے تک ہی رکھیں کسی کو ان میں راز دار نہ بنائیں۔

بدھ کے دن کی اہمیت کا احساس آپ سوچ سمجھ کر کریں جب آپ کوئی کام کرنا چاہیں تو کسی اچھائی اور برائی کو اچھی طرح پرکھ لیں۔ پھر اُس کام میں [illegible] اور کسی عزیز ترین دوست کو بھی اپنے منصوبے میں دخل نہ دینے دیں۔ اور ایسے منصوبوں اور کام کو [illegible] سے بچیں جن کو پایۂ تکمیل تک پہنچانا آپ کے بس میں نہ ہو۔ سوچ اور مثبت انداز سے کام لے کر اُس کام میں اتنا ڈالیں اور نتیجہ قسمت پر چھوڑ دیں اچھا ہی نتیجہ ہوگا۔

جمعرات کا دن آپ کے لیے بے حد خطرناک بھی ثابت ہو سکتا ہے۔ اس روز آپ اپنے عیار فریبی اور دغاباز دوستوں کی محفل سے دور رہیں وہ تمہارے مفادات کو زبردست نقصان پہنچا کر خود فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اور آپ کو استعمال میں لا کر خود منفعت حاصل کر سکتے ہیں آپ کے مفاد اور مقصد کو ناکام بنانا چاہتے ہیں خواہ انہیں جائز یا ناجائز کوئی بھی ورنہ استعمال کرنا پڑے۔

جمعہ کا دن آپ کے لیے بے حد اہم ہے۔ آپ جس راستے پر چل رہے ہیں اُس پر مستقل مزاجی سے چلتے رہیں۔ دوست احباب آپ سے جس قدر مفادات حاصل کر رہے ہیں وہ اس سے کہیں زیادہ فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں گے۔ مگر آپ اپنے حسن تدبیر سے کام لے کر اُن کے ساتھ محتاط رویہ اختیار رکھیں آپ اپنے دوستوں اور شریک کار احباب کے روز بروز بڑھتے ہوئے تقاضوں کو اپنی مرضی کے مطابق پورے کرتے جائیں۔ اور ذہانت سے کام لیں تو وہ آپ سے شکایت نہ کریں گے۔ اور آپ کی کامیابیاں آگے ہی آگے بڑھتی چلی جائیں گی۔

ہفتے کا دن آپ کی زندگی میں بہت اہمیت رکھتا ہے۔

ایسے لوگوں سے آپ رابطہ رکھیں اور میل جول بڑھائیں جو نہایت ذہین اور فحشی ہوں۔ اور ان کے پاس نئے خیالات ہوں نئی نئی راہیں ہوں اور وہ زندگی کا صحیح لطف اور خطا اٹھانا چاہتے ہوں۔ ایسے افراد کی دوستی اور موجودگی آپ کو خطرے کی سزا

کاری سے محفوظ رکھے گی۔ اگر آپ کو ایسے دوست اور احباب نہ ملیں تو سرمایہ کاری مت کریں اور اپنے آپ میں مگن رہ کر کسی سنہری موقعے کا انتظار کریں۔

عدد ۷ رکھنے والوں کے بارے میں:

اتوار کے دن آپ اپنے سٹڈی روم میں چلے جائیں۔ اور آپ بہترین کتابوں کے مطالعے میں ڈوب جائیں مطالعہ آپ کے ذہن کو چمکائے گا۔ آپ کو چاہیے کہ مسلسل مطالعے کا پروگرام بنائیں۔ اور اُس پر سختی سے کاربند رہیں۔ اس طرح آپ جو بھی راستہ اختیار کریں گے یا جو بھی اقدام اٹھائیں گے وہ آپ کو مستقبل کی تابناک منزلوں کی طرف لے جائے گا اور آپ چمکتی ہوئی نئی نئی منزلیں دیکھیں گے۔ مطالعہ آپ کی زندگی پر مثبت اور گہرے اثرات ڈالے گا۔ جس سے آپ کے مفادات میں اضافہ ہوگا۔

سوموار کا دن آپ کے لیے مایوسی کا پیغام ہے۔ مگر آپ ذرا بھی مایوس اور دل برداشت نہ ہوں۔ وقتی دھچکے، پریشانیاں اور غم محض وقتی ہوں گے۔ اگر صبر و استقامت سے آپ ان مراحل سے گزر جائیں تو روشن مستقبل آپ کے سامنے ہوگا۔ اور فائدے میں رہیں گے۔ آپ کو اپنے بنائے ہوئے راستوں پر چل کر ہی فائدہ ہوگا۔ آپ کو کوئی سہارا نہ دے گا۔

منگل کے دن کو آپ اچھے طریقے پر گزاریں۔ لوگوں سے خندہ پیشانی اور نہایت مؤدبانہ انداز میں ملیں۔ ان کے دکھ درد میں شریک ہوں۔ اُن سے محبت اور اچھا سلوک کریں آپ جو بھی فیصلہ کریں اُسے متوازن رکھیں اور اس پر ثابت قدمی سے عمل کریں اپنے آپ کو ہر لمحے خوش رکھیں۔ آپ کے لیے آرام بھی ضروری ہے۔ ہر وقت بھی مصروف نہ رہیں۔

بدھ کے دن کی آپ کے لیے ایک خاص اہمیت ہے۔

آپ اپنے تجربات اور مشاہرات جن کو آپ اچھی طرح پرکھ چکے ہیں۔ اور جائیں وہ سیے چکے ہیں۔ اُن پر بھروسہ کریں اور ان کی روشنی میں اپنے منصوبے پرعمل پیرا ہوں۔ ویسے آپ کو چاہیے کہ جدید خیالات اور حالات کو اپنے جدید منصوبوں میں شامل کریں تاکہ آپ کے مشاہرات اور تجربات میں اضافہ ہو۔

جمعرات کی اہمیت آپ کے لیے۔

جمعرات کے دن آپ اپنے ماضی کی طرف بالکل دھیان نہ دیں۔ اُسے بھلا دیں اور آنے والے وقت کے متعلق ڈٹ کر سوچیں آپ خواہ کتنی الجھنوں اور مصیبتوں میں کیوں نہ پھنسے ہوئے ہوں۔ کتنے ہی کٹھن اور اُلجھے ہوئے مسئلے آپ کو درپیش ہوں۔ آپ پوری کاوش جدوجہد اور محنت سے کام لیں سب کچھ ٹھیک ہو سکتا ہے اس طرح آپ کو نتائج ہر گہری نظریں رکھنا ہوں گی۔ ہر آپ ہر طرح کی الجھنوں سے باہر نکل سکتے ہیں

جمعہ کے دن آپ کو چاہیے کہ ایسے لوگوں کی محفل میں شریک نہ ہوں جو مکار و غاز فریبی اور عیار ہوں۔ اُن سے دور رہیں۔ اگر آپ ان کی بزم میں گئے یا ان سے رابطہ رکھا تو وہ لوگ آپ کو زبردست مالی نقصان پہنچا سکتے ہیں سمجھ لیجئے کہ آپ کو کھا جائیں گے آپ کو چاہیے کہ ایسے لوگوں سے محتاط رویہ اختیار رکھیں۔ اور انہیں آپ یہ بھی نہ ظاہر ہونے دیں کہ آپ ان کے دشمن ہیں انہیں کسی قسم کے شبہے میں نہ ڈالیں۔ یہ آپ کی دانش مندی اور حکمت عملی ہے۔ جو بھی شخص آپ کو سبز باغ دکھائے بانسے سنے چمکتے ہوئے راستوں کا تصور دے نہ سکے چکر میں نہ آئیں یہ آپ کے مفادات میں ہوگا۔

ہفتے کے روز آپ اپنے ذہن کو پرسکون رکھیں اور اس دن آپ جو بھی منصوبہ بنائیں گے کامیاب ہوگا۔ اور جو پہلے سے بنائے گئے منصوبے ہیں اور جن پر کام ہو رہا ہے وہ بار آور ہوں گے آپ اپنی رفتار کو تیز رکھیں کیونکہ دورِ جدید بھی آپ سے یہی چاہتا ہے آپ ایسے دوستوں سے ملیں جن کے ساتھ آپ کی ذہنی مطابقت ہو۔ کاروبار

دوستی اور رومانس کو اپنی زندگی میں شامل رکھیں۔

جن کا عدد ۸ ہے، انہیں کس طرح زندگی کے تقاضوں کو پورا کرنا ہے

اتوار کا دن آپ کے لیے ایک اہم دن ہے۔ آپ جس منصوبے یا بزنس پر کام کر رہے ہیں یہ آپ کے لیے منفعت بخش ہوگا۔ اور آپ کافی مال کمائیں گے۔ مگر کسی عزیز ترین دوست کو بھی اپنے اس کاروبار میں شریک نہ کریں اور نہ اُسے رازدار بنائیں۔ اگر آپ نے ایسا کیا تو بے پناہ نقصان ہو سکتا ہے۔ آپ کو خود ہی اس کاروبار کو کرنا ہوگا۔

سوموار کے دن کی اہمیت!

آپ کو کئی لوگ نقصان پہنچا چکے ہیں آپ انہیں بھول کر اپنے نئی منصوبوں اور نئے کاروبار کا آغاز کریں۔ اور دلجمی سے مصروف کار ہو جائیں کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ زیادہ امیدیں نہ بنائیں۔ ورنہ اتنا ہی نقصان ہوگا آپ نے جو راستہ اختیار کیا ہے۔ اُس پر سوچ سمجھ کر قدم اٹھائے جائیں۔ کامیاب ہوں گے۔ زیادہ بڑے منصوبے بنانا آپ کے بس کا روگ نہیں ہے اس طرح آپ نقصان اٹھا سکتے ہیں۔

منگل کا دن کیسا ہے۔

آپ کے لیے منگل کا دن اچھے تاثرات نہیں چھوڑتا جو بھی آپ امید باندھیں کتنا بھی عمل کریں آپ کامیاب نہ ہوں گے۔ جو بھی رکاوٹ یا خراب حالت آپ کے سامنے رہے اس سے نہ گھبرائیں دوسرے لوگوں کے ساتھ بھی ایسا ہو سکتا ہے۔ شکست کو فتح میں اور ناامیدی کو امید میں آپ حوصلے، محنت سچی لگن اور جدوجہد سے بدل سکتے ہیں گھبرانے سے کچھ نہ ہوگا بس مسکراتے جائیے۔ ایک روز سب رکاوٹیں دور ہو جائیں گے۔

بدھ کے دن آپ اپنے تجربات سے کام لے کر کام کریں گے تو کامیابی ہو گی کیونکہ عمل دنیا میں آپ کا مقابلہ سخت ہے دوسرے لوگ آپ کو ناکام کرنے کی کوشش کریں گے

مگر آپ کے تجربات اور مشاہدات آپ کو کامیاب رکھیں گے۔ سخت محنت، مشقت اور جدوجہد سے آپ اپنے لیے منافع پیدا کریں گے تھکنے یا دل برداشتہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

جمعرات کی اہمیت!

جمعرات کے دن آپ جو کچھ کریں گے۔ اس میں قسمت کو زیادہ دخل ہوگا۔ آپ کی قسمت چونکہ اچھی ہے۔ اور آپ کے پاس جتنا مال ہے۔ وہ آپ کو منافع دے گا۔ آپ جو کاروبار کریں گے وہ آپ کی محنت یا تدبیر کی بجائے قسمت سے رہے گا۔ اور قسمت کی دیوی آپ پر مہربان ہوتی چلی جائے گی کسی قسم کے فکر کو دل میں جگہ دینے کی ضرورت نہیں رہے۔ فائدہ ہی فائدہ ہے۔

جمعہ کے دن آپ کو چاہیے کہ رہنے کاروباری حالات پر نظر ثانی کریں کہیں آپ اپنے دوستوں اور کاروبار پے فضول رقم تو ضائع نہیں کر رہے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو مفاد بجو یہی اور اپنے اخراجات پر قابو پایا ہیں۔ ایں تو آپ نقصانات اٹھاتے چلے جائیں گے۔ مفقود اور غیراہم دوست اور کاروبار آپ کو تباہ و برباد کر کے رکھ دے گا۔

ہفتے کے دن کی اہمیت کیا ہے۔

آپ ہفتے کے دن کسی پر بھروسہ نہ کریں۔ چونکہ آپ کی عادت ہے دوسروں پر زیادہ ہی بھروسہ کرنا۔ اس عادت کو ترک کر دیں۔ ہفتے کے روز آپ کسی قسم کی سرمایہ کاری نہ کریں اور نہ کسی نئے معاہدے یا کسی قسم کی نئی دستاویزات پر دستخط کریں یہ عمل آپ کے لیے نقصان کا باعث ہوگا۔ آپ میں لوگوں کو اچھی طرح جانچنے اور پرکھنے کی صلاحیت موجود ہے اور آپ اس سے کام بھی لیتے ہیں۔ مگر آپ ضرورت سے زیادہ کسی پر اعتماد کرنے والی عادت سے مار کھا جاتے ہیں۔

عدد ۹ رکھنے والوں کو کس طرح دن گزارنے چاہئیں :

اتوار کے روز آپ اپنی شخصیت کو پرکھیے اُسے جانچیے اور اندازہ لگائیے کہ آپ کے اندر کیسی صلاحیتیں اور کس طرح کی خامیاں موجود ہیں۔ آپ ان پر اچھی طرح غور و فکر کیجئے اس طرح آپ اپنی زندگی کا محاسبہ کریں گے۔ جو آپ کے لیے سود مند ہوگا اپنے آپ کو سچا کہنا آپ کے لیے نہایت سود مند عمل ہے۔ اس وقت آپ شہرت اور مقبولیت کا بام عروج بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

سوموار کے دن آپ کو اپنی محدود ذات کے دائرے سے باہر نکل آنا چاہیے آپ کے اندر چونکہ فنکارانہ صلاحیتیں موجود ہیں۔ اور کچھ کر گزرنے کا جذبہ بھی موجود ہے تو آپ اپنے فن کو شہرت کی بلندیوں پر پہنچانے کے لیے عمل پیرا ہو جائیں۔ وقت درست ہے اور حالات بھی سازگار اور موافق ہیں۔ اپنے فن سے کا بیڑا اٹھا کر آگے ہی آگے قدم بڑھائیے تاکہ ہمارے فن کار یا دوسرے بھی مان لیں۔ مسلسل مشاہدات، اور دوسروں کے تجربات سے آپ کو پورا پورا فائدہ اٹھانا چاہیے! تب ہی آپ خوشیاں اور مسرتیں محسوس کریں گے اور خوشگوار ماحول آپ کے اردگرد رہے گا۔

منگل کے دن کی اہمیت!

آپ کو اپنے اندر اتنی جرأت اہمت اور حوصلہ پیدا کر لینا چاہیے کہ آپ کلمۂ حق کہہ سکیں یعنی دوسروں کی ناجائز بات کو تسلیم نہ کریں۔ اور اڑ جائیں انہیں صحیح نا ثمہ دینے کی کوشش کریں تاکہ وہ اپنی غلطی کو تسلیم کر لیں۔ شہرت حاصل کرنے کے لیے آپ کو بلا مقصد ہمدردی نہ کرنی چاہیے بلکہ کچھ کر کے دکھانا چاہیے! اگر آپ نے صرف ہمدردی ہی کی اور رہے بچاؤ میں کچھ نہ بیا تو لوگ آپ کو احمق جان کر آپ سے غیر ضروری مفادات حاصل کرنے کی کوشش کریں گے اور آپ سے دقت بے وقت کام بیتے رہیں گے۔ اور آپ ان کے سامنے بے وقوف

بن کر اپنی دولت ضائع کرتے رہیں گے۔ اور شہرت بھی نہ ملے گی بلکہ نقصان ہی نقصان ہو گا۔ اور لوگ آپ کی ہر طرح قدر کریں گے جو آپ سے دوستی کے سچے جذبے رکھتے ہیں اور وہ آپ کے ہمدرد بھی ہوں گے۔ اور آپ کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھ کر مدد کریں گے۔

بدھ کا دن آپ کے لیے ایک عجیب و غریب رہا ہے۔

پرچھائیوں کے پیچھے مت بھاگئے۔ سایوں کے تعاقب سے کچھ حاصل نہیں ہوتا آپ کو ٹھوس اقدام اور زبردست عمل سے زندگی گزارنا ہو گی۔ آپ جس منصوبے یا کاروبار پر عمل کرنا چاہیں۔ اس میں دانش مندی سے کام لیں اور مضبوط ضمانت کے بغیر کوئی کام نہ کریں اور نہ کسی کو شریک کاروبار کریں۔ کوئی ایسی پیشکش قبول نہ کریں جو آپ کو درست ضمانت نہ دے سکے۔ سفر آپ کے لیے مفید ہے۔

جمعرات کے دن آپ کو کیا کرنا چاہیے۔

جمعرات کے دن ایسے لوگوں کی ذات پر تبصرہ نہ کریں جو وقت کے حاکم ہوں صاحب اقتدار ہوں۔ یا با اختیار ہوں۔ ان پر تنقید آپ کے لیے نقصان کا باعث بن سکتی ہے ان کی ذات پر طنز و مزاح نہ کریں۔ ان سے اچھے روابط آپ کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔ اگر وہ کوئی آپ کے سامنے منصوبہ پیش کریں تو اس پر فوراً عمل کریں۔ کیونکہ ان کا منصوبہ تمہارے منصوبے سے بہتر ہو سکتا ہے ان کے ساتھ ساتھ چلیں۔ وہ آپ کو قدر و منزلت کی نظروں سے دیکھیں گے اور آپ کا اقرار کریں گے۔

جمعہ کا دن آپ سے کیا چاہتا ہے۔

جمعہ کے دن آپ اپنے سارے غم بھول جائیں۔ اپنے عزیز و اقارب، احباب اور عزیز دوستوں سے ملیں ان کے ساتھ محبت اور مسکراہٹوں سے بات کریں ان کی خوشیوں کا خیال رکھیں اور آپ سے بے حد متاثر ہوں گے۔ اگر آپ کے سامنے کوئی بڑا مسئلہ پیش

ہے اور آپ اُس کی وجہ سے اُلجھن میں گرفتار ہیں۔ تو وہ لوگ آپ کو اس اُلجھن سے نکال دیں گے اور آپ کا مسئلہ حل ہو جائے۔ پیار اور محبت بڑی طاقت ہے۔

ہفتے کے دن آپ کیا کریں۔

ہفتے کا دن آپ کے لیے ایسا دن ہے کہ آپ کو اچھے اور دیانت دار کاروبار حضرات مل جائیں۔ بعد وہ آپ سے مل کر کام کرنا چاہیں تو ضرور کریں۔ آپ کو بڑا فائدہ ہوگا۔ اور وہ آپ کو شہرت دیں گے۔ اور کاروبار میں شہرت آپ کو کامران اور کامیاب منازل سے ہمکنار کر دے گی۔ اور آپ عجیب سی مسرت محسوس کریں گے۔

باب نمبر ۲

مختلف بروج میں ستاروں کی خصوصیت کے بارے میں

ہمارا محترع علم الاعداد ہے۔ اب ہم یہاں پہ دکھلانے کی کوشش کرتے ہیں کہ انسانوں میں سیارگان کے زیر اثر کیا کیا صلاحیتیں مخفی ہوتی ہیں اور ان کا اظہار کس طرح ہوتا ہے۔

(MARS AND ARIES)

(۱) مریخ اور حمل مل کر کیا تاثرات پیدا کرتے ہیں:

فیاضی حکمرانی کا جذبہ خودغرضی اور انانیت کے جذبات ان لوگوں میں نمایاں ہوتے ہیں ازدواجی مشکلات میں کبھی کبھار گھر جاتے ہیں۔ غیروں سے زیادہ محبت کرتے ہیں اپنوں سے دور رہنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان میں ترقی کی آرزو حکومت کرنے کا جذبہ اعلیٰ حکام سے روابط، دماغی طاقت قوت ارادی اور یہ لوگ ایسا اقتدار چاہتے ہیں جو دیرپا نہ ہو۔ بس انہیں کسی نہ کسی طرح حکومت مل جائے۔ خود نمائشی کو بہت زیادہ پسند کرتے ہیں۔

(VENU AND TAURIS)

۲۔ زہرہ اور ثور انسانوں پر کیا اثرات مرتب کرتے ہیں :

یہ لوگ علم ہندسہ سے رغبت رکھتے ہیں۔ صلح جوئی ان کی فطرت میں ہوتی ہے۔ ناموری چاہتے ہیں۔ مذہب پرستی کو پسند کرتے ہیں۔ متضاد خیالات رکھتے ہیں خوبصورتی حسن پرستی کو پسند کرنے کے جذبے ان میں بدرجہ اتم موجود ہوتے ہیں۔ اور یہ لوگ سلامت روی چاہتے ہیں اپنے عزیز و اقارب سے محبت کرتے ہیں۔ اور ان سے سوال میں انہیں رکھنے پر کسی سے اخلاق سے پیش کرتے ہیں۔ ان میں لڑنے جھگڑنے کے جذبے انہیں ہوتے۔ ان میں حکومت کے جذبے ہوتے ہیں۔

(MURCURY And GEMINI)

۳۔ عطارد اور جوزا سے تعلق رکھنے والے کیا کرتے ہیں :

یہ لوگ عزت وقار چاہتے ہیں۔ ان کے دل میں خواہش ہوتی ہے۔ کہ ہر کوئی انہیں تحسین توقیر اور احترام کی نظر سے دیکھے۔ وہ عقلمند اور ذہین ہوتے ہیں۔ مذہب سے متعلق جوشیلے جذبات رکھتے ہیں۔ شرم و لحاظ کی پاسداری کرتے ہیں۔ انہیں علم موسیقی کا شوق ہوتا ہے اور ان میں روپیہ جمع کرنے کی شدید لگن اور خواہش ہوتی ہے۔ ایسے وہ اپنا ایک خاص شوق بھی سمجھتے ہیں افزائش نسل کو پسند کرتے ہیں۔ انہیں ازدواجی مسرتیں حاصل ہوتی ہیں

(CANCER And MOON)

۴۔ سرطان اور قمر سے تعلق رکھنے والے لوگ :

مذہب پرستی ان میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوتی ہے دور دراز ممالک اور علاقوں

کی سیاحت کی بے حد پسند کرتے ہیں۔ زمینداری اور کاشت کاری سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اور اس شعبے میں بڑی نمایاں کارکردگی دکھاتے ہیں۔ محنت اور لگن سے کام کرتے ہیں افزائش نسل ان کے نزدیک ایک پسندیدہ مشغلہ ہے۔ سلامت روی کے جذبوں کو دل میں رکھتے ہیں اور صلاح اور آشتی سے رہنا پسند کرتے ہیں۔

(SUN And LEO)

۵۔ شمس اور اسد سے جن افراد کا رشتہ ہے :

ان میں فنون لطیفہ کا شوق بہت زیادہ ہوتا ہے۔ ان کی قوت ارادی کافی کمزور ہوتی ہے۔ مختلف قسم کے خیالات کے تحت رہتے ہیں۔ حسن پرستی کو پسند کرتے ہیں بلکہ یوں کہہ لیجئے حسن پرست ہوتے ہیں۔ کیونکہ ان میں محنت سے کام کرنے کا جذبہ نہیں ہوتا ہے۔ اس لیے انہیں مالی فائدہ کم ہوتا ہے۔ کوئی بھی کام جب شروع کرتے ہیں۔ تو اس میں حیلے بہانے تلاش کرتے ہیں۔ اور اسے صحیح طور پر سرانجام دینے سے کتراتے ہیں اسی لیے وہ مالی اور جسمانی دشواریوں اور پریشانیوں کا شکار ہوتے ہیں کئی مرتبہ وہ جرم سرزد کر بیٹھتے ہیں۔ اسی لیے وہ مقدمات میں پھنسے ہوتے ہیں اور عدالتوں کے چکر کاٹتے رہتے ہیں۔

(ViRGO And MERCURY)

۶۔ سنبلہ اور عطارد سے متعلقہ افراد :

فنون لطیفہ کا شوق ان کی فطرت میں نمایاں ہوتا ہے۔ حکام سے تعلقات بڑھاتے ہیں زندگی گزارنے کے لیے تدبیر سے کام لیتے ہیں۔ مادی ترقی کے لیے انتھک محنت کرتے ہیں۔ اور کامیاب رہتے ہیں۔ روحانیات سے بھی ان افراد کی بے حد شغف ہوتا ہے اسی چیز میں بھی خوبصورتی اور حسن اُسے پسند کرتا ہیں دانش منداور سعادت

مند ہوتے ہیں۔ لوگوں کے کام آتے ہیں۔ ہر شعبے میں اپنا کام حسن سلوکی سے سرانجام دیتے ہیں ان کے دوست احباب ان لوگوں کو عزیز از جان جانتے ہیں۔

(LIBRA And VENUS)

۷۔ میزان اور زہرہ سے منسلک لوگ :

عیش اور آرام سے زندگی بسر کرنا پسند کرتے ہیں۔ اعلیٰ طبقے میں اثر و رسوخ بڑھانے کی کوشش کرتے ہیں اور کامیاب رہتے ہیں۔ زناکاری کو عیب نہیں سمجھتے۔ اور زیادہ سے زیادہ شادیاں کرنا پسند کرتے ہیں۔ افزائش نسل ان کے نزدیک پسندیدہ مشغلہ ہے خاندانی وقار عزت اور توقیر کا بے حد خیال کرتے ہیں۔ اور اس کے لیے قربان ہونے کا جذبہ دل میں رکھتے ہیں۔ عزت اور شہرت کے بام پہنچنا چاہتے ہیں۔ اور اس کے لیے جدوجہد کرتے ہیں۔

(SCORPIO AND MARS)

۸۔ عقرب اور مریخ کے تعلقات سے متعلق افراد کیسے ہوتے ہیں

اکثر اوقات ان افراد کو اپنی قائم کی ہوئی امیدوں میں ناکام ہونا پڑتا ہے۔ ان میں غصہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ یہ لوگ دولت کی فراوانی چاہتے ہیں۔ عزم و استقلال اور قوت ارادہ ان کی فطرت میں موجود ہے۔ عزیز و اقارب اور احباب سے محبت رکھتے ہیں اور ان کے دل میں ان کے لیے خلوص ہوتا ہے ہمدردی اور اخلاق سے پیش آنا پسند کرتے ہیں۔ قوت استدلال ان میں بہت زیادہ ہوتا ہے۔ دلائل دے کر اپنی بات منوانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ خرچیلے بہت ہوتے ہیں۔ اور آخری عمر میں مالی مشکلات میں مبتلا رہتے ہیں اور انہیں اپنی محرومی کا بھی بے حد احساس ہوتا ہے۔ کیونکہ اس عمر میں ان سے کوئی ملنے نہیں آتا

یہ بات اُنہیں پریشان رکھتی ہے۔

(SAGITTARIUS And JUPITER)

۹۔ قوس اور مشتری سے منعلقہ افراد :

انصاف پسندی اور مسلح جوئی کے جذبات دل میں رکھتے ہیں۔ محبت نواز ہوتے ہیں ملنساری کو پسند کرتے ہیں۔ اور اس پر عمل کرتے ہیں۔ عزیز و اقارب کی طرف سے نظریں نہیں پھیرتے ان کا خیال رکھتے ہیں۔ ان میں بلند خیالی کے جذبے کار فرما ہوتے ہیں۔ احباب سے بے حد محبت کرتے ہیں۔ ازدواجی تعیش کو پسند کرتے ہیں۔ اور خوب خرچ کرتے ہیں۔ ان کی بیویاں خوش رہتی ہیں۔ دشمنوں پر غلبہ پانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ مسلسل سیاحت ان کا پسندیدہ شغلہ ہے۔ حکام سے تعلقات قائم کرنے میں کامیاب رہتے ہیں اور اثر و رسوخ بڑھاتے ہیں ان کی مایوس دیر پا نہیں ہوتی۔ وہ اپنے حسن تدبر سے مایوس کو کامیابی میں بدل لیتے ہیں۔ اکثر کامیابی و کامرانی ان کے قدم چومتی ہے۔

(CAPRICORW AND SATURN)

۱۰۔ جدی اور زحل کے ملاپ سے منعلقہ لوگ :

یہ افراد افزائش نسل کو پسند تو کرتے ہیں۔ مگر اولاد کی کثرت اُنہیں پریشاں رکھتی ہے اور یہ گھبر لئے گھبرائے سے بنتے ہیں۔ ان کی صحت بھی خراب رہتی ہے۔ مختلف بیماریاں انہیں گھیرے رکھتی ہیں حرص و طمع اور لالچ ان میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوتی ہے۔ یہ لوگ تنگ نظر اور بدفطرت نہیں ہیں۔ ان میں ذہانت ہوتی ہے۔ ترقی کرنے والوں سے خائف رہتے ہیں۔ اور ترقی کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور ان سے فائدہ اٹھانے کے لیے ان کے بارے میں غلط سوچتے ہیں۔

(SATURN And AGURIUS)

۱۱۔ زحل اور دلو کے ملاپ سے تعلق رکھنے والوں کے کیا رنگ ہوتے ہیں؟

ان افراد میں جھوٹ بولنے کا بے حد شوق ہوتا ہے۔ دروغ گوئی ان کا پسندیدہ مشغلہ ہے ناجائز امور اور غلط کاموں کی طرف بہت زیادہ توجہ مرکوز رکھتے ہیں۔ زراعت سے بے حد فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ان کی فطرت میں تلون مزاجی ہوتی ہے اور غرور و تکبر کوٹ کوٹ کر بھرا ہوتا ہے۔ لوگوں پر تہمتیں لگانا پسند کرتے ہیں۔ اور اس طرح بے پناہ خوشی محسوس کرتے ہیں ایسے افراد کو دوسرے لوگوں سے کوئی فائدہ انہیں پہنچتا۔ احسان شناسی کے جذبے ان میں موجود ہوتے ہیں۔ جس کسی نے ان پر احسان کیا ہو۔ اُسے فراموش نہیں کرتے اور اُس کے کام بھی آجاتے ہیں۔

(PISCES And JUPITER)

۱۲۔ حوت اور مشتری اپنے سے متعلقہ افراد پر کیا اثر ڈالتے ہیں؛

یہ افراد شرمناک پہلوؤں اور بے حیائی کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔ عیاش اور طبع ہوتے ہیں عورتوں سے متعلقہ امور اور معاملات میں عقل و فراست سے کام نہیں لیتے۔ آخری عمر میں انہیں مالی پریشانیاں بہت زیادہ ہوتی ہیں۔ جوانی میں مالی مفادات حاصل کرتے ھیں مگر ساتھ ساتھ سب کچھ برباد کرتے چلے جاتے ہیں۔ یہ لوگ بہت زیادہ دلیر ہوتے ہیں۔ اپنے وعدے سے منحرف ہو جاتے ہیں۔ زبان کی پاسداری کا ان میں فقدان ہوتا ہے۔ ذہانت اور تدبر سے عورتوں کے معاملات کے علاوہ باقی سارے معاملات درست رکھتے ہیں الجھے مسئلے سلجھا لیتے ہیں۔ احباب اور عزیز و اقارب سے محبت رکھتے ہیں دوستوں کے ساتھ خلوص سے پیش آتے ہیں۔ حرص و طمع دل میں رکھتے ہیں بہت زیادہ لالچی ہوتے ہیں۔

باب نمبر ۳

مرکب اعداد رکھنے والوں کی خصوصیات

مندرجہ ذیل ہیں

(۹) نو عدد سے آگے بڑھ جانے والے اعداد مرکب کہلاتے ہیں ایک عدد سے مستعارہ عروج و زوال کہیے جو لوگ گیارہ عدد رکھتے ہیں۔ اُن میں چھٹی حس ہوتی ہے۔ وہ زیادہ احساس ہوتے ہیں اُنہیں ہر وقت خطرات کا علم ہو جاتا ہے۔ الجھنوں اور مصیبتوں کا اشارہ مل جاتا ہے۔ اس لیے وہ روک تھام کی کوشش کرتے ہیں۔

عدد بارہ رکھنے والے افراد ذہنی الجھنوں، پریشانیوں تذبذب اور کشمکش میں الجھے رہتے ہیں اور کچھ نہ کچھ سوچتے ہی رہتے ہیں۔

جن افراد کا عدد ۱۳ ہے۔ اس عدد کو نحوست کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ لیکن بعض افراد نے انتھک محنت جدوجہد اور کاوش سے اس نحوست کو ختم بھی کیا ہے۔ اقتدار اور حکومت حاصل کی ہے۔

عدد چودہ والے افراد آنے والے خطروں کے بارے میں جان لیتے ہیں سیلاب آندھی اور طوفان کا پتہ چل جاتا ہے اُن کی حسِ انہیں پہلے ہی خطرات سے آگاہ کر دیتی ہے اس عدد کو افراد اور چیزوں کا مجموعہ بھی کہا جاتا ہے کاروباری لوگوں کے لیے یہ حد بہتر

ہے مگر خطرہ بھی رہتا ہے۔

عدد ۱۵ کے افراد کچھ وہمی طبیعت رکھتے ہیں۔ وہ کالے علم اور دوسرے ساحرانہ علوم کو اپنی نجات کا ذریعہ سمجھتے ہیں اس کے ذریعے اپنے کام نکال لینے کی کوشش کرتے ہیں اس عدد کو جنوں بھوتوں اور پریوں کا سمبل SiMBOL سمجھا جاتا ہے۔

عدد ۱۶ کے افراد فنکارانہ صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ اکثر یہ عدد موسیقاروں، مصوروں اور نامور لوگوں سے منسلک ہوتا ہے۔

عدد ۱۷ کے لوگ خطرات، پریشانیوں اور حادثات سے آگاہ ہو جاتے ہیں۔ اس عدد کو روحانیات کا سمبل SiMBOL بھی کہا جاتا ہے۔ کیونکہ کچھ لوگ اس عدد سے تعلق رکھنے والے ماہر روحانیات بھی ہوتے ہیں۔

۱۸ عدد کے مالک لوگ پریشانیوں میں مبتلا رہتے ہیں۔ خطرات اور حادثات میں گھرے رہتے ہیں گھریلو معاشی پریشانی جھگڑے، الجھن اور مصیبتیں گھیرے رہتی ہیں اکثر انقلابی رجحانات بھی ان میں پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ کوئی انقلاب لائیں اور اپنی الجھنوں سے آزاد ہو جائیں مگر کچھ کر نہیں پاتے ہیں۔ مصائب و آرام گھرے رہتے ہیں۔

۱۹ عدد رکھنے والے افراد زندگی کے ہر شعبے میں کامیاب و کامران رہتے ہیں۔ اور خوش رہتے ہیں۔ وہ جو بھی کام کرتے ہیں رغبت سے کرتے ہیں اور اپنے مفادات حاصل کر لیتے ہیں اسی لیے ۱۹ عدد کو کامیابی و کامرانی کی علامت ہے کہا جاتا ہے۔ علم الاعداد کا ماہر گریٹر GREATER عدد ۱۹ رکھتا تھا۔ اس لیے اس نے علم نجوم میں بے حد شہرت حاصل کی۔ اور دنیا کو علم الاعداد کی روشنی سے نوازا۔ ۱۹ عدد کے لوگوں کا مستقبل شاندار ہوتا ہے۔

عدد ۲۰ رکھنے والے لوگ عجیب و غریب شخصیت رکھتے ہیں۔ وہ ہمیشہ پریشان رہتے

ہیں۔اور طرح طرح کی اُلجھنیں گھیرے رہتی ہیں۔ وہ جو بھی کام کرتے ہیں۔ کامیابی نہیں ملتی مادی میدان میں وہ صفر ہو کر رہ جاتے ہیں۔ دراصل ۲۰ کا عدد کوئی ایسا عدد نہیں ہے جس پر فخر کیا کیا جا سکے۔ اسے نحوست کی علامت ہی سمجھ لیجئے ۲۰ عدد رکھنے والے اکثر مالی پریشانیوں میں مبتلا رہتے ہیں۔ ان کا مستقبل بھی نشانہ دار نہیں ہوتا۔

انتہائی خوش نصیب اور بہترین قسمت والے وہ لوگ ہوتے ہیں جن کا عدد ۲۱ رہے ۲۱ عدد کے حامل لوگ ہر میدان میں کامیاب رہتے ہیں۔ اگر وہ فن کار ہیں تو کامیاب ہیں بزنس مین یا مل رونر ہیں۔ زمیندار ہیں۔ غرضیکہ ۲۱ عدد کے لوگ ہر میدان میں کامیاب و کامرانی حاصل کرتے چلے جاتے ہیں۔

۲۲ عدد کے لوگ تصوراتی دنیا میں رہنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ عملی دنیا میں ان کی ترقی کا گراف صفر ہوتا ہے وہ سست کاہل اور کام چور ہوتے ہیں۔ انتھک، محنت اور جدوجہد سے جی چراتے ہیں اور وہ دوسروں کی ترقی دیکھ کر اپنی زندگی کے لیے غلط فیصلہ کر لیتے ہیں اس طرح وہ نقصان اٹھاتے ہیں ویسے ان لوگوں میں ایک صلاحیت ہوتی ہے کہ وہ حکام سے تعلقات بہتر رکھنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ اس طرح وہ اپنے مستقبل کو بہتر بنا لیتے ہیں

عدد ۲۳ رکھنے والے افراد ترقی کرتے ہیں۔ یہ عدد خوش نصیبی کی علامت ہے۔ اس عدد کے مالک ہر میدان میں کامیاب رہتے ہیں۔ انہیں ناکامی نہیں ہوتی۔ اور وہ ہر طرح مفادات حاصل کرتے ہیں۔ اپنے مقصد میں انہیں کامیابی ہوتی ہے۔

عدد ۲۴ کے حامل لوگ نکی ہیں اس عدد کو خوش قسمتی کا سمبل کہا جاتا ہے ان لوگوں کے مزاج میں رومانس ہوتا ہے۔ اور عورتوں سے ٹوٹ کر محبت کرتے ہیں۔ عورتیں ان کی طرف جلدی مائل ہو جاتی ہے۔ اگر عورت کا عدد ۲۴ ہے تو آدمی ان کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ غرضیکہ عورت ہو یا مرد جس کا یہ عدد ہوتا ہے۔ وہ خوش و خرم اور کامران رہتا ہے۔ اس کا مستقبل بھی بہتر ہوتا ہے۔ حوصلے اور ہمت والے لوگ اس عدد سے خوب خوب فائدہ اٹھاتے ہیں

عدد ۲۵ رکھنے والے افراد دشواریوں اور مخالفتوں میں گھرے رہتے ہیں یہ لوگ اپنے لیے بے شمار دشمن کر لیتے ہیں۔ یہ عدد زیادہ کامیابی پر دلالت نہیں کرتا لوگ سخت الجھنوں اور کٹھن مراحل سے ہی گزرتے رہتے ہیں ان کے درپیش بہت سے مائل ہوتے جنہیں وہ مشکل حل کرتے ہیں۔ ان لوگوں کو زندگی میں زیادہ کامیابی نہیں ملتی مستقبل بھی ان کا زیادہ خوش گوار نہیں ہوتا۔

عدد ۲۶ رکھنے والے لوگ زود میں ہوتے ہیں۔ اور وہ یہ جان لیتے ہیں۔ کہ انہیں آئندہ کیا خطرات درپیش ہوں گے اور وہ اپنے کاروبار کو شراکت میں کس طرح چلائیں گے مستقبل میں جو تباہیاں اور بربادیاں انہیں پیش آنے والی ہوتی ہیں۔ ان کے بارے میں وہ اپنی مثبت سوچوں سے آگاہ ہو جاتے ہیں۔ اور اپنے آپ کو محفوظ کر لیتے ہیں۔

عدد ۲۷ کے حامل افراد طاقتور ہوتے ہیں محنت اور مشقت سے جی نہیں چراتے۔ اُن کا مستقبل شاندار ہوتا ہے۔ اُن میں تخلیقی قوت بھی ہوتی ہے۔ اور فن کارانہ صلاحیتیں ہوتی ہیں جو بھی وہ منصوبہ بناتے ہیں اُس میں کامیاب رہتے ہیں۔ ان لوگوں کو اپنے منصوبوں کی تکمیل میں بھی کرنا ہی نہ کوئی چاہتے کوتاہی ان کے لیے نقصان دہ ہوتی ہے۔

عدد ۲۸ سے تعلق رکھنے والے افراد دوسروں پر زیادہ بھروسہ کرنے سے نقصان میں رہتے ہیں۔ اس عدد کے لوگ جھگڑوں اور اُلجھنوں کے بارے میں جلد ہی جان لیتے ہیں اور اس کی پیدا شدہ تکالیف سے بچ جاتے ہیں۔ مقدمات قانونی معاملات تجارت اور مقابلے کے لیے اگر انہیں خدشے ہو تو انہیں علم ہو جاتا ہے۔ اور وہ اس کا بندوبست کر لیتے ہیں۔

عدد ۲۹ کے حامل لوگ بااعتماد دوستوں سے نقصان اٹھاتے ہیں۔ اس عدد کو دغابازی فریب کاری اور بداعتماد کا سمبل کہا جاتا ہے۔ یہ عدد آزمائش، مصائب اور اچانک والے حالات کے بارے میں بتاتا ہے۔

عدد ۳۰ کے لوگ میانہ روی رکھتے ہیں۔ جتنی محنت سے جس کام کو کرتے ہیں۔ اتنا ہی پاتے ہیں۔ نہ یہ عدد منحوس ہی ہے۔ نہ اچھا ہی ہے بس گزارہ کرنا ہے۔ ان افراد کا مستقبل زیادہ اچھا ہوتا ہے علم الاعداد کا ماہر گراجے اس عدد کو ذہنی سابقت کا عدد رہتا ہے منکر دانشور اور زیادہ ذہین لوگ اس عدد کے مالک ہوتے ہیں اس عدد کو رکھنے والے لوگوں کی توجہ مادیات کی طرف نہیں ہوتی۔

عدد ۳۱ کے مالک افراد اکیلے رہنا پسند کرتے ہیں۔ لوگوں کی محفلوں میں جانے سے گھبراتے ہیں شور وغل انہیں تنگ کرتا ہے وہ اپنے آپ اور حالات میں مگن رہنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان لوگوں کو دوسروں سے ذرا بھی ماحول پسند نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے۔ یہ لوگ تنگ دست رہتے ہیں۔ اور مالی مشکلات میں گھرے رہتے ہیں۔ ان کی معاشی حالت نہیں سنوانی

عدد ۳۲ سے منسلک لوگ یہ عدد مرکب ضرور ہے مگر اس میں عدد اکائی ۵ کی سی خصوصیات موجود ہیں۔ اور اس میں ساحرانہ قوتیں مستور ہیں اور یہ عدد سحر انگیز طاقتوں کا مالک ہے اس مرکب عدد کے مالک لوگ زبردست قوت فیصلہ کے مالک ہوتے ہیں اور ٹھوس نظریات رکھتے ہیں ان پر عمل کرنے سے وہ کامیاب رہتے ہیں اگر اس عدد کا مستقبل سے تعلق پیدا کر لیا جائے تو یہ عدد خوش بختی کا سمبل بن جاتا ہے۔

عدد ۳۳ رکھنے والے لوگ خوش قسمت ہوتے ہیں۔ ان میں ہمت اور حوصلہ ہوتا ہے مثبت کے جذبات رکھتے ہیں اور حالات کو اپنی کامیابی کے لیے سازگار بنا لیتے ہیں ۵ عدد رکھنے والے لوگ بھی قریب قریب ان ہی خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں۔

عدد ۳۴ رکھنے والے لوگ کٹھن مراحل اور آزمائش سے گزرتے ہیں دشواریوں، الجھنوں اور مصائب کا مقابلہ کرنے کے بعد انہیں کامیابی ملتی ہے۔

عدد ۳۵ رکھنے والے افراد، خطرات سے آگاہ ہو جاتے ہیں اور اپنی سوچوں سے تباہیوں سے بچ جاتے ہیں۔ وہ دوسروں سے میل ملاپ نہیں بڑھاتے اگر بڑھاتے

ہیں۔ تو اُس سے جو اُلجھنیں پیدا ہوتی ہیں وہ ان سے اپنے آپ کو محفوظ کر لیتے ہیں۔

عدد ۳۶ رکھنے والے لوگ تخلیق کرتے ہیں۔ اور ہر منصوبے میں کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ اگر وہ کسی طرح کی کوتاہی کر دیں تو ان کی کامیابی مشکوک ہو جاتی ہے اگر کوتاہی نہ کریں تو ہر میدان میں کامیاب رہتے ہیں۔

عدد ۳۷ سے منسلک لوگ اپنے اندر کچھ زیادہ اور نمایاں قوت رکھتے ہیں۔ اگر جنس مخالف سے انہیں کوئی معاملہ درپیش ہو تو وہ اُسے جلد ہی نبٹانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں اسے درستی اور شراکت کا سمبل کہا جاتا ہے۔ اور اس عدد کے لوگ شاندار مستقبل کی طرف گامزن رہتے ہیں اور کامیاب مستقبل اپنا لیتے ہیں۔

عدد ۳۸ کے افراد ۲۹ عدد کے مالک افراد سے ملتی جلتی خصوصیات رکھتے ہیں۔ اور یہ لوگ وہی عمل کرتے ہیں۔ جو ۲۹ عدد کے لوگ کرتے ہیں۔ ان میں سر مو فرق نہیں ہوتا ہے۔

عدد ۳۹ کے لوگ ۳۰ عدد رکھنے والوں کی طرف ہوتے ہیں۔ اور وہی کچھ کرتے ہیں جو عدد ۳۰ رکھنے والے کرتے ہیں۔ ان کی حرکات ان سے ملتی جلتی ہوتی ہیں۔

عدد ۴۰ چالیس سے منسلک لوگ عدد ۳۱ عدد رکھنے والے کی فطرت کے مالک ہوتے ہیں اور زندگی میں وہی کچھ کرتے ہیں۔ جو عدد ۳۱ کے لوگ کرتے ہیں۔

عدد ۴۱ کے لوگ ۳۲ عدد رکھنے والوں کے لیے کام کرتے ہیں اُن ہی کے راستے بنا کر اُن پہ چلتے ہیں۔

عدد ۴۲ کے افراد عدد ۳۳ رکھنے والوں کی طرح زندگی گزارتے ہیں۔ اور ان کے نقش قدم پر ہی چلتے ہیں اور ایسی ہی خصوصیات اُن میں نمایاں ہوتی ہیں۔

عدد ۴۳ کو نحوست اور پریشانیوں کی علامت سمجھا جاتا ہے علم الاعداد کا ماہر چیپال اسے یوں کورٹ کرتا ہے کہ عدد ۴۳ منحوس ہے۔ اور اس عدد کو رکھنے والے ہمیشہ

پریشان رہتے ہیں۔ الجھنوں میں پھنسے رہتے ہیں۔ غم و آرام انہیں گھیرے رہتے ہیں۔ اور اس عدد کی وجہ سے نحوست کے سایوں میں سانس لیتے رہتے ہیں۔ جس میدان میں بھی وہ طبع آزمائی کرتے ہیں۔ ناکامی ان کا منہ چڑاتی ہے۔ مالی طور پر اُلجھے اُلجھے رہتے ہیں۔ معاشی بدحالی ان کا مقدر بن جاتی ہے۔

عدد ۴۴ رکھنے والے لوگ عدد ۲۶ سے تعلق رکھنے والے افراد سے خصوصی مطابقت رکھتے ہیں۔ اور وہی کچھ کرتے ہیں۔ جو ۲۶ عدد کے لوگ کرتے کرتے ہیں۔

عدد ۴۵ کے تحت لوگ عدد ۲۷ کے لوگوں سے نسبت کرتے ہیں۔ اور ان کے کم و بیش وہی حالات ہوتے ہیں جو عدد ۲۷ کے مالک لوگوں کے ہوتے ہیں۔

عدد ۴۶ کے لوگ عدد ۲۸ کے افراد سے مماثلت رکھتے ہیں۔ اور اُن ہی جیسی راہوں پر چلتے ہیں۔ جو ۲۸ عدد کے لوگ اپنے لیے بناتے ہیں۔

عدد ۴۷ کے افراد میں وہی خصوصیات ہوتی ہیں جو عدد ۲۹ کے لوگ رکھتے ہیں اُنہیں وہی مسائل درپیش ہوتے ہیں۔ جو عدد ۲۹ کے حامل لوگوں کو ہوتے ہوتے ہیں۔

عدد ۴۸ کے افراد عدد ۳۰ کے لوگوں کی طرح ہوتے ہیں۔ اور وہی کچھ کرتے ہیں۔ جو عدد ۳۰ کے لوگ کرتے ہیں۔ اسی طرح کی حرکات عدد ۴۸ والے رکھتے ہیں۔

عدد ۴۹ عدد ۳۱ کی سی خصوصیات کا حامل ہے۔ ان اعداد کے حامل لوگ ایک جیسی حرکات کرتے ہیں ان کی فطرت ایک طرح کی ہوتی ہے۔

عدد ۵۰ کے لوگ عدد ۳۲ رکھنے والوں کی طرح ہوتے ہیں۔ ملتی جلتی حرکات

کرتے ہیں۔ایک جیسے خیالات رکھتے ہیں ایک ہی طرح کام کے متعلق سوچتے ہیں۔

عدد ۵۱ فوجی جوانوں کے لیے بہت بہتر ہے۔خواہ وہ بری فوج سے تعلق رکھتے ہوں خواہ وہ بحری فوج سے منسلک ہوں۔اس عدد میں جنگی صلاحیتیں موجود ہیں۔انتہائی طاقتور عدد ہے یہ اس عدد کے حامل ترقی وتعمیر میں آگے ہی آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں۔

عدد ۵۲ اور ۴۳ عدد کے لوگ ایک ہی قسم کے فضائل رکھتے ہیں۔سوچنے اور کام کرنے کا انداز ایک جیسا ہے سان میں کوئی فرق نہیں ہے۔

باب ۴

برجوں کی تعداد کو کس طرح متعیّن کیا جاتا ہے

بارہ برج ہیں۔ ہمارے سامنے اور قابل ذکر امور غور کرنے سے آئیں گے ایک یہ کہ بارہ (۱۲) کا عدد عبرانی ماہر فن علم نجوم کے خیال سے مکمل زندگی کی علامت ہے اور اس میں زندگی کی تکمیل کا اشارہ ملتا ہے۔

بارہ (۱۲) حاصل جمع ۱ + ۲ = ۳ بنتا ہے۔ جو کہ ثبلیث جسم کا اشارہ ہے بعد عقل اور مدح کی علامت بھی اس سے ظاہر ہوتی ہے

بارہ برجوں کی تقسیم بہت ہی قدیم زمانے سے سامنے آتی ہے ان بروج میں کم ہی ایسے برج ہیں۔ جو اپنے ناموں سے مماثلت مشابہت یا مطابقہ رکھتے ہیں بعض برج محض موسمی تبدیلی سے تعلق رکھتے ہیں اور ان کی یہی مطابقت ہے جس طرح میزان کو بہار کے موسم کا برج کہا جاتا ہے۔ اس کے دن اور رات برابر ہوتے ہیں۔ برج دلو مصر سے تعلق رکھتا ہے دریائے نیل میں کسی زمانے میں زبردست طغیانی آجاتی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ دلو کا تعلق مصر سے پیدا ہو گیا ہے۔

برجوں اور ستاروں کا آپس میں تعلق ؛

ہر برج کسی نہ کسی ستارے سے تعلق رکھتا ہے۔ اور یہ تعلقات مختلف نوعیت کے ہوتے ہیں۔ کچھ ستارے ایک دوسرے دوستی رکھتے ہیں۔ اور بعض دشمنی بھی رکھتے ہیں اور ستارے

گردش کرتے ہوئے مختلف برجوں میں داخل ہوتے رہتے ہیں اس لحاظ سے ان کے دشمنوں میں کوئی فرق نہیں آتا۔ دشمنی اور دوستی رکھنے والے سیارگان کے اثرات علیحدہ ہوتے ہیں جو دشمنی رکھتے ہیں برقرار رہتی ہے۔ اور جو دوستی رکھتے ہیں وہ بھی قائم رہتی ہے اسی لیے ان کے اثرات جداگانہ نوعیت کے حامل ہوتے ہیں۔

دیکھتے ہیں ستاروں اور برجوں کے ملاپ سے کیا اثرات نمایاں ہوتے ہیں۔

(۱) حمل برج ہے اور مریخ ستارہ ہے۔ مذکر طبع رکھتا ہے۔ مزاج منقلب ہے موکل سرطائیل ہے۔ اعداد ۸، ۷ ہیں۔ یہ دشمنی کو بھگاتا ہے۔ زندگی میں کامیابیاں حاصل ہوتی ہیں اور مقدمے بازی جاری رہتی ہے۔

(۲) ثور برج ہے زہرہ ستارہ ہے۔ طبع اس کی مذکر ہے مزاج اس کا مستقل اور ثابت قدمی ہے موکل اس کا جرزائیل ہے۔ اعداد ۸، ۷ رکھتا ہے۔ ترقی رزق اور مرتبہ اس سے متعلق ہے۔

(۳) برج جوزا ہے ستارہ عطارد ہے اس کی مؤنث ہے۔ مزاج ذوجسدین رکھتا ہے۔ یعنی زوجیت پسند ہے۔ موکل اس کا دردائیل ہے۔ اعداد ۱۷ رکھتا ہے تسخیر کی قوت ہے محبت کے جذبے ہیں۔

(۴) برج سرطان ہے ستارہ قمر ہے طبع اس کی مذکر ہے مزاج منقلب رکھتا ہے۔ اس کا موکل زمیقائیل ہے اس کا اعداد ۲۲۰ ہے۔ دشمنی کو دور بھگاتا ہے۔ محبت کے جذبے اس میں کارفرما ہیں۔

(۵) برج اسد ہے۔ اس کا ستارہ شمس ہے۔ طبع مذکر ہے مزاج مستقل مزاجی اور ثابت قدمی رکھتا ہے۔ موکل اس کا خزائیل ہے۔ اعداد ۶۵ ہے۔ ترقی دیتا ہے رتبہ بخشتا ہے۔ اور دولت کی فراوانی دیتا ہے۔

(۶) برج سنبلہ ہے۔ ستارہ عطارد ہے۔ طبع مؤنث ہے۔ مزاج زوجیدین رکھتا ہے۔ مقصد یہ کہ زوجیت کو پسند رکھتا ہے۔ اس کا موکل سماکیل۔ اعداد ۴۷۱ ہے تسخیر کے جذبے کا اقرار رکھتا ہے۔ اور محبت کی روشنی بکھیرتا ہے۔

(۷) برج میزان ہے۔ ستارہ زہرہ ہے۔ کسی طبع مذکر ہے مزاج منقلب رکھتا ہے اس کا موکل ہمراہ کیل ہے ۱۰۸ اعداد رکھتا ہے عمل کی قوت بخشتا ہے دشمنی کو دور کرتا ہے

(۸) عقرب برج ہے۔ ستارہ اس سے منسلک مریخ ہے۔ طبع اس کی مؤنث ہے۔ مزاج مستقل اور ثابت رکھتا ہے۔ موکل اس کا حدحائیل ہے۔ اعداد ۲۷۲ رکھتا ہے ترقی اور رزق تقسیم کرنے والا برج کہلاتا ہے۔ اس میں مرتبے دینے کی قوت بدرجہ رفم موجود ہے۔

(۹) قوس برج ہے۔ اس سے منعلقہ سیارہ مشتری ہے اس کی طبع مذکر ہے مزاج زوجیدین رکھتا ہے۔ زوجیت پسند ہے۔ موکل اس کا صلحائیل ہے اعداد ۱۲۲ رکھتا ہے تسخیر کی قوت دینے اور محبت کے جذبات بخشنے والا برج کہلاتا ہے۔

(۱۰) برج جدی ہے۔ ستارہ اس سے منسلک زحل ہے۔ طبع اس کی مؤنث ہے مزاج یہ اپنے اندر منقلب رکھتا ہے۔ اس کا موکل میکائیل ہے۔ اعداد ۱۷ رکھتا ہے عمل کی قوت بخشتا ہے دشمنوں کو دور کرتا ہے۔ بلکہ انہیں ختم کرتا ہے۔

(۱۱) برج دلو کے تعلق ستارے زحل سے رکھتا ہے۔ طبع اس کی مذکر ہے مزاج اس کا مستقل پسندی اور ثابت قدمی ہے۔ موکل اس کا صلحائیل ہے اعداد ۴۰ ہے۔ ترقی و رزق و مرتبہ دینے والا برج کہلاتا ہے۔

(۱۲) برج حوت ہے منسلک ستارہ مشتری ہے۔ اس کی طبع مؤنث ہے۔ مزاج زوجیدین رکھتا ہے مقصد یہ کہ زوجیت پسند ہے اس کا موکل فغنائیل ہے اعداد (۱۴۱) ہے تسخیر کی قوت عطا کرتا ہے اور محبت بھرے جذبے بخشتا ہے۔

باب نمبر ۵

ناکامیوں میں کامیابیاں مضمر ہیں

کائنات کی ایک ایک چیز عدد سے تعلق رکھتی ہے۔ اور اعداد کے اثرات انسانی زندگی پر نمایاں ہیں۔ انسان اپنے نام میں اپنی قسمت بھی پوشیدہ رکھتا ہے۔ اگر انسان کسی مرحلے پر ناکام ہوا ہے۔ تو وہ اسے ہمیشہ کی ناکامی نہ سمجھ لے۔ کوشش کرتا چلا جائے ایک اور اس کی ناکامی کامیابی میں بدل جائے۔ دراصل ناکامیوں میں کامیابی مضمر ہوتی ہیں۔ ہمت اور عزم رکھنے والے لوگ ناکامیوں کو کامیابیوں میں بدل لیتے ہیں۔

اعداد دنیا پر پورا اثر رکھتے ہیں۔ اور اپنے زیر تحت اس کو چلاتے ہیں اس لیے انسانوں کے لیے اپنے اعداد جاننا ضروری ہے۔ تاکہ وہ اپنی محنت کے حال سے کما حقہ طور پر واقفیت کر سکیں۔ اور عددوں کی روشنی میں اپنے آپ کو ڈھال کر آگے بڑھائیں اور اپنے مستقبل کو اسنوار کرنے کی کوشش کریں۔

انسانی ناموں کے اثرات قسمت پر بھی مرتب ہوتے ہیں :

جس وقت انسان جنم لیتا ہے۔ اسی وقت سے اس کا تعلق اعداد سے ہو جاتا ہے اور قسمت اُسے اپنے اثر میں لے لیتی ہے اور سیارے سے وابستگی اختیار کر لیتے ہیں انسانوں کے جو نام رکھے جاتے ہیں اُن کا اثر بھی قسمت پر پڑتا ہے اگر اچھا نام رکھ

دیا گیا ہے تو اُس کا اثر قسمت پر اچھا ہی پڑے گا۔

مشہور فلسفی ابن طفیل کا بھی ارشاد ہے کہ بچوں کے نام اچھے رکھنے چاہئیں تا کہ اُن کی قسمت بھی ناموں کی طرح اچھی ہو۔ اور والدین کو اس کے اعداد کے حاصل جمع پر بھی نظر رکھنا چاہیئے اور اعداد کے مجموعے کا بغور جائیزہ لینا چاہیے۔ اگر اُسے اعداد منحوس ملا ہے۔ تو یہ نحوست اُس پر ضرور اثر انداز ہوگی۔ اگر اعداد خوش بختی کا سبل ہے۔ تو یقیناً اُس پر خوش بختی کا سایہ ہوگا۔

ناموں کی تبدیلی سے قسمت بدل سکتی ہے :

اگر کسی کے نام پر نحوست چھائی ہوئی ہے تو اُس کا نام بدل دیجئے۔ اس طرح اس کے اعداد بھی بدل جائیں گے اور اُس کی نحوست خوش بختی میں تبدیل ہو سکتی ہے اس قسم کے بے شمار واقعات موجود ہیں آپ نے اکثر دیکھا ہوگا اداکار ادیب یا موسیقار یا دوسرے کسی طرح کے فن کار جب نام تبدیل کر کے عملی میدان میں آئے انہیں اکثر لازوال شہرت ملی رہ گئی بن گئے اور اُن کی ہستیاں شہرہ آفاق بن گئیں۔ ناموں کی تبدیلی سے قسمت کا سارا ڈھانچہ ہی بدل جاتا ہے اب وہ ہستیاں اتنی شہرت حاصل کر چکی ہیں۔ کہ لوگ ان کے پرانے نام بھی قبول کئے ہیں اب وہ نئے ناموں سے جانے جاتے ہیں اور دنیا میں اُن کی شہرت اور چرچا ہے۔

آپ ستاروں کی گردش سے کس طرح فائدہ اٹھا سکتے ہیں :

مثال کے طور پر اگر آپ نے کام تبدیل کر لیا ہے تو ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھ گئے ہیں جدوجہد ختم کر دی ہے تو اُس سے آپ کو کوئی فائدہ حاصل نہ ہوگا بلکہ اپنے نئے نام کے

جان کر اُن کے سیارگان پر کڑی نظر رکھنا ہو گی اور اُن کی چال سے فائدہ اٹھانا ہو گا آپ کو اُن اثرات کے تحت کام کرنا ہو گا۔ جو آپ کے سیارگان نے آپ کو دیئے ہیں ستاروں کی چال کی روشنی میں قدم اٹھا کر آپ اپنی محنت کو بدل سکتے ہیں۔ اور اُس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کو ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑے تو آپ کو موافق وقت کا اندازہ لگانا ہو گا۔ اگر وقت آپ کے حق میں ہے اور حالات آپ کے قابو میں ہیں تو آپ فوراً کام شروع کر دیں۔ آپ کو فائدہ ہو گا۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ وقت اور حالات آپ کے مناسب نہیں ہیں تو آپ کام شروع نہ کریں۔ اگر آپ کام شروع کریں گے تو نقصان ہو گا آپ کو ہر قسم کی خبریات کا جائزہ لے کر کام شروع کرنا چاہیئے پھر آپ فائدہ میں رہیں گے

علم نجوم کی روشنی اور قواعد سے اپنے وقت کے حصّے بنالیں :

اللہ تعالٰے نے دن رات کو چوبیس گھنٹوں میں تبدیل کیا ہے اسی طرح دن اور رات معرض وجود میں آئے ہیں اور یہ سب سیارگان سے تعلق رکھتا ہے اسی طرح آپ بھی کوئی کام کرنے وقت اپنے اوقات کو حصوں میں تقسیم کر لیں۔ اور اس کے مطابق کام کریں۔ مختلف اوقات مختلف کواکب کے تحت ہوتے ہیں اور اُن کے جو اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ وہ نحوست اور خوش بختی دونوں لیے ہوتے ہیں۔ اگر آپ درست ساعت میں کام کریں گے تو یقیناً آپ کو کامیابی ہو گی اگر آپ غلط وقت میں کام شروع کریں گے تو آپ کی ناکامی ہو گی۔ ناکامی سے بچنے کے لیے آپ اپنے عدد کی روشنی میں اچھے وقت کا اندازہ لگائیں اور اُس اچھے وقت میں کام کریں۔ اگر آپ کا اندازہ درست ہے تو یقیناً آپ کی نمایاں کامیابیاں حاصل ہوں گی۔

وقت کی تقسیم کے بارے میں آپ کو بتایا جاتا ہے:

جب آپ کے عدد پر شمس کا سایہ ہو۔ وہ وقت دن کا ہو یا رات کا ہو وہ آپ کے لیے مناسب وقت ہوگا۔ اُس وقت آپ کامیابیاں حاصل کریں گے اُس وقت آپ اگر کسی کام کے لیے حکام سے ملیں تو آپ کا کام یقیناً کامیابی کا مرحلہ طے کرے گا۔ اگر آپ کاروبار کے سلسلے میں کسی سیٹھ یا تاجر سے ملتے ہیں اور اُس سے کاروبار میں مدد چاہتے ہیں تو آپ کامیاب ہوں گے۔ اُس وقت سفر کرنا بھی آپ کے لیے سودمند ہوگا اگر آپ کسی قرض کا مطالبہ کریں گے تو یقیناً آپ کا مطالبہ پایۂ تکمیل کو پہنچے گا اگر اُس وقت ترقی کے لیے کوشش کریں۔ تو ترقی ہوگی اگر آپ اس وقت کسی زیور کی خریداری کریں گے۔ تو یقیناً آپ کو مالی فائدہ ہوگا اگر آپ کپڑا خریدیں گے تو مناسب داموں پر ملے گا کوئی بزنس کریں گے۔ تو آپ کا بزنس کامیاب رہے گا۔

(MOON) اگر آپ ستارہ قمر کی حکمرانی کے وقت میں کوئی ایسا کام شروع کرتے ہیں مثلاً آپ کو حکام سے ملنا ہے تو آپ نقصان میں رہیں گے۔ اگر آپ اس وقت کسی بیماری کا علاج کرائیں گے۔ تو آرام نہ ہوگا۔ اگر کوئی سفر کریں گے یا شادی کرائیں گے۔ تو یقیناً نقصان میں رہیں گے۔ البتہ اگر آپ اُس وقت کوئی عمارت تعمیر کرنا شروع کریں گے تو فائدے میں رہیں گے۔ آپ کو نحوست نہیں خوش بختی ملے گی۔ اگر آپ کسی کام سے کسی کے پاس کوئی قاصد بھیجیں گے تو آپ کامیاب رہیں گے۔ اُس وقت اگر آپ نقصان پہنچانا چاہیں تو آپ کامیاب رہیں گے۔ اگر آپ کسی سے کوئی مدد مانگیں گے۔ وہ آپ کو ملے گی۔ اگر آپ کسی دوست سے اُس وقت فائدہ اٹھانا چاہیں تو نقصان اٹھائیں گے۔

اگر آپ کا وقت مریخ سیارے کے زیرِ تحت ہے تو اُس وقت آپ کسی دشمن

جنگ اور مقابلے کی نہ سوچیں ورنہ بہت نقصان ہوگا۔ جواہرات کی خریداری بھی اُس وقت نقصان کا باعث بنے گی۔ اگر آپ میلہ مولیشیاں میں جا کر اُس وقت مویشیوں کی خریداری کریں گے تو آپ کو بے حد فائدہ ہوگا۔ اُس وقت کسی بھی جگہ مویشیوں کی خریداری سے آپ مالی منفعت حاصل کریں گے۔ اگر آپ کوئی دوسرا کام کریں گے تو نقصان ہوگا۔ بہتر ہے اُس وقت بیکاری میں وقت گزار لیا جائے اگر آپ اُس وقت شادی کرنا چاہیں تو بہتر اقدام ہوگا۔ تجارت بھی اُس وقت آپ کے لیے مفید ہوگی کسی نئی عمارت کی تعمیر شروع کرنا فائدہ مند ہوگی۔ حکام کی ملاقات سے فائدہ ہوگا ان کاموں کے علاوہ کوئی کام شروع کریں گے نقصان ہوگا۔

MURCURY سیارہ عطارد کی حکمرانی میں جو وقت آپ کو ملے گا وہ کس طرح آپ کے لیے فائدہ مند ہوگا۔ دن یا رات کے کسی حصے میں اگر سیارہ عطارد عروج پر ہے تو اُس وقت آپ کسی بیمار کا علاج کرائیں گے تو بیماری ختم ہو جائے گی۔ اگر آپ اُس وقت بچے کو تعلیم کے لیے کسی مدرسے میں داخل کرائیں گے تو آپ کا بچہ حصول علم میں کامیاب رہے گا۔ کوئی فن آپ حاصل کرنا چاہیں گے تو اُس فن میں آپ کامیاب رہیں گے اگر آپ نئے کپڑے سلوائیں گے تو وہ آپ کے لیے مبارک رہیں گے۔ اگر آپ حاکم وقت کسی قسم کی مدد چاہیں گے تو آپ کو مدد ضرور ملے گی اگر آپ اُس وقت کسی کی مدد کے لیے کوئی کام کریں گے تو وہ آپ کے حق میں مفید ہوگا۔ کوئی کنواں یا حوض بنوائیں گے یا کسی غریب کے گھر میں پانی کا نلکا لگوائیں گے تو یہ آپ کے لیے بہتر ہوگا۔ اگر آپ اُس وقت ادیبوں شاعروں یا صحافیوں سے ملیں گے تو آپ کے علم میں اضافہ ہوگا۔

JUPITER سیارہ مشتری کے زیر تحت جس کام کو آپ شروع کریں گے وہ اس طرح کا کام کرنا چاہیئے کہ آپ اعلیٰ حکام سے ملیں تو وہ آپ کو فائدہ پہنچائیں گے۔ شادی بیاہ آپ کے لیے مبارک ہوگا اگر آپ اہل ثروت یا عالم فاضل اور باکمال لوگوں سے

ملیں گے تو اُن سے آپ کچھ نہ کچھ حاصل کریں گے۔ اگر آپ اُس وقت مہمانداری کریں گے۔ تو اس سے آپ کو خوشی حاصل ہوگی۔ اگر آپ مکان کو آراستہ کرائیں گے۔ تو اُس میں ذوق کی بلندی سلیقے کی نفاست اور رواداری کی جھلک نمایاں ہوگی۔ اگر آپ کا کوئی دشمن ہے۔ تو اُس وقت آپ اُس سے مل کر اُس کے دل کو تسخیر کرلیں گے۔ وہ وقت آپ کے لیے بہتر بن وقت ہے اگر آپ کوئی بڑا منصوبہ بنا کر کام شروع کریں گے تو کامیابی حاصل کریں گے۔ ایک بات کا خیال رہے کہ اُس وقت آپ کسی دشمن سے جنگ نہ کریں۔ ورنہ آپ کو زبردست شکست ہوگی محبت اور پیار سے اُس کا دل جیتنے کی کوشش کریں۔ یقیناً آپ کامیاب رہیں گے

(VENUS) سیارہ زہرہ کی قیادت میں جو وقت آپ نے متعین کیا ہے اُس میں اگر آپ شادی بیاہ کریں گے تو ازدواجی زندگی سدر و شاداں ہوگی اور خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔ اگر آپ کسی بیمار کا علاج کرائیں گے تو اُسے افاقہ ہوگا۔ اگر آپ کوئی خوشی کا کام کریں گے۔ تو دل کو سکون حاصل ہوگا۔ اگر دوستوں سے ملیں گے تو انہیں مل کر مسرت حاصل ہوگی۔ اگر اپنے کسی محبوب کو یا محبوبہ کو کوئی پیغام دیں گے تو کامیابی اور راحت ملے گی اگر آپ اُس وقت کوئی بات بتائیں گے تو فائدہ ہوگا۔ نیا کپڑا سلوائیں گے تو مسرت ملے گی اور مبارک رہے گا۔ درختوں کی خرید و فروخت یا تجارت بھی آپ کے لیے مفید رہے گا اُن دوستوں سے مل کر خوشی ہوگی جنہیں آپ پسند کرتے ہیں۔ ارباب و نشاط آپ کی تمناؤں آرزوؤں اور خواہشوں کا احترام کریں گے اور اُن سے آپ کو فائدہ حاصل ہوگا۔

(SATURN) زحل سیارے کے تحت آپ جو کام کریں گے۔ اُس وقت آپ کے لیے کسی نئی عمارت کی تعمیر کروانا بہت اچھا رہے گا۔ کسی شخص کو نقصان پہنچانے کی کوشش میں بھی آپ کامیاب رہیں گے۔ رات اور دن میں جب جن حصول پر زحل کا سایہ ہو ان اوقات میں آپ حکام یا کسی خاص آدمی سے نہ ملاقات کریں۔ اگر ملاقات کریں گے تو نقصان ہوگا ان اوقات میں بیمار کا علاج کرانا بھی مناسب نہ ہوگا سفر کرنا بھی آپ کے لیے سودمند نہ ہوگا

سفر کی ابتداء ہی آپ کے لیے نقصان کا باعث ہو گی۔ شادی بیاہ اور خوشی کا کام بھی آپ کے لیے رنجش کا باعث بن سکتا ہے۔

اعداد میں تاریخ کا خیال رکھنا:

اگر آپ اپنے اعداد کے مطابق کوئی کام کرتے ہیں۔ اور اُس میں تاریخ کا خیال نہیں کرتے غلط تاریخ کو کام کی ابتداء ہو جاتی ہے اس طرح آپ کا کام نحوست کا شکار ہو کر نقصان کا باعث بن سکتا ہے اس لیے اپنے عدد کے مطابق تاریخ کا خیال رکھنا ضروری ہے اگر آپ نے اپنے عدد کے مطابق تاریخ کا درست خیال رکھ کر کام شروع کیا تو آپ یقیناً کامیاب ہوں گے اور کامرانی آپ کے قدم چومے گی۔

درست دن کا تعین عدد کیلئے مناسب ہے!

اگر آپ اپنے عدد کے مطابق دن کا تعین کریں گے اور اُسی دن کسی زبردست منصوبے پر کام کریں گے۔ تو آپ کو یقیناً کامیابی ہو گی۔ تاریخ اور درست دن کا لحاظ آپ کو اپنے عدد کے مطابق درست طور پر متعین کرنا ہو گا۔ اس طرح آپ جو بھی کام کریں گے آپ کو یقیناً کامیابی حاصل ہو گی۔ اگر کوئی شخص ۲ عدد رکھتا ہے۔ اور وہ ۲ شنبہ کو کوئی کام کرتا ہے تو نقصان میں نہ رہے گا کیونکہ دوشنبے کا تعلق سیارہ قمر سے ہے۔ اگر عدد ۲ کا مالک سنیچر کے دن اُس کام کو کرے گا۔ تو نحوست کا شکار ہو گا اور کامیابی حاصل نہ ہو گی۔

اعداد کے مطابق شب و روز کے کن اوقات میں کام کرنا مناسب ہے

عدد ۷ کے افراد اور عدد ایک کے لوگ یک شنبہ ۱۲ بجے ایک بجے دو بجے تین بجے چار بجے ۵ بجے چھ (۶) بجے جو کام کریں گے کامیابی ہو گی۔ ۵ بجے دوشنبہ۔ سہ شنبہ ۹ بجے

چہارشنبہ ا بجے پنج شنبہ ۴ بجے جمعہ ۳ بجے شنبہ ۷ بجے۔ جو ان ملاقات میں کریں گے۔ کامیابی ہو گی۔ جو وقت رات کا ہو گا۔ وہی دن کا متعین ہو گا۔

عدد ۸ کے لوگ ۷ بجے ۶ بجے ا بجے ۳ بجے ۳ بجے ۲ بجے ۲ بجے ان اوقات میں جس کام کو کریں گے کامیاب ہوں گے۔

عدد ۹ کے لوگ ۶ بجے ا بجے ۶ بجے ۴ بجے ۴ بجے ۴ بجے ۸ بجے ان اوقات میں جو کام کریں گے کامیابی ہو گی۔

یہ ملاقات اشنبہ، ۲ شنبہ، سہ شنبہ، چہارشنبہ، پنج شنبہ، جمعہ اور شنبہ کے مطابق ہیں اب عدد دس کے بارے میں وقت کا تعین جانیئے جو بہتر وقت ہے۔ کام کے لیے موزوں ترین وقت عدد دس والے افراد کا بہتر وقت ۴ بجے، ۸ بجے، ۷ بجے، ۳ بجے ۸ بجے ۹ بجے، ۵ بجے، ۹ بجے۔

عدد گیارہ کے افراد ان اوقات میں کام کریں کامیابی ہو گی ۴ بجے، ۵ بجے، ۴ بجے ۸ بجے ۴ بجے ۸ بجے ۹ بجے ۵ بجے۔

عدد ۱۲ کے مالک لوگ ان اوقات میں کام کریں یقیناً اپنے کام میں کامیابی حاصل کریں گے ۵ بجے، ۴ بجے، ۴ بجے ۸ بجے ۶ بجے ا بجے ۶ بجے ۷ بجے۔

عدد ۱۳ کے مالک افراد مندرجہ ذیل اوقات میں کام کرنے سے کامیابی حاصل کریں گے۔

۲ بجے، ۷ بجے، ۲ بجے، ۲ بجے، ۳ بجے، ۲ بجے ا بجے۔

عدد پر نظر ڈال کر وقت کے مطابق کام کیا جائے:

آپ جس وقت کوئی کام شروع کریں تو اپنے عدد کو ملحوظ خاطر رکھیں۔ پھر کام شروع کریں آپ کو یہ دیکھنا ہو گا کہ آپ کا عدد قسمت کے حق میں ہے یا نہیں۔ اگر ۲ عدد منتشر د

ہوں تو کام نہ کریں بہتر یہ ہے کہ آپ اپنے عدد کے وقت کو سیارے کے اعداد میں شامل کر کے کام کریں۔ سیارہ وہ ہونا چاہیے جو اس وقت آپ کے عدد کا حکمران سیارہ ہو جب آپ حاصل جمع نکال لیں گے تو اس کے مطابق کام کریں۔

اگر آپ کو کوئی کام منگل کے دن کرنا ہے اور شام ۴ بجے ابتدا کرنی ہے تو آپ کو اس کے لیے یہ دیکھنا ہوگا کہ ۴ بجے سہ پہر کو آپ کا عدد کیا قیمت رکھتا ہے۔ اور اُس وقت جو حکمران سیارہ ہے۔ وہ کیا عدد محبت رکھتا ہے دونوں کے اعداد کو جمع کریں۔ جو جمع حاصل ملے اس کے مطابق نتیجہ نکال لیں۔ اگر آپ کے لیے وہ نتیجہ اچھا ہے تو آپ یقیناً کامیاب و کامران ہوں گے۔ اگر نتیجہ مناسب نہیں ہے۔ تو آپ ناکام و نامراد ہوں گے نحوست کی صورت ہی آپ کسی کام کو شروع ہی نہ کریں۔

باب نمبر ۶

جو تقدیر میں لکھا ہے ہو کر رہے گا!

جو کچھ کاتب تقدیر نے آپ کے نوشتہ زندگی پر تحریر کر دیا ہے۔ وہ ہو کر رہے گا۔ پھر بھی اللہ تعالٰے نے کچھ لوگوں کو اس لیے علم عطا کیا ہے۔ کہ وہ اس سے فائدہ اٹھائیں۔ اور علم نجوم کا مطالعہ کر کے بُرے اور اچھے وقت کا یقین کریں۔ اور جو خطرات انہیں درپیش ہوں ان کا تدارک کر لیں۔ مندرجہ ذیل ایسے ہی طریقوں پر روشنی ڈالی گئی ہے جس سے آپ اپنی توقع کے عین مطابق نہ بھی بہتر بھی حفاظت اور بہتری کے لیے کام کر سکیں اور بُرے وقت سے بچ سکیں اور کامیاب ہوں۔ علم اسی لیے حاصل کیا جاتا ہے کہ اُس سے اپنے لیے استفادہ کیا جائے اور دوسروں کو بھی مدد پہنچائی جائے اور ان کے بُرے وقت میں کام آ ہی جائے۔ ان کو آگاہ کیا جائے کہ آپ کے لیے کونسا وقت اچھا ہے۔ اور کونسا بُرا ہے۔

علم الاعداد کی مدد سے آپ اپنے ہر سوال کا جواب پا سکتے ہیں

علم الاعداد کے ذریعے اگر آپ درست طریقے پر کام کریں۔ تو آپ کو اپنے ہر سوال کا جواب صحیح مل سکتا ہے۔ اس لیے آپ مندرجہ طریقے پر عمل کر کے اپنے ہر ایک سوال کا جواب حاصل کر سکتے ہیں۔

علم الاعداد کا درست طریقہ آپ کو ہر سوال کا جواب دے گا:

کائنات کی قریب قریب ہر شے اعداد کے دائرہ کار میں موجود ہے۔ دنیا کی کوئی چیز اعداد کی مخفی طاقت سے الگ نہیں اور نہ اس کے حیطۂ تصرف سے باہر ہے۔ تو کیا وجہ ہے کہ درست جواب نہ ملے۔ اس لیے یہ ضروری ہے کہ آپ کا علم اعداد کے بارے میں صحیح ہو۔ اور اس پر عبور حاصل ہو۔ پھر ہی آپ اپنے سوال کا درست جواب پا سکتے ہیں۔

کسی سوال کے حساب سے اُس کا جواب حاصل کیا جا سکتا ہے

علم الاعداد کی رو سے جو جواب آپ حاصل کرتے ہیں۔ اس میں علم جوتش یا علم نجوم کو شامل کرنے کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔ علم الاعداد کا تعلق سیارگان کی گردش سے جس حد تک ہے اس کے مطابق سیاروں کے اثر کو سامنے دیکھیں۔ پھر آپ درست جواب حاصل کر سکتے ہیں۔ سوال کے درست جواب کا انحصار علم اعداد کے مطابق سیارگان کی گردش پر ہے اب آپ اس طریقہ جانئے جو آپ کو سوال کے مطابق جواب دے گا اور اُس میں سیارگان کی گردش پر نظر رکھنے کی ضرورت بھی نہ ہوگی۔

درست طریقہ:

ایک شخص سوال کر سکتا ہے۔

"کیا مجھے دشمن پر فتح حاصل ہو گی؟

ہر جملہ اپنے اندر ۷ الفاظ رکھتا ہے۔ اس طرح اسے ۷ عدد لکھ لیں۔ اس کے بعد ہر الفاظ جتنے حرف ہیں۔ ان کی تعداد کو لکھ لیں۔ کیا کے ۳ حروف بنتے ہیں مجھے کے ۴ حروف

بنتے ہیں۔ دشمن چار (۴) حروف رکھتا ہے۔ ہزر (۲) دو حروف ہیں ہے۔ فتح ۲ حروف رکھتی ہے۔ حاصل ۴ حرفوں پر مشتمل ہے۔ ہوگی بھی ۴ حروف رکھتا ہے۔ اس طرح ان حروف کو سلسلہ وار لکھ لیں یعنی ترتیب دے کر لکھیں تو یہ ترتیب ہی ہے ۔

سامنے اس طرح آئے گی ۔ ۴ ۴ ۴ ۲ ۴ ۴ ۳ ۷ ۔

ان کے بعد ہر حرف کو ایک دوسرے سے جوڑ لیں اس طرح جوڑیں کہ حرف ایک عدد باقی رہ جائے۔

مثال دیکھئے۔

۳ + ۴ = ۱۰ = ۱

۴ + ۳ = ۷

۴ + ۴ = ۸

۲ + ۴ = ۶

۴ + ۴ = ۸

۴ + ۴ = ۸

اب دوسری قطار کی ترتیب اس طرح ہوگی۔

۸ ۸ ۶ ۶ ۸ ۷ ۱

ایک دوسرے کو اس طرح جوڑ دیئے

قطار نمبرا ۴ ۴ ۴ ۲ ۴ ۴ ۳ ۷

لائن نمبر۲ ۸ ۸ ۶ ۶ ۸ ۷ ۱

۷ ۵ ۳ ۵ ۶ ۸

۳ ۸.۸ ۲

۲ ۷ ۱ ۷

۸

ان اعداد کی تعداد کا حاصل جمع اب ہمیں ۸ ملتا ہے۔ اور یہ عدد سیارہ زہرہ کا عدد ہے اور یہ عدد اپنے اندر محرومیت اور مایوس اور ناکامی کی خصوصیت رکھتا ہے۔ اس طرح اس عدد کے مطابق سوال کا جواب ناکامی اور شکست ہوئی۔ یعنی آپ دشمن پر ختم حاصل نہیں کر سکتے اُس سے جنگ کر کے آپ مار کھا سکتے ہیں اس طرح اس علم نے آپ کو زبردست شکست سے بچا لیا۔ اگر آپ اس علم سے آگاہ نہ ہوتے تو دشمن سے جنگ کر کے مار کھا جاتے ہیں۔

۲ اور ۲ عدد کا تعلق سیارہ قمر سے ہے:

مندرجہ بالا حساب علم الاعداد کے مطابق اگر حاصل جمع ۲ یا ۲ ملتا ہے تو آپ دشمن پر فتح پا سکتے ہیں۔ کیونکہ ان اعداد کا تعلق سیارہ قمر سے ہے۔ اور قمر کی خصوصیت انقلابی اور اپنے اندر کامیابی رکھتی ہے۔ مگر اس میں انقلابی مد وجزر بھی ہے۔ کیونکہ کسی وقت دشمن بھی کامیاب ہو سکتا ہے اور کسی وقت آپ فتح حاصل کر سکتے ہیں۔ مگر انجام کار کامیابی آپ کو ملے گی اور دشمن آپ کے لیے کسی طرح کے نقصان کا باعث نہ بنے گا۔ اور آپ اُسے ہر میدان میں نیچا دکھاتے رہیں گے اسے زیر رکھیں گے۔

اگر مندرجہ بالا ترتیب سے حاصل جمع تین ملے تو یہ عدد مشتری سیارے سے منتقلہ ہے اور اس کی خصوصیت ترقی و توسیع پر منتج ہے اس طرح اس سوال کا جواب کامیابی میں ملے گا اگر جواب میں ۶ کا عدد ہے تو سمجھ لیجئے انجام کار دشمن سے مرضی کے مطابق صلح ہو گی اور یہ بہت بڑی کامیابی ہو گی۔ آئندہ کسی طرح کا جھگڑا باقی نہ رہے گا۔ اسی طرح دوسرے سیارگان کی خصوصیت کے مطابق آپ کا عدد متاثر ہو گا اور وہی کام ہو گا جیسے سیارے اپنی گردش سے ظاہر کریں گے۔

دل کے حالات سے بھی آگاہ ہوا جاسکتا ہے :

کسی کے دل کے حال کو جاننا کوئی اچھی بات نہیں ہے۔ یہ بات معاشرتی اعتبار سے بھی بُری ہے۔ اور اخلاقی اقدار کو ٹھیس پہنچاتی ہے۔ چونکہ یہاں علم کی معلومات کا مسئلہ ہے اس لیے اسے شوق اور دلچسپی کے لیے بیان کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کا ضمیر کوئی سوال کرے تو اُس کا جواب مل سکتا ہے۔

کس طرح آپ دل کا حال معلوم کر سکتے ہیں :

کوئی اگر آپ سے کہے کہ میرے دل کے راز کے بارے میں بتائیے۔ اگر آپ علم الاعداد جانتے ہیں تو آپ اُس سے کہیں کہ اپنے دل سے کوئی سوال پیدا کرے بعد ازاں ۹ عدد حسب ترتیب سے بھی اس کے دل میں آئیں ایک کاغذ پر تحریر کر دے پھر آپ اعداد کو جوڑ لیں۔ اور اُسے میزان میں جمع کر دیں اور جو حاصل جمع حاصل ہو۔ اس طرح سوال کا جواب حاصل ہو جائے گا اور اس کے دل کے راز کے سوال کے مطابق آپ جواب دے سکتے ہیں۔ یا اگر وہ خود علم جانتا ہے۔ تو آپ بھی جواب حاصل کر سکتا ہے۔

مثال کے طور پر اعداد اس طرح لکھے ہیں۔

۸۶ ۳ ۲۴ ۲۵۱۷۱

ان کی جمع ۳۹ بنی۔ اس جمع میں اور جمع کر لیں تو ٹوٹل ۲۴ ہو جائے گا۔ اب اس عدد کا حال جان لیجیے آپ جس سوال کا جواب دینا چاہیں۔ مندرجہ بالا قاعدے کی رو سے دیں۔

دل میں پیدا ہونے والے سوالات

۸۶ تک عدد رکھنے والوں کے سوالات مندرجہ ذیل ہیں

ان کے جوابات آپ کو قاعدے اور ترتیب کے مطابق دینے ہوں گے

نمبر ۱ عدد کا سوال :

میں ملازمت میں ترقی چاہتا ہوں۔ عزت چاہتا ہوں تجارت یا کسی قسم کا کاروبار میرے لیے مفید رہے گا یا نہیں۔ اب ہم ایک مثال آپ کو دیتے ہیں مگر کسی ترتیب کا ٹوٹل ۸۶ سے زیادہ ہو۔ اس کو ۷ + ۸ خیال کریں اس طرح ٹوٹل ۱۵ ہوگا اور جواب اس کی ڈمانڈ کے مطابق دینا ہوگا۔ اگر ۸۸ ہو تو ۸ + ۸ = ۱۶ ہوگا اس طرح عدد کا سوال دیکھ لیں۔

نمبر ۲ عدد کا سوال :

دور دراز کا سفر کیسا رہے گا۔ وہ نئے نئے مقامات دیکھنا چاہتا ہے۔ جائے یا نہ جائے وہ شادی کرنا چاہتا ہے۔ بزنس بڑھانا چاہتا ہے؟ اس کے دل میں دور رہنے والے شخص کا خیال ہے۔ اُس سے کب ملاقات ہوگی۔

نمبر ۳ عدد کا سوال :

وہ آپ سے کہے گا کہ اُسے جسمانی تکلیف ہے۔ درد گردہ ہے بخار ہے وہ پریشان اور غمگین ہے اُس کا مستقبل کیسا ہوگا۔ وہ کاروبار میں کامیاب رہے گا یا نہیں؟ اسی قسم کے مختلف سوالات۔

نمبر ۴ عدد کا سوال :

وہ آپ سے پوچھے گا کہ اُس کے گھریلو معاملات کیسے رہیں گے۔ اس کی زوجہ اُس سے پیار رکھتی ہے یا نہیں وہ اس قسم کے سوالات کرے گا جن کا تعلق دل کے معاملات

سے ہو گا۔

نمبر ۵ عدد کا سوال :

وہ محبوب سے ملاقات کے بارے میں دل سے پوچھے گا۔ یا شادی کا تصور کرے گا۔ یا شادی ہونے کے بارے میں سوچے گا۔

نمبر ۶ عدد کا سوال :

اس کے دل میں سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ وہ کسی دور رہنے والے دوست احباب یا عزیز کی خیریت دریافت کرنا چاہتا ہے۔ اور یہ ممکن ہے کہ اُس سے ملنے وہ خود بھی جانے والا ہو۔ اُس کی جستجو میں سفر کرنے والا ہو۔

نمبر ۷ عدد کا سوال :

اس کے دل میں کسی خزانے کی تلاش ہو۔ یا وہ کسی ایسی چیز کے بارے میں جاننا چاہتا ہوں کہ وہ کیا ہے اُسے ملے گی یا نہیں یہ بھی ہو سکتا ہے وہ اپنے لیے کسی عمارت یا مکان بنانے کے چکر میں ہو۔

نمبر ۸ عدد کا سوال :

اس کے دل میں ہو کہ وہ کسی پرانی شئے کو حاصل کرلے۔ اور اُس کے لیے وہ تگ و دو کرنا چاہتا ہو۔ اُسے جلد پانے کی تمنا اس کے دل میں ہو۔

نمبر ۹ عدد کا سوال :

اس کے دل میں پریشانیوں کے بگولے اٹھ رہے ہوں وہ بربادی تباہی یا موت سے خوفزدہ ہو۔ یا اُسے مالی غم ہو۔ یا اُسے کاروبار کے نقصان کا احتمال ہو۔

نمبر ۱۰ عدد کا سوال :

اس کے دل میں سوال ہو کہ اُس کی بیوی اُس سے کیوں جھگڑتی ہے۔ یا اُس کے گھریلو معاملات کیوں درست نہیں ہیں۔ گھر میں ہر وقت جھگڑا ہوتا رہتا ہے ؟

نمبر ۱۱ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہو۔ کہ اُسے وراثت میں کیا کچھ ملے گا۔ یا اس کے دل میں سوال ہو کہ فلاں جائیداد اس کے قبضے میں کب آئے گی۔

نمبر ۱۲ عدد کا سوال :

اس کے دل میں ہو۔ کہ وہ عیش و عشرت کس طرح حاصل کر سکتا ہے یا وہ کوئی تعیش آمیز بزم آراستہ کرنا چاہتا ہو۔ ذاتی عیش کرنا چاہتا ہو گلچھرے اڑانا چاہتا

نمبر ۱۳ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہو کہ اُسے کس طرح روپیہ ملے گا۔ یا کس طرح وہ دولت حاصل کرے گا۔ کس سمت سے اُسے دولت ملے گی۔ اس کے دل میں مالی مفاد کا سوال ہو۔

نمبر ۱۴ کا سوال :

یہ سوچ رہا ہو کہ اپنی محبوبہ کو ملنے کے لیے سفر کرے یا نہ کرے۔ اور وہ کہیں قریب ہی جانا چاہتا ہو۔ اور یہ جانے کے لیے اس کے دل میں سوال ہو کہ وہ اس سفر میں کامیاب رہے گا یا نہیں۔

نمبر ۱۵ عدد کا سوال :

وہ اپنے دل میں کسی دوست عزیز یا محبوب کی موت سے خائف ہو کہ کہیں وہ مر نہ جائے۔ یا وہ کسی اور مصیبت پھنسا ہوا ہو۔ یا اُس کے دل میں رنج اور خطرناک اُلجھن ہو۔

نمبر ۱۶ عدد کا سوال :

اس کے دل میں خیال ہو کہ وہ کسی امیر ترین خاتون سے نکاح پڑھاتے اور اپنے حالات کے مطابق عیش و عشرت کرے۔

نمبر ۱۷ عدد کا سوال :

وہ کسی جسمانی تکلیف کے بارے میں سوال سوچ رہا ہو۔ یا اُس کا کوئی ایسا نوکر چلا گیا ہو۔ جس کے بغیر اُس کا کام نہ چلتا ہو۔ اور اُس کے بغیر اُسے نقصان ہو رہا ہو۔ کاروبار میں خلل آ گیا ہو۔

نمبر ۱۸ عدد کا سوال :

اس کے دل میں ایسا سوال ہو جس سے اُسے گھریلو مسرت حاصل ہو۔ اور وہ کسی مزے دار سفر کے بارے میں سوچ رہا ہو۔ یا اپنے بھائی کی خیریت کے بارے میں جاننا چاہتا ہو اُس بھائی کی جو اُس سے دور ہو۔

نمبر ۱۹ عدد کا سوال :

اس کے دل میں خواہش ہو کہ اُس کے گھر اولاد ہو اور وہ خوش دیکھے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ اپنے کسی گرفتار شدہ دوست یا عزیز کے بارے میں فکرمند ہو۔

نمبر ۲۰ عدد کا سوال :

اس کے دل میں یہ سوچ ہو کہ اُسے محبوب کا خط کب ملے گا وہ اُسے پانے کے لیے فکرمند ہو۔ اور اُس سے نام و پیام کی تمنا اس کے دل میں ہو۔ وہ اُسے ملنا چاہتا ہو۔

نمبر ۲۱ عدد کا سوال :

اس کے دل میں دولت کی سوچ ہو۔ اور وہ چاندی کی کوئی چیز حاصل کرنا چاہتا ہو یا اُس سے ملتی جلتی چیز پانے کی کے لیے فکرمند ہو۔

نمبر ۲۲ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہو کہ دشمن اُسے نقصان پہنچائے گا۔ اس لیے وہ فکرمند ہو۔ یا اس کے دل میں ہو کہ اُس کی شرارتی بیوی اس سے کوئی شرارت نہ کرے یا اُس سے بدمزاجی سے پیش نہ آئے یا وہ اپنے کسی بددیانت کاروباری شریک کے متعلق سوچ رہا ہو۔

۲۳ عدد کا سوال:

اس کے دل میں اس قسم کی سوچ ہو۔ کہ وہ ہمیشہ عیش و آرام کی زندگی گزارے اُس کے پاس بے شمار دولت ہو۔ لوگ اس کی عزت کریں۔ خوبصورت عورتیں اس کے ارد گرد جمع ہوں اور وہ اپنے تعیش کو جاری رکھے۔ اس کے پاس عظیم الشان بنگلہ ہو اور قیمتی کار ہو۔

۲۴ عدد کا سوال:

وہ دل میں سوچ رہا ہو۔ کہ اُس کی ملازمت کا کیا بنے گا۔ یا بگڑتا ہوا کاروبار کیا رنگ دکھائے گا اس کے سامنے گھریلو جھگڑے ہوں۔ یا وہ کسی عورت کو چاہتا ہو۔ اور اُس سے جلد شادی کا خواہاں ہو۔

۲۵ عدد کا سوال:

اس کے دل میں کسی بے بہا اور بیش قیمت خزانے کا تصور ہو۔ اور وہ اُسے حاصل کرنا چاہتا ہو۔ اور اُس کے دل میں چمکتی ہوئی اشیاء کی خواہش موجود ہو اور وہ کوئی سہانا سفر چاہتا ہو۔

۲۶ عدد کا سوال:

وہ سوچ رہا ہو۔ کہ اُسے وراثت کب ملے گی۔ کب اُس کے دن پھریں گے اور کب وہ امیر ہو گا اُسے کسی عزیز کی طرف سے دولت ملے گی اور کب خوش حال ہو گا۔

۲۷ عدد کا سوال:

اُس کے دل میں تمنا ہو کہ اُسے اپنے دل کے قریب ترین عزیز دولت احباب یا محبوب سے ملایا جائے۔ اُس کے دل میں اُس قسم کا سوال بھی موجود ہو سکتا ہے کہ وہ کسی بند مقام میں محبوب ہو کر رہ جائے۔

۲۸ عدد کا سوال:

وہ سوچ رہا ہو کہ نیا چاند کب طلوع ہو گا۔ یا وہ سوچ رہا ہو کہ وہ نئے کپڑے کب

سلوائے گا یا اُس کے دل میں چاندی کی نئی نئی چیزیں پانے کی تمنا ہو۔ اور وہ اُنہیں کس طرح اور کب حاصل کر سکتا ہو۔ یا وہ کسی شے کی تمنا میں گھائل ہو رہا ہو۔ اور اُسے پانے کے سوالات اس کے دل میں تیزی سے گردش کر رہے ہوں۔

نمبر ۲۹ عدد کا سوال :

اپنی برباد ہوتی ہوئی صحت کے بارے میں سوچ رہا ہو۔ اور اُس کے دل میں سوال ہو کہ وہ اپنی صحت کو کس طرح بحال کر سکتا ہے۔ اور وہ کئی مصیبتوں میں مبتلا ہو۔ یا پریشانیوں نے اُسے گھیر رکھا ہو۔ ان کے تدارک کا سوال اُس کے دل میں ہو سکتا ہے۔

نمبر ۳۰ عدد کا سوال :

وہ بے حد خوش ہو۔ اور چاہتا ہو کہ اُس کے دل میں بچوں سے متعلق جو سوالات گردش کر رہے ہیں۔ ان کے صحیح جوابات مل جائیں۔ یا وہ سوچ رہا ہو۔ کہ اُسے کسی طرف سے وراثت میں دولت اور جائیداد مل جائے۔

نمبر ۳۱ عدد کا سوال :

وہ خیال کر رہا ہو کہ اُس کے گھر میں کوئی سانپ ہے یا کوئی خطرناک بلا موجود ہے اس کے علاوہ اس کے دل میں یہ بھی سوال ہے کہ اُس کے گھر میں کوئی خزانہ موجود ہے وہ اُسے حاصل کرنے کی جستجو میں ہے۔

نمبر ۳۲ عدد کا سوال :

اُسے نواب بننے کی فکر لاحق ہے وہ چاہتا ہے کہ اُس کی سینکڑوں ایکڑ زمین ہو۔ اور وہ لینڈ لارڈ بن کر عیش و عشرت کرے۔ اسی قسم کے سوالات اُس کے دل میں پیدا ہو رہے ہوں۔

نمبر ۳۳ عدد کا سوال :

اس کے دل میں سوال موجود ہے کہ وہ کسی طرح ایسا کاروبار کرے جس سے

اُسے بے شمار دولت حاصل ہو۔ خوشبوؤں کا پیغام ملے اور وہ راحت کی زندگی بسر کرے۔

نمبر ۳۴ عدد کا سوال :

اس کے دل میں سوال موجود ہے کہ کس طرح وہ اناج اکٹھا کرے اور اُسے کس طرح شور کرے۔ تاکہ اُس سے اُسے منفعت حاصل ہو۔

نمبر ۳۵ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہے۔ کہ اُس کی بیوی کو حمل ہے یا نہیں۔ اگر نہیں ہا ہے۔ تو اس کی کیا وجہ ہے۔ اُس کے دل میں اپنی یا اپنی اہلیہ کی کسی کمزوری کا سوال موجود ہے۔

نمبر ۳۶ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہے کہ اُسے ناکامی کیوں ہوئی ہے اُس کا جواز کیا ہے۔ اس کے علاوہ اسے اپنے بیمار بچے کا بھی خیال ہے۔ دوسرے اُس کے دل میں یہ سوال بھی موجود ہے کہ اُس کا زوال پذیر کاروبار اس طرح کامیاب ہو سکتا ہے۔ اُس کی ناکامیاں کامیابیوں میں کس طرح بدل سکتی ہیں۔

نمبر ۳۷ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہے۔ کہ گھریلو جھگڑے اور پریشانیاں اُس کا پیچھا کبھی نہیں چھوڑ دینیں۔ بیوی نے اُسے مصائب میں مبتلا کر رکھا ہے اور اُسے دن بدن نقصان پہنچا رہی ہے۔

نمبر ۳۸ عدد کا سوال :

اس کے دل میں سوال موجود ہے کہ انہیں وہ شخص اُس وبائی مرض سے مر ہی نہ جائے وہ یہ بھی سوچ رہا ہے کہ کسی طرح اُس کی بہن کی خیر و عافیت کی خبر ملے اور اُس کی طرف سے مطمئن ہو سکے۔

نمبر ۳۹ عدد کا سوال :

اس کے دل میں خیال ہے کہ وہ کسی ایسی جگہ چلا جائے۔ جو مقام اُس کے لیے کسی رکاوٹ کا باعث نہ بنے وہ بند اور محفوظ ہو۔ اور وہ دنیا سے الگ تھلگ ہو کر یادِ الٰہی میں مصروف ہو سکے۔

نمبر ۴۰ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہے کہ اُس کے پاس قیمتی ہیرے جواہرات ہوں۔ یا وہ اور کسی قسم کی بیش قیمت اشیاء کو حاصل کر سکے۔ اُسے یہ سوال پریشان کئے ہوئے ہے وہ چاہتا ہے کہ کسی بھی طرح ان اشیاء کو پالے۔

نمبر ۴۱ عدد کا سوال :

وہ پوچھنا چاہتا ہے کہ اُسے اپنے عہدے میں ترقی ہو گی یا نہیں ہے۔ یا اُسے مالی فائدہ ہوگا یا نہیں۔ یا اُسے کسی سے معاشی مدد ملے گی یا نہیں۔ لوگ اُسے فائدہ پہنچائیں گے یا نہیں یا اس کے دل میں سوال موجود ہے کہ موجود غلے کی کیا قیمت ہے۔

نمبر ۴۲ عدد کا سوال :

اس کے دل میں اُس وقت اپنے اوپر احسان کرنے والی کسی خاتون کا خیال موجود ہے۔ یا اُس کے دل میں یہ سوال ہو کہ اُس کا عزیز ترین دوست کیسا ہے اور رفتار اپنے والے اُس کے عزیز و اقارب کس حال میں ہیں۔

نمبر ۴۳ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہو کہ اُسے وراثت کب ملے گی۔ یا اُس کے دل میں اپنے کسی ضعیف عزیز کا خیال موجود ہے۔ یا وہ یہ سوچ رہا ہو۔ کہ اپنی پرانی عمارت کو کس فروخت کرے۔ یا اُس کی تعمیر کس طرح کرے۔ اُسے فروخت کرنا بہتر ہوگا یا اُسے تعمیر کرنا بہتر ہوگا۔

۴۴ عدد کا سوال :

اس کے دل میں سوال ہے کہ وہ اپنے ذاتی عیش و آرام کو ہمیشہ کے لیے جاری رکھے مگر اس کے لیے اسے کیا کرنا ہوگا۔ یہ بھی ہو سکتا ہے وہ سوچ رہا ہو کہ دور رہنے والے اس کے بھائی کی اُسے خبر کیوں نہیں ملتی۔ وہ ٹھیک بھی یا نہیں، کہیں وہ بہت زیادہ پریشان تو نہیں ہے۔

۴۵ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہے کہ اُسے کاروبار میں معمولی نقصان کا خطرہ ہے اور وہ یہ بھی سوال لیے ہوئے ہیں۔ کہ اُس کی شادی وہاں ہو جائے گی جہاں وہ چاہتا ہے۔ اُسے اپنی مرضی کے مطابق بیوی ملے گی یا نہیں۔

۴۶ عدد کا سوال :

وہ یہ سوچ رہا ہو کہ اسے کسی مالدار رشتہ دار کے ملنے سے کتنا فائدہ ہوگا۔ اُسے وہ وراثت ملے گی بھی یا نہیں۔ یا اُسے کسی امیر دوست سے کتنا فائدہ ہوگا۔ یا وہ اُس کی مدد کرے گا بھی کہ نہیں۔

۴۷ عدد کا سوال :

اُس کے دل میں یہ معلوم کرنے کی خواہش موجود ہے کہ وہ اس وقت جن پریشانیوں میں مبتلا ہے وہ کب دور ہوں گی۔ ہوں گی بھی یا نہیں اُسے کب قلبی سکون محسوس ہوگا اُس کی الجھنیں اور مشکلیں کب ختم ہوں گی۔

۴۸ عدد کا سوال :

اس کے دل میں سوال موجود ہے کہ وہ اپنے ملازم کے ذریعے اُس عورت کو جس کو وہ پسند کرتا ہے۔ کس طرح اپنی تنہائی میں بلائے یا وہ سوچ رہا ہے۔ اُسکی حکومت گاہ کس طرح کی ہونی چاہیئے۔ وہاں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

نمبر ۴۹ عدد کا سوال :

اُس کے دل میں خواہش بن کر سوال ابھرا ہے کہ وہ اپنی ماں سے کس طرح دولت حاصل کرے یا اُس کے دل میں کسی واقف کار معزز خاتون کا خیال ہے وہ اُس سے کس طرح فائدہ اٹھائے۔

نمبر ۵۰ عدد کا سوال :

اس کے دل میں سوال موجود ہے کہ اُس کی ملازمت خطرے میں کیوں ہے۔ یا وہ زوال پذیر کیوں ہوئی ہے۔ اس کے دل میں یہ بھی خیال ہے کہ وہ کسی دوسرے مقام پر جاکر خوش حال ہوسکتا ہے یا نہیں۔ اُسے اس بات کا بھی فکر ہے کہ اُس کی بہن کو ایک افسوس آمیز پیغام ملا ہے۔

نمبر ۵۱ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہے کہ اُس کا کوئی ایسا کاروبار ہو جس سے اُسے بے پناہ فائدہ ہو۔ اور وہ اپنے گھر کی پرداخت اچھی طرح کرکے اور اپنی اولاد کا شاندار مستقبل بنا سکے اُن کی دیکھ بھال اچھی طرح کر سکے۔

نمبر ۵۲ عدد کا سوال :

اُس کے دل میں سوال ہے کہ اُس کا نوکر فرار ہوگیا ہے اس کی وجہ سے اُسے کافی مالی نقصان ہوا ہے وہ کس طرح تلاش کر سکتا ہے۔ وہ اپنی بیماری کی وجہ سے بھی پریشان ہے وہ چاہتا ہے کہ کسی طرح وہ صحت مند ہو جائے۔ اس کے ذہن میں یہ پریشانی بھی موجود ہے کہ اُس کی قیمتی چیز ضائع ہوگئی ہے۔

نمبر ۵۳ عدد کا سوال :

اُسے وہ سوال پریشان کر رہا ہے کہ اس کا زیور کس طرح گم ہوا اب وہ اُس سونے کے زیور کو کس طرح حاصل کر سکتا ہے وہ کسی حاکم کی طرف سے پریشان ہے۔ اس کی یہ

پریشانی کس طرح دور ہو سکتی ہے۔ یا اُس کی کوئی عزیز خاتون علیل ہے۔

۵۴ عدد کا سوال :

اس کی کوئی محبوبہ بیمار ہے۔ یا وہ خاتون پریشان ہے۔ جسے وہ چاہتا ہے۔ وہ اُس کی رشتے دار خاتون ہے۔ وہ اس وقت کسی مصیبت میں مبتلا ہے۔ وہ اس کی مصیبت کس طرح دور کر سکتا ہے کہ وہ پریشانیوں سے اُسے کس طرح نجات دلا سکتا ہے۔

۵۵ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہے کہ اپنی محبوبہ جو خوبصورت اور نازک اندام ہے اُسے کس طرح حاصل کرے۔ اور وہ اُس کی جدائی میں کب تک بے قرار رہے گا۔ دوسری طرف وہ اس لیے پریشان ہے۔ کہ کہیں اُس کا بہترین دوست مر ہی نہ جائے وہ اتنا بیمار ہے۔ کسی بھی وقت انتقال کر سکتا ہے۔

۵۶ عدد کا سوال :

اس کے دل میں سوال ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ مذہبی معلومات حاصل کرے اور اس کے لیے دور دراز ممالک جائے۔ ایسے سفر کرے جس میں اُسے زیادہ سے زیادہ مذہبی معلومات حاصل ہوں۔ اور وہ دوسرے مذاہب کے بارے میں بھی معلومات حاصل کر سکے۔ لوگ اُسے علم و فن کا بادشاہ کہیں۔

۵۷ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہے کہ اس کی پنشن میں اضافہ ہوگا یا نہیں۔ اُس کے پاس جو پس انداز کیا ہوا مال ہے وہ اس سے کس طرح فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اٹھا بھی سکتا ہے۔ یا نہیں اس کی موجودہ پریشانیاں کس طرح دور ہو سکتی ہیں۔

۵۸ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہے۔ کہ جس مقدمے میں وہ ملوث ہے اُس میں اُس پر جج مہربان

ہوگا یا نہیں۔ وہ کس طرح وکیل سے فائدہ اٹھائے جو اُسے مقدمے کی الجھن سے نجات دلائے یا اس کے دل میں یہ سوچ ہے کہ اس سلسلے میں اپنے پیر و مرشد سے ملے یا نہ ملے۔

نمبر ۵۹ عدد کا سوال:

وہ کسی ہسپتال کے بارے میں سوچ رہا ہے۔ یا اُس کے ذہن میں یہ سوال ہے کہ اُس کا فلاں عزیز ابھی زندہ ہے یا انتقال کر گیا ہے۔ اگر انتقال کر گیا ہے تو اُسے اس کے بارے میں اس طرح معلوم ہوگا۔ وہ جس ہسپتال کا مفکر کر رہا ہے کہ وہاں اس کا عزیز دوست داخل تھا۔ وہ زندہ ہے یا فوت ہوگیا ہے۔

عدد ۶۰ کا سوال:

اس کے دل میں خدا کی یاد موجود ہے۔ اور وہ کسی غیر ملکی بادشاہ کے بارے میں سوچ رہا ہے۔ یا اُس کے دل میں یہ سوال ہے کہ وہ اس مذہبی تقریب میں جائے نہ جائے۔ اگر جائے تو کس طرح جائے۔ یا کیسے وہ اس مذہبی تقریب میں شامل ہو سکتا ہے

عدد ۶۱ کا سوال:

اس کے دل میں سوال ہے۔ کہ وہ اپنے دوست سے کس طرح مدد حاصل کر کے کوئی اچھا کاروبار کر سکتا ہے۔ اسے اس کاروبار سے فائدہ ہوگا یا نہیں۔ یا وہ نقصان میں رہے گا۔ جس دوست کے بارے میں وہ سوچ رہا ہے کیا وہ معقول روپیہ دے گا بھی یا نہیں؟

نمبر ۶۲ عدد کا سوال:

وہ کسی ایسے معاہدے کے بارے میں سوچ رہا ہے۔ جس سے اُسے مالی منفعت حاصل ہو۔ یا کسی قانونی کاروائی کے ذریعے اپنے شریک کار سے فائدہ اٹھا سکے۔ کیونکہ وہ کاروبار شریک نقصان پہنچا رہا ہے۔

نمبر ۶۳ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہے کہ وہ اپنی بیوی کی اشیاء کس طرح اڑائے یا اُس سے کس طرح مالی فائدہ اٹھائے اور اُس کا مال و متاع حاصل کر سکے۔ وہ کسی مردہ خاتون کے خیال سے پریشان ہے۔ یا وہ کوئی اہم چیز کھو چکا ہے اُسے وہ چیز ملے گی یا نہیں۔

نمبر ۶۴ عدد کا سوال :

وہ دل میں سوال لیے ہوئے ہے کہ اُسے کسی شخص سے کس طرح مالی فائدہ ہو سکتا ہے۔ وہ کس طرح مالی منفعت اپنے عزیزوں سے اٹھا سکتا ہے۔ وہ یہ معلوم کرنے کی فکر میں مبتلا ہے۔ کہ اسے کاروبار میں کس طرح فائدہ ہوگا۔ یا اُس کے ذہن میں کسی عزیز ترین بزرگ کا تصور ہے۔ کہ اس کی ملاقات سے اُسے کیا مفاد حاصل ہوگا۔

نمبر ۶۵ عدد کا سوال :

اس کے دل میں خواہش ہے کہ وہ کچھ دنوں کے لیے سیر و تفریح کے لیے جائے لیکن اس اقدام سے اُسے نقصان تو نہ ہوگا۔ وہ اپنی بہن کی بیماری سے فکرمند رہے۔ یہ سوال بھی اس کے دل میں ہے کہ اُس کی بیوی حاملہ ہے یا نہیں۔

نمبر ۶۶ عدد کا سوال :

اس کے دل میں قبرستان کا تصور موجود ہے۔ اس سے وہ خوفزدہ ہے۔ وہ اپنے اس خوف کو کس طرح دور کر سکتا ہے۔ اور اُسے اپنے کسی مردہ دوست کا خیال بھی ستا رہا ہے وہ ان پریشان تصورات سے کس طرح نجات حاصل کر سکتا ہے۔

نمبر ۶۷ عدد کا سوال :

اس کے دل میں سوال ہے کہ وہ اپنی وفات پانے والی بیوی کی وراثت اور ترکے کو جلد سے جلد اپنے قبضے میں لے لے وہ کس طرح یہ قدم اٹھائے۔ اُسے اپنے کسی انتقال کر گئے رشتے دار کا خیال بھی پریشان کرتا رہتا ہے وہ اس پریشانی سے کس طرح نجات

حاصل کرے۔

نمبر ۶۸ عدد کا سوال :

وہ اپنی کمسن بچی کے تصور میں ہے۔ اور کوئی بھروسہ مند مقام کی تلاش میں ہے۔

نمبر ۶۹ عدد کا سوال :

اگر وہ نیا کاروبار شروع کرے تو اُسے فائدہ بھی ہوگا یا نہیں۔ کہیں وہ نقصان میں تو نہ رہے گا۔ اگر وہ نئے کپڑے سلوائے گا تو اس کے لیے مبارک رہے گا یا نہیں اس کے دل میں سوال ہے کہ وہ کونسا کاروبار شروع کرکے مالی منفعت اٹھا سکتا ہے۔

نمبر ۷۰ عدد کا سوال :

اس کے دل میں شادی کا تصور ہے۔ اور وہ اس کے بارے میں یہ سوال سوچ رہا ہے کہ اس شادی سے وہ مطمئن ہوگا یا نہیں۔ اُسے اچھی بیوی ملے گی۔ یا اُس کی زندگی خاندانی جھگڑوں کی الجھن میں پھنس کر رہ جائے گی۔

نمبر ۷۱ عدد کا سوال :

اس کے دل میں سوال ہے۔ کہ سامنے پانی سے لبالب بھری ہوئی ٹنکی کہیں خراب تو نہیں ہوگئی۔ یا اُسے اُس ٹنکی سے کوئی نقصان تو نہیں پہنچ رہا۔ اور وہ اس وقت پرائیویٹ کمرے میں ہے۔ یہ حرکت اچھی ہے یا بری ہے۔

نمبر ۷۲ عدد کا سوال :

اس کے دل میں اس وقت وہ سوال کروٹیں لے رہا ہے کہ اُس کا جو خاص دوست ہے اور وہ اُس پر بے حد مہربان ہے اور وہ مالدار بھی بہت ہے۔ وہ اُسے مالی مدد دے کر فائدہ پہنچائے گا یا نہیں۔ وہ کس طرح اُس سے منفعت حاصل کر سکتا ہے۔

نمبر ۷۳ عدد کا سوال :

وہ سوچ رہا ہے کہ وہ بہت جلد کسی دوسری جگہ چلا جائے۔ مگر اُسے اُس جگہ منتقل

ہونے سے نقصان تو نہ ہوگا۔ اس کے دل میں یہ بات بھی ہے کہ اس کے بھائی نے اُسے اتنا افسوس ناک پیغام کیوں بھیجا ہے۔ جس سے وہ مشتعل ہو گیا۔ اور غم و غصے کی حالت میں وہ غیظ میں بھرا ہوا ہے۔

نمبر ۷۴ عدد کا سوال :

وہ کسی زبردست دشمن کو شکست دینے کے بارے میں سوال دل میں لیے ہوئے ہے اُسے یہ بھی سوچ ہے کہ وہ اپنی سرکش اور خود پسند بیوی کو کس طرح راہ راست پر ڈال کر زیر کر سکتا ہے۔ علاوہ ازیں اس کے دل میں یہ بھی سوال گردش کر رہا ہے کہ اس کے تصور میں جو چمکیلی اور قیمتی چیز چکر لگا رہی ہے اُسے وہ کیسے حاصل کر پائے۔

نمبر ۷۵ عدد کا سوال :

اس کے دل میں کسی مدفون خزانے کا تصور موجود ہے۔ اور وہ کسی طرح اُسے حاصل کرنے کی فکر میں ہے تاکہ امیر ترین شخص بن سکے۔ علاوہ ازیں وہ اس سوچ میں ہے۔ کہ کسی خوبصورت مقام کی سیر کو چلا جائے۔ یا کوئی شاندار بنگلہ بنا کر اُس میں رہائش کرے۔

نمبر ۷۶ عدد کا سوال :

وہ چاہتا ہے کہ کسی طرح اس کی قوم اچھی درسگاہوں میں تعلیم حاصل کرے۔ اور ملک میں بہتر بن درسگاہوں کا وجود بڑھتا چلا جائے تاکہ قوم تعلیم یافتہ ہو۔ اور مہذب کہلائے جاہلیت ختم ہو۔ ایک سوال اس کے ذہن میں اور بھی ہے کہ وہ اپنے بیٹے شادی کس جگہ کرے وہ ایسی جگہ اپنے بیٹے کی شادی کرنے کا متمنی ہے۔ جہاں اُسے قلبی سکون حاصل ہو۔ اور اچھی رشتے داری ملے۔ لوگ شریف ہوں۔

نمبر ۷۷ عدد کا سوال :

اسے ایک خادمہ تنگ کر رہی ہے۔ وہ اس کی حرکات کس طرح درست کر سکتا

ہے اور اس کے تصور میں بار بار کوئی سفید چیز آرہی ہے۔ اُسے سفید کپڑے کا تصور بھی ہے اور وہ اپنی دوائی اور پانی کے بارے میں بھی سوچوں میں غرق ہے۔

نمبر ۷۸ عدد کا سوال:

وہ اپنے کسی ضعیف دوست کے بارے میں سوچ رہا ہے اور اس کے متفکر ہے یا اس کے دل میں ایک اور سوال موجود ہے کہ وہ اپنے گرفتار شدہ دوست کی کس طرح مدد کر سکتا ہے۔ اُسے اس طرح باہر لا سکتا ہے۔

نمبر ۷۹ عدد کا سوال:

اسے یہ سوال متفکر کئے ہوئے ہے کہ اُس کی مالی حالت کس طرح سدھرے گی اور وہ کاروبار میں کس طرح فائدہ اٹھائے گا۔ اس کا موجودہ کاروبار کس طرح ترقی پذیر ہوگا اور اس کے لیے مالی مفادات کا سبب بنے گا۔

نمبر ۸۰ عدد کا سوال:

وہ سوچ رہا ہے کہ آگ لگنے کی وجہ سے اُسے جو نقصان ہوا ہے۔ وہ اُسے کس طرح پورا کر سکتا ہے۔ اُسے کس طرح مالی فائدہ ہو سکتا ہے۔ اسے ایک اور خیال نے بھی تنگ کیا ہوا ہے۔ کہ دور دراز مقام پہ جو اس کا عزیز دوست رہتا تھا۔ وہ مر گیا یا زندہ ہے اسکی موت نے اُسے پریشان کیا ہوا ہے۔

نمبر ۸۱ عدد کا سوال:

اُس کے دل میں ایک سوال موجود ہے۔ کہ وہ کس طرح اپنے عزیز رشتے دار سے مالی فائدہ اٹھائے کیونکہ وہ رشتے دار بہت زیادہ مالدار ہے۔ وہ اُسے کس طرح ذاتی کاروبار کے لیے دولت دے سکتا ہے۔

نمبر ۸۲ عدد کا سوال:

اس کے دل میں سوال موجود ہے کہ وہ کس طرح اپنے عزیز کا ترکہ حاصل کر سکتا ہے۔ اور وہ

اس سوچ میں بھی ہے کہ اُسے اپنے کس عزیز کی طرف سے خوشی اور مسرت کا پیغام ملے گا۔ اُسے کامرانیاں اور کامیابیاں کب حاصل ہوں گی۔

۸۳ عدد کا سوال:

وہ نہر پر کچھ زمین حاصل کرنے کے لیے فکر مند ہے اور سوچ رہا ہے کہ زمین ملے گی بھی یا نہیں۔ وہ کوئی تجارت کرنے اور فیکٹری لگانے کا آرزومند بھی ہے۔ اور اس کے لیے یہ سوال اس کے دل میں موجود ہے کہ اُسے اُس سے کتنا فائدہ حاصل ہوگا۔ اور وہ یہ بھی سوچ رہا ہے۔

۸۴ عدد کا سوال:

وہ اس سوچ میں مبتلا ہے کہ اس کی بیٹی پریشان ہے وہ اُس کی پریشانی کیسے دور کر سکتا ہے وہ یہ بھی سوال دل میں لیے ہوئے ہیں کہ وہ اس کا عزیز ترین محبوب اس وقت کس حال میں ہے۔

۸۵ عدد کا سوال:

وہ اس سوچ میں ہے کہ اُس کا مستقبل اس طرح تابناک ہو سکتا ہے۔

۸۶ عدد کا سوال:

وہ کس طرح اپنے دشمنوں پر غلبہ پا سکتا ہے اور اپنی الجھنوں کو دور کر سکتا ہے۔

باب نمبر ۷

ماہر علم نجوم سست پال نے دن کے عدد اور قسمت کے عدد کو ملا کر جو حالات مرتب کئے ہیں۔ مندرجہ ذیل ہیں۔ سست پال علم الاعداد کا ماہر تھا اس کا انتقال ۱۹۰۷ء میں ہوا اور اُس نے اعداد کے بارے میں جو علم دیا ہے۔ وہ پائیدار معلوماتی اور ٹھوس ہے حضرت دہاب نے بھی علم الاعداد کے بارے میں کافی معلومات فراہم کی ہیں۔ وہ بھی علم الاعداد اور علم نجوم میں مہارت رکھتے تھے۔ اسلامی نقطۂ نگاہ سے بھی علم الاعداد کی تشریحات کی گئی ہیں۔

ایک سے نو تک قسمت کے عدد اور دن کے عدد رکھنے والوں کے حالات کیسے ہوتے ہیں

قسمت کا عدد ایک اور دن کا عدد تین ہو تو یہ کس قسم کے لوگ ہوتے ہیں

یہ افراد آزاد رہنا پسند کرتے ہیں وہ کسی قسم کی پابندی قبول نہیں کرتے وہ مغرور اور متکبر ہوتے ہیں۔ کسی کے مشورے کو خاطر میں نہ لائیں گے اپنی رائے پر عمل کریں گے

اور وہ جو فیصلہ کریں گے ٹھوس کریں گے۔ وہ قابل اعتماد ہوتے ہیں۔ وہ ذمے داریوں کو نباہنے کی صلاحیت رکھتے ہیں ان میں حکومت کرنے کا جذبہ ہوتا ہے وہ باعزم ہمت والے اور بہادر ہوتے ہیں شجاعت ان کی فطرت میں ہوتی ہے وہ اکثر دل کے امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں ان کی داہنی آنکھ جانے کا خطرہ بھی ہو سکتا ہے۔ وہ لوگ اکثر کرنجی آنکھیں رکھتے ہیں ان کا جسم مضبوط ہوتا ہے وہ قوی ہیکل ہوتے ہیں۔ اور صحت اچھی رکھتے ہیں۔ رنگ ان کا سرخ ہوتا ہے خوف ان کے قریب سے بھی نہیں گزرتا۔ وہ لوگ ہر میدان میں اپنی قوت کا سکہ جما دیتے ہیں اور فتوحات کے جھنڈے گاڑ دیتے ہیں۔ صلاح الدین ایوبی کا عدد اور دن کا عدد ۳ تھا۔ اُس نے بے شمار صلیبی جنگیں لڑیں۔ اور انگریزوں کو شکست دی پوری دنیا میں بہادری اور دلیری میں نام کمایا۔ اور لازوال شہرت حاصل کی اس قسم کے لوگ ہمیشہ دیرانہ زندگی گزارتے ہیں بزدلی سے ان کا دور کا بھی واسطہ نہیں ہوتا۔

عدد ۲ اور دن کا عدد ۲ رکھنے والے لوگ کیسے ہوتے ہیں

ان کے بارے میں علم الاعداد کا ماہر کہتا ہے۔ کہ ایسے لوگ عورتوں کے شوقین ہوتے ہیں۔ اور عورتوں سے عشق لڑانا پسند کرتے ہیں۔ وہ ایک قرار حاصل نہیں کر سکتے ادھر ادھر بھاگے پھرتے ہیں۔ عورتوں کے شوقین اور اُن سے عشق لڑانے کے باوجود عورتیں انہیں ہمیشہ دھوکہ دیتی ہیں۔ اور وہ عورتوں کے معاملات میں بدقسمت ہوتے ہیں اگر وہ کسی چیز کو گم کر دیں تو وہ انہیں کبھی نہ ملے گی۔ وہ متلون مزاج ہوتے ہیں۔ ان کی طبیعت میں گھبراوٹ پائی جاتی ہے۔ وہ پارے کی طرح بے قرار رہتے ہیں۔ اور یہ وجہ اُن کے کام بگاڑ دیتی ہے وہ مالی الجھنوں میں گرفتار رہتے ہیں۔ سیر و تفریح کو پسند کرتے ہیں۔ معاشی منفعت انہیں کم ہی حاصل ہوتی ہے۔ وہ تنگ دستی کا شکار رہتے ہیں۔

عدد ۳ اور دن کے ۴ عدد کے مالک لوگ !

ان افراد کو موٹاپے کی بیماری لگ جاتی ہے۔ اکثر لوگ مذہبی کی طرف مائل ہو جاتے ہیں یہ لوگ اگر بحری سفر یا مویشیوں کی تجارت کریں گے تو نحوست کا شکار رہوں گے۔ یہ فیاض دل اور سخی ہوتے ہیں۔ انہیں دریا دل کہا جاتا ہے۔ وہ روپیہ فضول خرچ کرتے ہیں۔ اس لیے ان کے پاس دولت جمع نہیں ہوتی۔ وہ لوگوں کے لیے رہتے دل میں ہمدردانہ جذبات رکھتے ہیں۔ وہ دوسروں کی مدد دیتے ہیں۔ اس طرح اگر ان کا مفاد بھی ضائع ہو جائے تو وہ بھی پرواہ نہیں کرتے خلق خدا کے کام آنا وہ عبادت سمجھتے ہیں۔ مگر اس معاملے میں وہ بدقسمت ہیں کہ انہیں بھی کوئی فائدہ پہنچائے۔ ان کے دوست انہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچاتے وہ ہمیشہ بلند خیالات رکھتے ہیں۔ اور ابدانہ ٹھاٹھ سے زندگی گزارنے کے آرزومند ہوتے ہیں۔ ان کی کوشش یہی ہوتی ہے۔ کہ سرمایہ داروں کی طرح نہیں زندگی گزاریں۔ ان کے پاس بے شمار دولت ہو تو اسے بھی وہ کم سمجھتے ہیں۔ دولت کی فراوانی ان کی نظروں میں کوئی وقعت نہیں رکھتی۔ ان کی پیشانی کشادہ اور فراخ ہوتی ہے۔ جو بلند خیالی کا نشان ہے ان کے سر کے بال گھنے ہوتے ہیں۔ مگر ان کے ساتھ یہ بدقسمتی ہے۔ کہ ان کے بال عالم جوانی میں ہی جھڑنے شروع ہو جاتے ہیں ان کے دانت بڑے بڑے اور آنکھیں ابھری ہوئی ہوں گی وہ اکثر معدے اور جگر کے مرض میں مبتلا رہتے ہیں۔ اور اس وجہ سے وہ کچھ پریشان ہو جاتے ہیں۔

عدد ۴ اور دن کا عدد ۳ رکھنے والے افراد !

وہ جب سفر کرتے ہیں۔ تو اپنے آرام کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ مگر انہیں آرام نہیں ملتا جس کی وجہ سے وہ پریشان ہو جاتے ہیں۔ وہ اکثر معاشی بدحالی کا شکار رہتے ہیں اور

اُن کی مالی حالت خراب رہتی ہے وہ ضدی ہوتے ہیں کینہ پروری ان کی فطرت میں ہوتی ہے تند خوشی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ وہ مذہبی تعصبات اور کا شکار رہتے ہیں ان کے دل میں دوسروں کے لیے حقارت ہوتی ہے۔ اور وہ اُس کا مظاہرہ کرتے رہتے ہیں وہ ظاہری نمائش دیدار وہ ہوتے ہیں۔ ان کا خون اکثر خراب رہتا ہے۔ اور وہ جلدی امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ان کی صحت اچھی نہیں رہتی۔ ان میں ایک خوبی یہ ہوتی ہے۔ کہ وہ حکام سے جھجھک روابط اور تعلقات بنا لیتے ہیں۔ ان معاملات میں وہ بڑے تیز ہوتے ہیں۔

عدد ۵ اور دن کا عدد ۶ رکھنے والے لوگ:

وہ چھوٹے بچوں سے محبت کرتے ہیں۔ بزنس میں بہت تیز ہوتے ہیں۔ ان میں کاروبار سے صلاحیتیں ہوتی ہیں۔ ان کی آنکھیں چھوٹی اور چمک لیے ہوئے ہوتی ہیں۔ وہ دبلے پتلے اور دراز قد ہوتے ہیں۔ کچھ چھوٹے قد کے بھی ہوتے ہیں۔ اگر وہ چھوٹے قد کے ہوتے ہیں تو وہ اپنے اندر عمل کی زبردست طاقت رکھتے ہیں۔ اور فوراً عمل کر کے فائدے اٹھاتے ہیں۔ ان کی آنکھیں چمکیلی ہوں گی۔ آنکھیں ان کی بھی چھوٹی ہی ہوتی ہیں۔ مگر یہ لوگ اکثر اعصابی دباؤ اور دماغی مرض میں مبتلا رہتے ہیں۔ اس قسم کے لوگوں کی یادداشت کم ہوگی۔ اور اس کی وجہ سے وہ نقصان اٹھاتے جائیں گے زیادہ مالی مفادات حاصل نہ کر سکیں گے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس قسم کے لوگ فالج یا لقوے کے مرض میں مبتلا ہو جائیں مگر اس قسم کا خطرہ انہیں عمر کے آخری حصے میں لاحق ہو سکتا ہے ان امراض کی وجہ سے یہ افراد اکثر لقمۂ اجل بن جاتے ہیں۔

عدد ۶ اور دن کا عدد ۷ رکھنے والے افراد:

ایسے لوگ اگر سیاست کے لیے جائیں گے تو اس صورت میں بھی مالی مفادات

حاصل کر لیں گے ۔ یہ ہمیشہ عیش و عشرت کے تصورات میں مگن رہتے ہیں۔ وہ اپنے خاندان سے بے پناہ محبت کرتے ہیں۔ وہ صلح پسند ہوتے ہیں امن چاہتے ہیں۔ لڑائی جھگڑے سے دور بھاگتے ہیں۔ فنون لطیفہ سے انہیں خاص لگاؤ ہوتا ہے ۔ہمیشہ سکون سے زندگی گزارنے کو بہتر خیال کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک امن و آشتی کی زندگی خوشگوار زندگی ہے ۔ وہ ذرا سی تکلیف بھی نہیں اٹھا سکتے۔ تکالیف میں جلد پریشان ہو جائیں گے ان کے جسم کی ساخت موزوں اور اعضاء متناسب ہوتے ہیں ۔ان کے سر کے بال بھورے اور ملائمت لیے ہوئے ہوتے ہیں اور ریشم کی طرح ملائم ہوتے ہیں۔ وہ اکثر موٹے ہوتے ہیں زیادہ موٹے بھی نہیں ہوتے کہ چل پھر ہی نہ سکیں ۔ ان کی آنکھیں خوبصورت اور چہرے کی حسن کے مطابق ہوتی ہیں۔ وہ بہت جلد عورتوں سے تعلقات بڑھا لیتے ہیں۔ ان معاملات میں وہ خوش قسمت ہوتے ہیں ۔ وہ کافی خوبصورت ہوتے ہیں۔ وہ مخصوص امراض میں بھی مبتلا ہو جاتے ہیں۔ وہ گردے کی بیماری کی وجہ سے پریشان رہتے ہیں۔ اور اس کے تدارک لیے پریشان ہو جاتے ہیں۔

عدد ۷ اور دن کا عدد ۸ رکھنے والے لوگ :

یہ لوگ موٹے ہوتے ہیں ۔ان کے چہرے کی رنگت زردی لیے ہوئے ہوتی ہے وہ چھوٹے رکھتے ہیں۔ پیٹ اور سینے کے امراض انہیں اکثر گھیرے رکھتے ہیں ۔ وہ اپنے مزاج میں گرمی جوش رکھتے ہیں۔ ان سے آرام سے بات کی جائے تب بھی انہیں غصہ لگتا ہے ۔اور اس جوش میں جائز اعتراض سننا بھی برداشت نہیں کرتے۔ کتنے ہی ٹھنڈے دل سے ان سے بات کی جائے مگر وہ فوراً طیش میں آجاتے ہیں۔ اس بری عادت کی وجہ سے وہ بڑا کام نہیں کر پاتے پرائیویٹ یا سرکاری دفتروں میں ملازمت کرتے ہیں اور الجھنوں میں مبتلا رہتے ہیں۔ ان کی بائیں آنکھ کسی وقت بھی جا سکتی ہے ۔ وہ خود ستائی کے مرض میں

مبتلا ہوتے ہیں۔ اور ہر وقت اس کوشش میں رہتے ہیں۔ کہ لوگ ان کی تعریف کریں۔ مگر وہ تعریف کے قابل کوئی کام نہیں کرتے۔ اپنی گرم مزاجی کی وجہ سے انہیں اکثر پریشانیاں ملتی ہیں۔

عدد ۸ اور دن کا عدد ۹ رکھنے والے افراد کیسے ہوتے ہیں :

ان کی زندگی مصائب و آرام اور مشکلات میں گزرتی ہے۔ وہ خود غرض ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ انہیں اُلجھنیں گھیرے رہتی ہیں وہ ریاکار اور عیار ہوتے ہیں۔ وہ اکثر و بیشتر معاملات میں محرومی اور بدقسمتی کا شکار رہتے ہیں۔ ان پر کوئی شخص ذرا سی بھی بھروسہ نہیں کرتا وہ احسان فراموش ہوتے ہیں۔ وہ اُس شخص کے ساتھ دغا کرتے ہیں جس نے اُن پر احسان کیا ہو۔ وہ اُسے نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کا رنگ سیاہ اور شکل و صورت واجبی ہوتی ہے وہ کمزور اور دبلے پتلے ہوتے ہیں۔ وہ جس چیز کو گم کر دیتے ہیں۔ اُسے دوبارہ حاصل نہیں کر پاتے انہیں اکثر منحوس خبریں سننے کو ملتی ہیں۔ اگر کوئی ان کی مدد کرنا چاہے گا تو وہ اس کی مدد کو ٹھکرا دیں گے۔ خواہ ان کی زندگی اس طرح سنورتی ہو۔ وہ کسی کی امداد سے اپنی زندگی کو سنوارنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ وہ عمر کے آخری حصے میں   کے امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ان کی بیماریاں لمبی ہوتی ہیں۔ ان میں تپ دق کا مرض عام ہوتا ہے اگر ایسے اشخاص کی حالت کچھ اچھی ہو۔ تو وہ اپنے آپ کو بہت بڑا آدمی سمجھنے لگیں گے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ   ہونے کا دعویٰ کر دیں۔ یا اپنے آپ کو ولی بنا کر ظاہر کر دیں وہ لوگوں کو عجیب ساخط ہوتا ہے ۔

عدد ۹ اور دن کا عدد ایک رکھنے والے لوگ :

اس قسم کے لوگ ایماندار ہوتے ہیں۔ ان کا دل میلا نہیں ہوتا ہے یہ فطرت نہیں ہوتے عدد ۹ کو علم نجوم میں بہت اہمیت حاصل ہے۔ اور اس عدد کو بہتر عدد ہونے کی فوقیت حاصل ہے

اس عدد کے مالک لوگ بڑے کارنامے کر جاتے ہیں مگر یہاں عدد ۹ کے ساتھ ہوگا عدد ایک موجود ہے اس قسم کے لوگ جنگجو طبیعت رکھتے ہیں تندخوئی ان کا شیوہ ہوتی ہے خطرت میں بدمزاجیت ہوگی۔ مگر چونکہ وہ راست باز ہوتے ہیں اس لیے دوسرے لوگ انہیں پسندیدگی کی نظروں سے دیکھتے ہیں۔ اور ان میں یہ ایک بہت بڑی صفت ہے۔ وہ کسی کو نقصان پہنچانے کو برا سمجھتے ہیں۔ لیکن اگر کوئی شخص ان سے زیادتی کرے تو وہ اس سے زبردست انتقام لیتے ہیں ایسے لوگوں کے گھروں میں اکثر آگ لگنے کے واقعات رونما ہو جاتے ہیں۔ اگر اُن کی کوئی چیز گم ہو جاتے۔ تو وہ اُس چیز کو اُسی وقت پالیں گے وہ چیز انہیں فوراً مل جائے گی۔ اس چیز کی بازیابی میں انہیں ذراسی بھی دشواری پیش نہ آئے گی انہیں اکثر زخم لگ جاتے ہیں۔ اور دماغی امراض میں بھی مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ناگہانی مصائب کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اچانک حادثوں کا انہیں خدشہ لاحق رہتا ہے۔ ان کی رنگت سرخ ہوتی ہے۔ اعضا مضبوط اور توانا ہوتے ہیں۔ ان کی آنکھیں بے حد چمکدار ہوتی ہیں اور اپنے اندر کشش لیے ہوئے ہوتی ہیں انہیں عورتوں سے زیادہ دلچسپی نہیں ہوتی جس سے شادی ہو جائے اُس کے رہتے ہیں۔

باب نمبر ۸

پیدائش کا عدد ۱ اور دن کا عدد ایک ہو تو وہ کس قسم کے لوگ ہوں گے۔ اور اُن کی ہفتہ وار مصروفیات کس طرح ہوں گی؟

پیدائش کا عدد ۱ دن کا عدد ۱:

اتوار کا دن:

حالات بہتر رہیں گے۔

پیر کا دن:

جرأت سے کام لیں گے تو کامیابی یقینی ہے۔ صحیح منصوبہ بندی کریں۔

منگل کا دن:

اگر فوراً فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کریں گے تو نقصان ہوگا۔ مستعدی سے کام لیں اور مقصد کو جاری رکھیں کامیابی ہوگی۔

بدھ کا دن:

دوسروں کے دلوں میں اپنا اعتماد پیدا کر کے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

جمعرات کا دن: صحیح منصوبہ بندی سے فائدہ ہوگا۔

جمعہ کا دن :

اپنے منصوبے کو عملی جامہ پہنانے سے کامیابی ہو گی۔

ہفتہ کا دن :

جو عزم آپ کے دل میں ہے پورا ہو گا۔ اپنی صلاحیتوں سے دوسرے افراد کو فائدہ دیں

پیدائش کا عدد ۱۲ ور دن کا عدد ا رکھنے والے حضرات ہفتہ کس طرح گزاریں

اتوار کا دن :

اپنے منصوبے کو فوراً عملی جامہ پہنائیں کامیابی ہو گی ناجربے کام لینے سے نقصان ہو سکتا ہے۔

پیر کا دن :

جو مسئلے آپ کے سامنے ہیں اُن سے پریشان نہ ہوں معاملات درست ہو جائیں گے کوئی شخص آپ کی مدد کرے گا۔

منگل کا دن :

جس راستے پر آپ چل رہے ہیں۔ دوستوں کی مدد سے کامیاب ہوں گے۔

بدھ کا دن :

جو قدم اٹھائیں اچھی طرح غور وفکر کریں کامیابی ہو گی۔

جمعرات کا دن :

آپ دوسروں کی اُلجھن سے بچیں مالی امور پر توجہ دیں پریشانی دور ہو گی اور مالی منعفت بھی ہو گی۔

جمعہ کا دن :۔ دوستوں کو مشورہ دیں مگر کام اُن کی رضا پر چھوڑ دیں اس طرح مشورے

کے بُرے نتائج سے آپ محفوظ رہ سکتے ہیں۔

ہفتے کا دن :

اگر کوئی فیصلہ کریں تو کسی تذبذب کو دل میں جگہ نہ دیں فوراً فیصلہ کریں جو مقاصد آپ کے سامنے ہیں کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔

پیدائش کا عدد ۲ اور دن کا عدد ۲ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

قریب رہنے والی ہستی سے پیار کی باتیں کریں۔ آپ کو خوشی حاصل ہو گی دوسروں کی طرف توجہ نہ دیں۔

پیر کا دن :

اگر آپ کوئی بات نہیں سمجھتے تو اُسے رہنے دیں۔ اپنے بوجھ دوسروں پر مت ڈالیں اپنے معاملات کو خود سلجھائیں۔ اور نہ کسی کو اپنا رازدار بنائیں۔

منگل کا دن :

غم مسرتوں کو کھا جاتا ہے آپ ہر چیز میں بہتری کے بارے میں سوچیں۔ یا پھر آپ کسی چیز کے بارے میں نہ سوچیں۔

بدھ کا دن :

آپ جو قدم اٹھائیں پوری سمجھ داری کے ساتھ اٹھائیں۔ اگر آپ کوئی کاروبار کریں تو مالی فائدہ ہو گا۔

جمعرات کا دن :

آپ سے کوئی سوال کرے تو اُسے معقول جواب دیں۔ آپ کوئی فیصلہ نہ کریں دوسرے ہی آپ کے لیے فیصلے کریں گے۔

جمعہ کا دن آپ کے لیے کیسا ہے :

کچھ لوگ آپ سے کچھ سننے کے منتظر ہیں۔ انہیں کچھ بھی سنا دیجئے وہ مطمئن ہو جائیں گے۔ دوسروں سے کوئی توقع نہ رکھیں۔ جب وقت آئے گا۔ وہ آپ کے احسانات کو تسلیم کریں گے۔

ہفتہ کا دن : کاروباری جھگڑے کو کسی تیسرے شخص سے سمجھائیں۔ کسی قسم کی مثال یاد لیں نہ دیں سب کچھ بھلا دیں۔

پیدائش کا عدد ۲ اور دن کا عدد ۴ رکھنے والے افراد کے بارے میں

اتوار کا دن :

فکر نہ کریں آپ کو مسرتیں ملیں گی۔ آپ کو اپنی صلاحیتوں کو عمل کی کسوٹی پر لا کر پرکھنا چاہئے آپ کے حالات بہتر ہو جائیں گے اور آپ لوگوں کی پسندیدہ شخصیت بن جائیں گے اگر آپ نے درست کام نہ کیا تو آپ دل برداشتہ اور مایوس اور فکر مند ہو جائیں گے اس لیے بہتر طور پر کام کریں۔

پیر کا دن :

اس روز آپ کے لیے پیار و محبت کے معاملات بہتر رہیں گے۔ آپ جو بھی کام کریں محنت سے کریں۔ ترقی اور کامیابی ہوگی۔

منگل کا دن :

اگر آپ کوئی غلط فیصلہ کر چکے ہیں اُسے بدل دیں اور اپنے ماضی سے سبق سیکھیں سابقہ غلطیاں نہ دوہرائیں۔ آپ کامیاب ہو سکتے ہیں۔

بدھ کا دن :

اپنے حالات بدلنے کے لیے پوری لگن سے کام کریں۔ بہت زیادہ جدوجہد جاری رکھیں آپ کے سنہری دن لوٹ آئیں گے آپ ہر مشکل اور الجھن سے نکل جائیں گے۔

جمعرات کا دن :

آپ کے جو مسائل ہیں۔ انہیں ہمدردی سیلجھا سکتا ہے آپ کی طرف سے لوگ مشکوک ہو چکے ہیں۔ کوئی ایسا غمگسار تلاش کریں۔ جو آپ کی مدد کرے۔

جمعہ کا دن :

آپ ایک خاص بات کا خیال رکھیں۔ کسی سے نصیحت کی باتیں نہ کریں۔ بیکار قسم کی ذمے داریاں قبول نہ کریں۔ ورنہ آپ کے حالات بے حد بکھر جائیں گے۔

ہفتے کا دن :

جو کام آپ شروع کرنا چاہتے ہیں فوراً کریں۔ ورنہ جو شخص تمہارے پیچھے لگا ہوا وہ تم سے بازی لے جائے گا۔ اور تمہارے منصوبے پر خود عمل کر کے فائدہ اٹھا جائے گا۔

پیدائش کا عدد ۲ اور دن کا عدد ۳ رکھنے والے اشخاص :

اتوار کا دن :

بہتر طور پر کسی منصوبے پر عملی کام کرنے سے آپ لوگوں کی پسندیدہ شخصیت بن سکتے ہیں اور لوگ آپ کے اس عمل کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ عزت کریں گے۔

پیر کا دن :

وہ بات نہ سوچیں جس پر آپ عمل کرنا نہیں چاہتے اس سے وقت ضائع ہوگا اور نقصان ہوگا۔ مایوسی کو چھوڑ کر اپنے حالات کی بہتری کے لیے انتھک محنت کریں۔

منگل کا دن :

آپ کے پاس جتنا سرمایہ ہے اس کے مطابق کام کریں۔ صلاحیتیں استعمال کرنے سے آپ قلیل سرمائے سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

بدھ کا دن :۔ آپ میں جتنی قوت خواہش اور صلاحیت اور اسے بروئے کار لا کر کوئی فیصلہ

کریں وہ آپ کا بہترین فیصلہ ہوگا۔ اور کامیابی ہوگی۔

جمعرات کا دن :

آپ جو راہ بھی اختیار کریں۔ جو سمجھ کر کریں۔ آپ کے لیے راہیں چمکدار ہیں۔ سوچ سمجھ کر آپ جو راہ بھی اختیار کریں گے۔ وہ آپ کو کامیابی کی منزل سے ہمکنار کرے گی۔

جمعہ کا دن :

آپ جو کام کرنا چاہتے ہیں اُس سے غافل نہ ہوں۔ اس کے لیے آپ کو چاہے اپنے کتنے ہی عزیز دوست کیوں نہ چھوڑنے پڑیں چھوڑ دیں آپ کامیاب ہوں گے۔

ہفتے کا دن :

آپ کسی سے کاروباری جھگڑا نہ کریں۔ نقصان ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کا مفاد دوسرے کاروباری کے مفاد سے ٹکرا گیا۔ تو فائدہ نہ ہوگا۔ آپ کا جو آخری فیصلہ ہے اُسے سوچ سمجھ کر کریں

پیدائش کا عدد "۲" اور دن کا عدد ۵ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

آپ بے فکر ہو کر کام کریں۔ خواہ آپ داڑھی کیوں نہ لگا رہے ہوں ہر قسم کے بوجھ سے آزاد ہو کر آپ جو کام کریں گے کامیابی ہوگی۔

پیر کا دن :

آپ اپنی امیدوں کو پایہ تکمیل تک پہنچا سکتے ہیں۔ کچھ امیدیں آپ کی تکمیل کے مراحل طے کر سکتی ہیں بشرطیکہ آپ اپنے ذہن کو صاف رکھیں اور اُس کا توازن برقرار ہو۔ اس دن اگر آپ کوئی کام نہ کریں تو زیادہ بہتر ہے آپ کا اچھا وقت ابھی دور ہے۔

منگل کا دن :

دوسرے کی دولت کو استعمال کرنے سے نقصان کا احتمال ہے۔ اپنی دولت سے

خواہ آپ جوڑ بھی لیں دولت اور دوست کو ایک ترازو میں نہ تولیں مگر انہیں نظر انداز بھی نہ کریں اپنی اپنی جگہ انہیں مناسب فوقیت دیں۔

بدھ کا دن :

اگر آپ سفر نہ کریں تو نقصان سے محفوظ ہو جائیں گے۔ کسی کی بات کو خاطر میں نہ لائیں۔ اگر آپ نے کسی کے مشورے پر عمل کیا تو زبردست خسارہ ہو سکتا ہے۔

جمعرات کا دن :

اپنے دل کو طاقت دیں۔ حوصلہ رکھیں۔ آپ کامیاب ہوں گے آپ رومانس لڑا رہے ہوں یا کاروبار کر رہے ہوں ہمت برقرار رکھیں۔

جمعہ کا دن :

آپ بیداری کے عالم میں خواب نہ دیکھیں آپ اس روز جو کام کریں گے وہ آپ کے لیے تباہی اور بربادی کا پیغام بھی بن سکتا ہے۔

ہفتے کا دن :

آپ حوصلے اور ہمت سے منصوبہ بندی کریں۔ اور عمل شروع کر دیں۔ یہ بہترین موقع ہے آپ یقیناً کامیاب ہوں گے۔ آپ اپنی ہر قسم میں کامرانی حاصل کریں گے۔ کیونکہ آپ کا مزاج بھی کچھ اسی قسم کا ہے۔

پیدائش کا عدد ۲ اور دن کا عدد ۶ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

راستہ درست متعین ہو۔ دوست مددگار ہوں۔ تو ہر نتیجہ آپ کے حق میں ہوگا۔

پیر کا دن :

سانحہ تجربات کا جائزہ لیں۔ اور فائدے مند راستہ اختیار کریں کسی کو ایسا موقع نہ دیں

جو آپ کو اصل راستے سے ہٹا دے۔

منگل کا دن :

ضرورت مندوں کا کام کریں۔ خود کسی کے کہنے سے راستے سے نہ بھٹکیں کامیاب رہیں گے

بدھ کا دن :

آپ اپنے کام کو خوش اسلوبی سے کریں۔ کامیاب رہیں گے ہر امتحان میں آپ کامیاب رہیں گے۔

جمعرات کا دن :

محنت آپ کو شہرۂ آفاق بنا دے گی۔ بگاڑنے والوں کی طرف سے ہوشیار رہیں۔

جمعہ کا دن :

آپ کو حیرت ملے گی۔ جو بھی اعزاز یا کام آپ کو دیا جائے قبول کریں۔ فائدہ ہوگا۔

ہفتے کا دن :

دوسروں کی خدمت کریں۔ سماجی اور بھلائی کے کام کریں آپ کو خوشی نصیب ہوگا۔

پیدائش کا عدد ۲ اور دن کا عدد ۷ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

آپ کی صلاحیتوں کو پرکھا نہیں گیا۔ اس سے آپ ہمت چھوڑ گئے آپ حوصلہ کر کے کسی اچھے منصوبے پر محنت سے کام کریں۔ لوگ آپ کی قدر کریں گے۔ کامیابی ہوگی۔

پیر کا دن :

اس دن کوئی فیصلہ نہ کریں۔ اپنے تجربے اور مشاہدے سے کام کریں کامیابی ہوگی۔

منگل کا دن :

آپکے سامنے اگر محبت کا معاملہ ہے تو اس کو نظر انداز کر دیں اپنے سلوک کو نرم کریں

دوستوں کے معاملات میں دخل نہ دیں۔ اور اپنے فائدے کے لیے بھی ضد کریں۔

بدھ کا دن :

آپ جس کام پر کام کر رہے ہیں۔ وہ سخت اور دشوار ہے۔ آپ کو چاہیے کہ بہت زیادہ محنت اور لگن سے کام کریں۔ تب آپ اس کٹھن کام کو سرانجام پا سکتے ہیں۔

جمعرات کا دن :

مشکلات کا سامنا کرنے سے حواس باختہ نہ ہوں۔ دل تھوڑا نہ کریں۔ اگر آپ ہمت ہار گئے تو نقصان ہو گا۔ کچھ وقت انتظار کریں سب کچھ درست ہو جائے گا۔

جمعہ کا دن :

ان غلطیوں اور کوتاہیوں کی تلافی کر دیں۔ جن سے آپ نقصان اٹھا چکے ہیں پھر سمجھ لیجئے آپ کے لیے کامیابی ہی کامیابی ہے۔

ہفتے کا دن :

اگر کوئی شخص آپ کو افسردگی اور مایوسی کی طرف لائے اسی سے رابطہ ختم کر دیں اس طرح آپ اپنی امید دل کی تکمیل اور عزائم میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

اب ذرا ہم آپ کو وقت پیدائش کا مجموعہ نکالنے کا طریقہ بتاتے چلیں

ایک فرد منگل کو ۹ بجے صبح پیدا ہوا تو دن اور رات کا عدد اس طرح حاصل ہو گا منگل کا دن مریخ سے منسوب ہے اس کا مثبت عدد ۹ ہے اور منفی عدد ۵ ہے جو شخص دن کو پیدا ہوتا ہے اس کا عدد مثبت لیا جاتا ہے۔ اور جو فرد رات کو پیدا ہوتا ہے اس کا منفی عدد لیا جاتا ہے اس لحاظ سے اس کا عدد منفی ۵ ہو گا۔ ۹ بجے صبح زحل کا دور تھا جس کی قیمت ۴ رات کی ہے۔ اس لحاظ سے دن اور وقت پیدائش کا مجموعہ ۵ + ۴ = ۹

اب ستاروں کے منفی اور مثبت اعداد جان لیجئے۔

ستارہ	دن	مثبت	منفی
شمس	اتوار	۱	۴
قمر	سوموار	۷	۲
مریخ	منگل وار	۹	۵
عطارد	بدھوار	۵	۹
مشتری	جمعرات	۳	۶
زہرہ	جمعہ	۴	۳
زحل	ہفتہ	۸	۴

اس طرح آپ اپنی پیدائش کے وقت کا مجموعہ نکال سکتے ہیں۔

نام کے اعداد کس طرح معلوم کئے جاتے ہیں؟

"پہلے آپ حروف ابجد کے اعداد جان لیں"

نمبر ۱ عدد کے حروف	ا ی ق غ
نمبر ۲ عدد کے حروف	ب پ ک گ ر ڑ
نمبر ۳ عدد کے حروف	چ ج ل ش
نمبر ۴ عدد کے حروف	د ڈ م ت ٹ
نمبر ۵ عدد کے حروف	ہ ن ث
نمبر ۶ عدد کے حروف	و س خ
نمبر ۷ عدد کے حروف	ز ژ ع ذ

۸ عدد کے حروف — ح ف ض

۹ عدد کے حروف — ط ص ظ

اب آپ نام کے اعداد معلوم کریں۔

ایک شخص کا نام اکرم ہے اس کے حروف ابجد کے اعداد سے اس کا عدد معلوم کریں تو اس کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

ا کا عدد	۱ ہے
ک کا عدد	۲ ہے
ر کا عدد	۲ ہے
م کا عدد	۴ ہے
ٹوٹل	۹ ہوگیا

لہٰذا اس کا عدد بھی ۹ ہوا۔

اب ہم ایک دوسری مثال آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں۔
ایک شخص کا نام علی اکبر ہے۔ اس کے حروف تہجی سے اس کا عدد کیا ہوگا۔

ع کے عدد	۷
ل کے عدد	۳
ی کا عدد	۱
ا کا عدد	۱
ک کے عدد	۲
ب کے عدد	۲
ر کے عدد	۲
ٹوٹل	۱۸

اب ہم ۸ اکو اکائی میں تبدیل کریں گے ۸ + ۱ = ۹
"اگر کسی شخص کو تاریخ پیدائش یاد نہیں۔ تو وہ نام کے عدد سے قسمت کا نتیجہ جان سکتا ہے"

اب ہم تیسری مثال آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں۔

مثلاً ایک شخص کا نام سید ہے۔ حروف تہجی کی رو سے اُس کا عدد کیا ہو گا خیال رہے عدد کو ۹ سے نہ بڑھنا چاہیے۔ اس طرح جو عدد نکلے گا عدد صفر ہو گا۔

س کے عدد	۶
ع کے عدد	۷
ی کا عدد	۱
د کے عدد	۴
ٹوٹل	۱۸

اب ہم اسے اکائی میں تبدیل کرتے ہیں تو عدد ۹ ہوا۔ یہ عدد صفر ہے۔ عدد ۹ کو علم الاعداد میں خاص اہمیت حاصل رہی ہے۔ اس عدد کے افراد اپنے اندر عملی جوش رکھتے ہیں مزاج جنگجویانہ ہوتا ہے۔ ہر کام پر تیزی سے عمل کرتے ہیں ترقی اور اقتدار کی امنگیں دل میں رکھتے ہیں۔ بے جا اسراف کے متحمل بنتے ہیں اس لیے معاشی بدحالی کا شکار رہتے ہیں۔ مالی پریشانیاں انہیں گھیرے رکھتی ہیں۔ روحانی طور پہ مجروح رہتے ہیں۔ ان لوگوں کو روحانی تکلیفیں پریشان کرتی رہتی ہے۔

پیدائش کا عدد ۲ ہو اور دن کا عدد ۸ ہو تو ایسے افراد کو کیا کرنا چاہیئے

اتوار کا دن :۔ اپنے کاموں کو دوسرے منصوبوں میں خلط مت نہ کریں۔ ورنہ نقصان

ہوگا نہیں چاہیئے آرام سے اپنا حصہ حاصل کرلیں۔ ورنہ الگ ہو جائیں۔

پیر کا دن :

آپ جو کام کریں۔ موزوں وقت کا لحاظ رکھ لیں۔ اگر آپ کوئی ذاتی فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ تو اپنے فیصلے کو اٹل رکھیں۔

منگل کا دن :

زیادہ کام کرنا تو نہ پائیں۔ آپ محسوس کریں گے کہ آپ جو کام کر رہے ہیں۔ زیادہ مفاد والا ہے۔ مگر اُسے کرنے سے آپ کو احساس ہوگا۔ کہ یہ تو کچھ بھی فائدہ مند نہ نکلا۔

بدھ کا دن :

اگر آپ کسی بات کو نہ سمجھ سکیں تو اُسے دوبارہ سمجھنے کی کوشش کریں آپ جو چاہے کریں آپ زوال پذیر ہوں گے۔ اور اُسی جگہ آجائیں گے جہاں سے چلے تھے کسی قسم کی حوصلہ افزائی بے حد جدوجہد کا صلہ نہیں ہوتی۔

جمعرات کا دن :

جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں۔ نقصان ہوگا۔ ثابت قدمی سے آگے بڑھیں فائدے میں رہیں گے۔

جمعہ کا دن :

لوگوں کے دلوں میں بھروسہ اور عزت و وقار پیدا کرنے کے لیے ان کی مدد کریں بھلائی کریں ہمسایوں۔ عزیز و اقارب سے محبت کا سلوک کریں ان کے کام آئیں فائدہ ہوگا۔

ہفتے کا دن :

اگر آپ نے کوئی ذمے داری قبول کی تو نقصان ہوگا۔

پیدائش کا عدد ۲ اور دن کا عدد ۹ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

جو بھی کام کریں سوچ سمجھ کر کریں۔

پیر کا دن :

کسی پر بھروسہ نہ کریں۔

منگل کا دن :

موسیقی اور رقص رنگ کی محفلوں میں نہ جائیں۔

بدھ کا دن :

جس منصوبے پر بھی کام کریں دلجمعی سے کریں کامیابی ہو گی۔ اور مالی فائدہ ہو گا۔

جمعرات کا دن :

اس دن آپ گھر میں رہیں۔ کہیں نہ جائیں کسی سے نہ ملیں کسی منصوبے پر کام کرنے سے نقصان ہو گا۔

جمعہ کا دن :

یہ دن آپ کے لیے بہترین دن ہے۔ آپ سیر و تفریح کریں۔ آپ خوش و خرم رہینگے

ہفتے کا دن :

جس منصوبے پر بھی آپ کام کریں پلان بنا کر کریں۔ پوری محنت جدوجہد اور لگن سے کام کرنے سے آپ کو مفادات حاصل ہوں گے۔

پیدائش کا عدد ۳ اور دن کا عدد رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :- اپنے عقائد دوسروں پر نہ ٹھونسیں تب ہی آپ کامیابی حاصل کر سکتے ہیں

پیر کا دن :

سمجھوتہ یا معاہدہ نہ کریں۔ جو بھی کام کریں فائدہ ہوگا۔

منگل کا دن :

اپنے نظریات کو محفوظ رکھیں دوسروں کی باتیں غور سے سنیں۔ اگر آپ نے ذرا سی بھی غلطی کی تو آپ کی امیدیں ختم ہو سکتی ہیں آپ ناکام ہو سکتے ہیں۔

بدھ کا دن :

اگر آپ کو یہ شک ہو کہ کوئی آپ کے خلاف سازش کر رہا ہے۔ تو اسے کسی پر ظاہر نہ کریں۔ آپ کے جو بڑے منصوبے خطرے میں ہیں انہیں کسی کو خبر کئے بغیر بنائیں، کامیابی ہو گی

جمعرات کا دن :

زیادہ باتیں کرنے سے اپ نقصان اٹھا سکتے ہیں۔ جو فیصلہ آپ سوچ بچار سے کریں اُس پر عمل کریں کامیاب ہوں گے۔

جمعہ کا دن :

آپ کا جو ہفتہ گزر گیا۔ اُس میں کی جانے والی غلطیوں پر نظر ثانی کریں اگلے ہفتے جو کام آپ کریں گے۔ وہ بہتر ہوگا اور کامیابی سے ہمکنار ہوگا۔ آپ فائدے میں رہیں گے۔

ہفتے کا دن :

آپ جتنا سرمایہ رکھتے ہیں۔ ایک ہی بار کسی اچھے کاروبار پر لگا دیجئے آپ کو بڑا منافع ہوگا۔ میز بانہ اطوار اور شائستگی تو آپ کو لوگوں میں مقبول بنائے گی خوش رہے اور کسی کو اپنا حق مارنے کی اجازت نہ دیجئے۔

دن کا عدد معلوم کرنے کا بہترین اور آسان طریقہ :

"آپ کی پیدائش کا دن بدھ ہے"۔

دن بدھ کے حروف الگ کر کے ان کے اعداد کو جمع کریں اور جو حاصل جمع ہوگا وہ دن کا عدد ہوگا۔

حرف ب کا عدد ۲ ہے

حرف د کا عدد ۴ ہے

حرف ھ کا عدد ۵ ہے

۲ + ۴ + ۵ = ۱۱ اب اس کو اکائی میں تبدیل کریں۔ ۱ + ۱ = ۲ اس طرح دن کا عدد ۲ ہوا۔

دوسری مثال پیش ہے۔

"ایک شخص کی پیدائش کا دن جمعرات ہے"

ان جمعرات کے حروف الگ کر کے ان کے اعداد کو جمع کریں۔ جو حاصل جمع ہوگا۔ وہ دن کا عدد ہوگا۔

حرف ج کا عدد ۳ ہے

حرف م کا عدد ۴ ہے

حرف ع کا عدد ۷ ہے

حرف ر کا عدد ۲ ہے

حرف ا کا عدد ۱ ہے

حرف ت کا عدد ۴ ہے

۳ + ۴ + ۷ + ۲ + ۱ + ۴ = ۲۱ اب اسے اکائی میں تبدیل کریں۔

۱+۲ = ۳ ۔ اب دن کا ۳ ہوا۔ کیونکہ حاصل جمع ۳ ہے۔

پیدائش کا عدد ۳ اور دن کا عدد ۲ رکھنے والے حضرات :

اتوار کا دن :

آپ کسی کو اپنے نظریات زبردستی اپنانے کے لیے نہ کہیں۔ اپنے اصولوں اور نظریات پر کام کریں۔ اپنا سلوک اور مزاج اچھا رکھیں کامیاب ہوں گے۔

پیر کا دن :

کوئی ایسا سمجھوتہ نہ کریں۔ جو اختلاف رائے سے عالم وجود میں آئے اکیلے کام کریں کامیابی ہو گی۔

منگل کا دن :

اپنے ضدی مخالف سے سمجھوتہ کر لیں۔ وہ فائدہ پہنچائے گا۔ کیونکہ آپ بھی ضدی ہیں اور وہ بھی ضدی ہے۔ اس سے معاہدہ کامیابی کی دلیل ہو گی۔

بدھ کا دن :

آپ کی نئی محبت جلدی عروج پر پہنچ جائے گی۔ آپ شہرت کے لیے قدم بہ قدم آگے بڑھیں مشہور ہو جائیں گے۔ اگر جلد بازی کی تو ذلت ملے گی۔

جمعرات کا دن :

اس شخص کو کچھ نہ بتائیں۔ جس کے متعلق آپ کچھ نہیں جانتے اپنے پر بھروسہ کر کے نئے منصوبے پر کام شروع کر دیں۔ کامیابی ہو گی۔

جمعہ کا دن :

اپنے منصوبے کو اچھی طرح سوچ سمجھ کر دوسروں کے سامنے پیش کریں ورنہ آپ کے منصوبے کو مسترد کیا جا سکتا ہے۔ آپ پر نکتہ چینی ہو سکتی ہے اگر ایسا وقت آ جائے تو آپ مکمل خاموشی اختیار

کریں فائدے میں رہیں گے۔

ہفتے کا دن :

آپ کے خوابوں کی تعمیر کے مکمل ہونے کا وقت ہے۔ جہاں آپ کا جانا ضروری ہے وہاں جائیے اور اپنی تمناؤں کی تکمیل کیجئے۔ اپنی صلاحیتوں سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کی کوشش کیجئے یہ آپ کا حق ہے۔

پیدائش کا عدد ۳ اور دن کا عدد بھی ۳ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

اگر آپ انتہا پسندی اور ہٹ دھرمی سے کام لیں گے تو ناکام ہوں گے۔ ان مسئلوں کو ذہن سے صاف کر دیجئے جو آپ کی پریشانی کا باعث بن رہے ہیں۔ صرف ایک مسئلے پر توجہ دینے کی کوشش کریں۔

پیر کا دن :

پریشان نہ ہوں۔ الجھنوں سے بچیں اور سنہرے دنوں کو پانے کے لیے پوری محنت سے کام کریں۔ کامیابی ہو گی۔

منگل کا دن :

غافل نہ ہوں۔ رہتے مسائل اور منصوبوں کو از سر نو ترتیب دیں۔ اور ان پر دلجمی سے کام کریں۔

بدھ کا دن :

کوئی شخص آپ کے منصوبوں سے فائدہ اٹھانے کی کوشش میں ہے آپ راز داری سے کام لے کر جلدی جلدی اپنے منصوبے بنائیں آپ کامیاب ہوں گے وہ شخص ناکام ہوگا

جمعرات کا دن : اپنے آپ پر اعتماد کر کے کام کریں۔ دوسروں پر اپنی تجویزیں زبردستی

لاگو نہ کریں۔ کسی کی رائے معلوم کرنا آپ کے لیے مفید ہوگا۔

جمعہ کا دن :

مستقل مزاجی اور حوصلے سے کام کریں۔ اس دن جو کام آپ شروع کریں گے آپ کے لیے بہترین مفادات کا حامل ہوگا۔

ہفتے کا دن :

آپ فضول خیالات میں اُلجھنے کی بجائے ایک منصوبے پر کام کریں کامیابی ہوگی۔

جن لوگوں کا پیدائشی عدد ۳ ہوتا ہے اور دن کا عدد ۴ ہوتا ہے :

اتوار کا دن :

اپنی کامیابی کے لیے زیادہ عجلت سے کام نہ لیں دھیمی دھیمی چال چلیں۔ زیادہ محنت کریں اور بامقصد امور پر توجہ دیں آپ کامیاب ہوں گے۔

پیر کا دن :

حسب معمول جو کام آپ کرتے ہیں۔ اُس سے بیزار ہو کر نظریں نہ چرائیں۔ آپ کے دوست اور بزنس نہیں جانتے ہیں۔ کہ آپ ایک باصلاحیت شخص ہیں۔ اپنی صلاحیتوں کو استعمال کر کے ان لوگوں سے فائدہ اٹھائیں جو آپ کی صلاحیتوں کو تسلیم کرتے ہیں۔

منگل کا دن :

اپنے منصوبوں کے بارے میں کسی کو نہ بتائیں۔ ایسا نہ ہو کوئی آپ کے منصوبوں پر فوراً کام کر کے آپ کی امیدوں پر پانی پھیر دے۔

بدھ کا دن :

آپ کو ضروری جگہ جانا چاہیے۔ اگر آپ سے کوئی زیادتی کرے تو دوستوں کی مدد سے اس زیادتی کو ختم کرنے کی کوشش کریں۔ دوست تمہارے بھرپور مدد کریں گے۔

جمعرات کا دن:

اپنے فرائض سے غفلت نہ برتیں زندگی سے بھرپور مزا اور حظ اٹھائیں۔ جو تمہارے کئے دوست ہیں۔ وہ تمہارے لیے کامیابی کا باعث بنیں گے۔

جمعہ کا دن:

کوئی شخص اس فکر میں ہے کہ آپ کو ذلیل کر کے نیچا دکھائے۔ آپ اپنے نئے کام کو محتاط ہو کر شروع کریں۔ محنت سے کام کرنا آپ کے لیے فائدہ مند ہوگا۔ اگر آپ کو ایک کام میں فائدہ نہیں ہوتا۔ تو دوسرا کام شروع کر دیں۔ کامیابی ہوگی۔

ہفتے کا دن:

اس ہفتے آپ کسی قسم کا سفر نہ کریں۔ خواہ وہ سیر کے لیے ہو یا کاروبار کے لیے ہو۔ اس ہفتے ایسا کوئی کام نہ کریں جس سے آپ کے دشمن بنیں۔

پیدائش کا عدد ۳ اور دن کا عدد ۶ رکھنے والے افراد:

اتوار کا دن:

اس ہفتے آپ نے دوست بنائیں۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں فائدے میں رہیں گے۔ یہ دن آپ کو بے حد فائدے پہنچا سکتا ہے۔ اگر عزم کر کے فیصلہ کریں۔ تو آپ شہرہ آفاق شخصیت بنا سکتے ہیں۔ لوگ آپ کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔

پیر کا دن:

نئے پروگرام اور تجاویز سامنے رکھیں اپنی مصروفیات میں اضافہ کریں۔ اپنے ذمے دارانہ کام کسی دوسرے کے حوالے نہ کریں۔ جو آپ میں صلاحیتیں موجود ہیں۔ انہیں بروئے کار لا کر مفادات حاصل کریں۔

منگل کا دن:۔ لوگوں کو مشورے مت دیں۔ بلکہ انہیں کہیں کہ وہ آپ کو کوئی مفید مشورہ

دیں اس سے آپ فائدے میں رہیں گے۔ لوگوں میں مل جل کر کام کریں۔ ان کی مدد کو خوش دلی سے قبول کرنے آپ کے مفادات میں اضافہ ہو گا۔

بدھ کا دن:

پرخلوص دوست آپ کو جو مشورہ دیں۔ اُسے قبول کریں چاپلوسی کرنے والے دوستوں سے دور رہیں۔ ان کی کسی بھی افسر کو قبول کرنے سے آپ کو نقصان ہوگا۔

جمعرات کا دن:

آپ کے پیش نظر جو کام ہے اُسے فوراً نبٹالیں۔ ورنہ کوئی دوسرا ایسا کر کے آپ کو نقصان پہنچا جائے گا۔ اگر آپ مناسب سمجھیں اپنے پروگرام کو تبدیل کرلیں۔

جمعہ کا دن:

اگر آپ اپنے ذاتی نقطۂ نظر کو دوستوں کے توسط سے دوسروں تک پہنچانے میں کامیاب ہو گئے تو اس طرح آپ کے مفادات میں اضافہ ہو گا۔ اور آپ کا یہ اقدام آپ کی ترقی اور خوشحالی میں محدو معاون ثابت ہو گا۔ آپ اپنے ذاتی تعلقات کے ذریعے بھی اپنے نظریات کو دوسروں تک پہنچائیں فائدے میں رہیں گے۔

ہفتہ کا دن:

آپ بمعہ اہل خانہ سیر و تفریح کے لیے جائیں۔ وہ سرور و شادمال ہوں گے۔ اگر دوست بھی ساتھ ہوں تو وہ کوئی حرج نہیں۔ جلدی میں کوئی اقدام نہ اٹھائیں۔ نقصان کا احتمال ہے

پیدائش کا عدد ۳ اور دن کا عدد ۶ رکھنے والے لوگ یہ ہفتہ ان حضرات کے لیے کیسا گزرے گا؟

اتوار کا دن:

کفایت شعاری سے کام لیں فضول خرچی سے گریز کریں۔ سماجی کاموں پر بھی زیادہ خرچ نہ

کریں۔ اس طرح آپ اپنی مالی اُلجھنوں سے بچ سکتے ہیں۔

پیر کا دن:

فضول خرچی نہ کریں۔ ذاتی آرزوؤں پر غیر ضروری توجہ اپنے سے آپ کے گھریلو حالات اور مالی حالت پناہ دے سکتی ہے۔ ہر ذمے داری کو مستعدی اور دیانت داری سے پورا کریں۔

منگل کا دن:

کسی شخص کو اپنی ذات سے فائدہ نہ اٹھا دیں۔ اگر آپ کاروبار کے لیے سفر کریں گے تو فائدہ ہوگا۔ سفر پر جانے سے پہلے یہ دیکھ لیں کہ گھر میں کوئی ایسی چیز تو نہیں ہے جس سے آپ کو نقصان ہو سکتا ہے۔

بدھ کا دن:

مستقبل کو خوشگوار بنانے کے لیے آپ بہترین منصوبہ بندی کریں۔ گھریلو معاملات کو سنوارنے کے لیے خاص توجہ دیں۔ اور چھوٹے کام کو بھی وہی وقت دیں۔ جو بڑے کام کو دی جاتی ہے یہ آپ کے مفادات میں ہوگا۔

جمعرات کا دن:

آپ اپنے چلتے ہوئے کاروبار کو دھکا نہ دیں۔ کاروبار ختم کرنے سے پہلے دوستوں کی رائے ضرور لے لیں۔ کسی نئے منصوبے کو شروع نہ کریں ورنہ نقصان ہوگا۔

جمعہ کا دن:

اگر آپ اپنے آپ کو بہت زیادہ بااعتماد سمجھیں گے تو نقصان ہوگا۔ اگر آپ کاروبار میں سنجیدگی سے کام نہ لیں گے۔ تو بہت سے اچھے فائدہ مند مواقع آپ کے ہاتھوں سے نکل جائیں گے۔

ہفتے کا دن:

افسردگی اور مایوسی سے بچیں خوش خرم رہیں اپنے فرائض کو پورا کریں اپنے ہر کام پر سنجیدگی

سے غور کریں۔ اس اقدام سے آپ کو فائدہ ہوگا۔

پیدائش کا عدد ۳ اور دن کا ۷ رکھنے والے افراد:

اتوار کا دن:

کسی سے رائے نہ لیں۔ خود کوئی فیصلہ نہ کریں۔ اپنا محاسبہ کریں۔ اور اندازہ لگائیں۔ کہ آئندہ کیا ہونے والا ہے اور اچھے حالات کے منتظر رہیں۔

پیر کا دن:

اگر آپ کوئی غلطی کر بیٹھے ہیں۔ تو اس کی تلافی اچھوتے طریقے سے کریں۔ اپنی ذات پر پریشانیوں کا غلبہ نہ ہونے دیں۔ آپ یقیناً کامیاب رہیں گے۔

منگل کا دن:

جان کی بازی لگا کر محنت کریں۔ یہ وقت آپ کی کامیابیوں کا ہے۔ آپ کی ہر تجویز اور ہر منصوبہ اس دن قابلِ عمل ہے۔ فوراً کام شروع کر دیں کامیابی ہوگی۔

بدھ کا دن:

اپنا وقت ایسے لوگوں میں ضائع نہ کریں جو فضول اور آوارہ ہوں اِدھر اُدھر کے کام نہ کریں۔ اپنی کوششوں کو آگے بڑھائیں۔ ہر طرح فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں اپنے آپ کو بے حد مصروف رکھیں کامیابی ہوگی جو ارادہ آپ کر لیں اُس پر فوراً عمل کرنے سے فائدہ ہوگا۔ اور آپ کی زندگی کامیاب گزرے گی۔

جمعرات کا دن:

دوسروں کی باتیں غور سے سنیں اُن پر اعتراضات نہ کریں۔ ان کی باتیں بطور سننے سے آپ کو فائدہ ہوگا۔

جمعہ کا دن :

آپ خیالات کی دنیا میں زیادہ وقت گزار رہے ہیں فوراً باہر آیئے اور اس تصوراتی خول سے نکل کر عملی کام کریں۔ پوری توجہ محنت لگن سے کام کریں گے تو بہت فائدہ ہوگا منصوبہ بندیوں پر کم وقت صرف کریں۔ عمل کو فوقیت دیں۔

ہفتے کا دن :

آپ اپنے اندر فنکارانہ صلاحیتیں رکھتے ہیں تخلیقی کاموں پر توجہ دیں کامیابی اور شہرت آپ کے قدم چومے گی بیکار وقت ضائع نہ کریں۔

پیدائش کا عدد ۳ اور دن کا عدد ۸ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

فضول اور بہت زیادہ گفتگو سے پرہیز کریں۔ اس طرح اپنے کاروباری راز بھی آپ دوسروں تک پہنچانے کا سبب بن سکتے ہیں۔ دوست آپ کی گفتگو سن کر دوسروں تک پہنچا دیں گے اور وہ لوگ فائدہ اٹھا کر کامیاب ہو جائیں گے اور آپ منہ دیکھتے رہ جائیں گے اور اس طرح دوست بھی آپ کے ہاتھوں سے جاتے رہیں گے۔

پیر کا دن :

دوستوں کے فائدہ مند مشوروں کو قبول کریں اور اپنے نظریات کو تفصیل سے بیان کرنے سے آپ مفادات حاصل کر سکتے ہیں۔

منگل کا دن :

آپ لوگوں کی مدد کریں وہ آپ کی قدر کریں گے اُن سے بیزاری سے پیش نہ آئیں کیونکہ آپ کو اپنے مفادات کے لیے لوگوں کی ضرورت ہے۔

بدھ کا دن :۔ ایسے سیلزمینوں سے بچیں جو بہت باتونی ہوں۔ زیادہ باتیں بنانے والے

ہمسایوں سے بھی دور رہیں کوئی دوسرا شخص آپ کی ذمے داریوں کو سنبھالنے کی فکر میں ہے کسی شخص کو اس بات کا موقع نہ دیں کہ وہ آپ کی گھریلو زندگی میں مداخلت کرے۔

جمعرات کا دن:

آپ چونکہ ترقی کر رہے ہیں اس لیے آپ سے لوگ حسد کرتے ہیں صرف پرخلوص دوستوں پر بھروسہ کریں۔ اُن دوستوں پر جنہیں آپ آزما چکے ہوں۔

جمعہ کا دن:

اس دن آپ کاروبار سے خوب مفادات حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کاروباری مفادات کو بدل رہے ہیں تو اُن پر گہری نظر رکھیں۔ پھر کوئی اقدام کریں۔

ہفتے کا دن:

حسن سلوک سے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ اپنی طرف مائل کریں خود اُن کی طرف رجوع نہ کریں آپ اپنی ترقی اور شہرت کو مزید بڑھائیں۔

پیدائش کا عدد ۳ اور دن کا عدد ۹ رکھنے والے لوگ:

اتوار کا دن:

کسی بڑے موقعے کی تلاش میں رہیں ایسا کام نہ کریں جس سے آپ کو ذلت اٹھانا پڑے جس آخر میں آپ وقار محسوس نہ کریں۔ اسے دوسروں کے حوالے کر دیجئے۔

پیر کا دن:

پہلے ایک منصوبے پر کام ختم کریں، پھر دوسرے کو ہاتھ میں لیں۔ اور اپنی مرضی کے مطابق کام کریں اس طرح آپ مفادات حاصل کریں گے۔

منگل کا دن:

آپ خاندان اور دوسرے لوگوں کی بھلائی پر توجہ دیں۔ اس طرح آپ کے وقار میں اضافہ

ہوگا۔ آپ کے پیش نظر جو معاملات ہیں اُن پر توجہ دیں ۔فضول کاموں کی طرف دھیان نہ دیں۔

بدھ کا دن :

آپ کا حوصلہ اور بلند خیالی معمولی رکاوٹوں کو ختم کر سکتی ہے آپ پر عزم انداز میں آگے ہی آگے بڑھتے جائیں۔ آپ کامیاب ہوں گے اور مفادات حاصل کریں گے۔

جمعرات کا دن :

اگر آپ کے پاس وقت ہے آپ دوسرے مفادات بھی حاصل کرنے کی کوشش کریں ان مقصد کی بہتری میں آپ کی قابلیت ،مقبولیت اور صلاحیت مددگار ثابت ہوگی۔

جمعہ کا دن :

وقتی دوستوں کی محفلوں سے گریز کریں ۔مخلص اور پرانے دوستوں پر اعتماد کریں۔ زیادہ تمناؤں کو دل میں جگہ دینے سے نقصان کا احتمال ہو سکتا ہے سچے دوستوں کو سمجھنے کی کوشش کریں خواہ وہ آپ کے مخالف ہی کیوں نہ ہوں۔ حالات پر گہری نظر رکھ کر آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں

ہفتے کا دن :

آپ استقلال کا مظاہرہ کر کے دوسروں کو دوست بنائیں اُنہیں ہم خیال رکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔ آپ کامیاب ہوں گے جو کچھ آپ چاہتے ہیں اُسے پانے میں جلد بازی سے کام نہ لیں ورنہ نقصان ہوگا۔

باب نمبر ۹

پیدائش کا عدد ۴ اور دن کا عدد ۱ رکھنے والوں کی ہفتہ وار زندگی کیسی گزرے گی؟

اتوار کا دن :

اپنے کاموں کو مناسب ترتیب دے کر سرانجام دیں۔ آئندہ دنوں کے حالات کو مدنظر رکھ کر غور کریں۔ دوسروں کی مدد اور تعاون پر اعتماد رکھیں فوری نتائج کی توقع رکھنا بے فائدہ ہے

پیر کا دن :

گردونواح کے لوگوں میں اپنا اعتماد بحال کریں۔ تمام الجھنوں اور پریشانیوں کو ذہن سے صاف کر کے کام کریں۔ فائدہ ہوگا۔

منگل کا دن :

آپ آہستہ کام کرنے کے مائل ہیں لیکن اس کے باوجود آپ کو ایک نوال فیصلہ کرنا پڑے گا جو آپ کے لیے بے حد اہمیت کا حامل ہوگا۔

بدھ کا دن :

آپ اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائیں لوگ آپ کی قابلیت کو تسلیم کریں گے۔ اس طرح آپ اپنے منصوبوں میں کامیابی حاصل کریں گے۔

جمعرات کا دن : ۔ آپ دوسروں کے لیے بہت کچھ کر چکے ہیں اب دوستوں کی مدد سے

اپنے لیے بھی کچھ کریں جو مخلص دوست ہوں گے۔ وہ آپ کے کام آئیں گے۔ خود غرض کھسک جائیں گے

جمعہ کا دن :

کسی قسم کے اندازے لگا کر کام نہ کریں آپ کا وقت ساتھ نہیں دے رہا ہے۔ اس لیے بس کام کئے جائیں۔ اپنی ذات پر بھروسہ نقصان دہ ہوگا دوسروں کی رائے سے فائدہ اٹھائیں۔

ہفتے کا دن :

مستقبل میں آپ کو ایسے مواقع ملنے والے ہیں کہ آپ اُن سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یہ دن آپ کے لیے سازگار ہے جو کچھ آپ کریں گے کامیابی ہوگی وقت متعین کریں اور منزل کی طرف بڑھتے چلے جائیں اپنی صلاحیتوں پر بھروسہ رکھنے سے آپ کامیاب منزل پہ پہنچ جائیں گے۔

پیدائش کا عدد ۴ اور دن کا عدد ۲ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

جو کچھ آگے ہونا ہے اُس کے بارے میں پہلے سوچ لیں تاکہ آپ نقصان کی بجائے فائدہ اٹھائیں آپ کے پاس بہترین منصوبہ ہے اُس پر فوراً عمل شروع کردیں کامیابی ہوگی۔

پیر کا دن :

آپ جو کچھ کرنا چاہتے ہیں یہ دن آپ کے لیے بہتر ہے کہ گزریں اگر آپ میں کوئی خامی ہے تو دوسروں کے ساتھ مل کر کام کریں۔ آپ کی یہ خامی دور ہوگی اور فائدہ ہوگا۔

منگل کا دن :

اگر آپ اپنے دوستوں سے کوئی بات منوانا چاہتے ہیں۔ تو ان سے اتفاق کر کے منوائیں۔ اگر وہ نہیں مانتے تو انہیں مجبور نہ کریں۔ کسی قسم کا دباؤ نہ ڈالیں اس طرح کی تکرار نہ کریں۔ جس سے دوستی دشمنی میں بدل جائے۔

بدھ کا دن :

عجلت میں کوئی فیصلہ نہ کریں غلط ہو سکتا ہے اُس نہج پر سوچیں جس سے آپ کے کاروبار کو ترقی ملے نتیجے کی پرواہ نہ کریں۔

جمعرات کا دن :

جو آپ کرنا چاہتے ہیں اُسے تفصیلاً کریں۔ فضول کام شروع نہ کریں اور ایسا کوئی کام نہ کریں جو آپ کے اختیار اور بس سے باہر ہو۔ اس طرح آپ لوگوں سے دشمنی مول لے سکتے ہیں۔

جمعہ کا دن :

آپ کے لیے یہ دن بہتر ہے کسی سے اشتراکی معاونت سودمند ہوگی۔ دوستوں اور عزیزوں سے بہترین تعلقات استوار کریں۔ معاہدے کریں تعلقات کو فروغ دیں، بہتری ہوگی۔ ذاتی میل جول بڑھائیں۔

ہفتے کا دن :

پرانی خط و کتابت کو دوبارہ جاری کریں۔ اس طرح آپ کا مستقبل بہتر ہوگا۔

پیدائش کا عدد ۴ اور دن کا عدد ۳ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

آپ کے راستے میں جو رکاوٹ ہے اُسے دور کریں خط و کتابت جاری رکھیں۔

پیر کا دن :

آپ کے پاس جو نام چور ملازم ہیں انہیں چھٹی دے دیں اور اپنے کام کو نئے سرے جاری کریں

منگل کا دن :

کسی قسم کی اُلجھن اور پریشانی میں نہ پڑیں کاروبار میں عجلت سے کام نہ لیں۔ نہ دوسروں کو ایسا کرنے کے لیے اس حکمت عملی سے کام لے کر آپ نقصان سے بچ سکتے ہیں۔

بدھ کا دن :

نئے منصوبوں پر غور و فکر، پرانے منصوبوں کو سنبھالنا بہتر ہے۔ اگر آپ کے ساتھ لوگ تعاون کریں تو اپنے قانونی معاملات کو بخیر و خوبی نبٹا سکتے ہیں اور کاروباری معاہدے بہتر ہو سکتے ہیں۔

جمعرات کا دن :

دوستوں کی مدد حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ مگر آپ ایسا نہ کر سکیں تو کوئی منصوبہ یا ایسا کام شروع نہ کریں۔ جو آپ اکیلے نہیں کر سکتے۔

جمعہ کا دن :

آپ جو منصوبے شروع کر رہے ہیں اُن میں دوسروں کو نزدیک کریں۔ کامیابی ہوگی اور اپنے چھوٹے چھوٹے مسئلوں پر بھرپور توجہ دینے سے فائدہ ہوگا۔

ہفتے کا دن :

آج کا دن آپ کے لیے مبارک ہے۔ جو بھی آپ کام کریں گے فائدہ ہوگا فوری طور پر اپنے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کریں۔ مفادات حاصل ہوں گے۔

پیدائش کا عدد ۴ اور دن کا عدد بھی چار ہو تو ان لوگوں کی ہفتہ وار زندگی کس طرح گزرے گی تفصیل جانئیے

اتوار کا دن :

آپ بھلائی کے کام کریں تاکہ لوگ آپ کے نقش قدم پر چل کر آپ کی تعریف کریں۔

پیر کا دن :

اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں اور اسے اہمیت دیں زیادہ دولت کمانے کی طرف توجہ نہ دیں ورنہ نقصان بھی ہو سکتا ہے بہت زیادہ سوچ بچار کریں پھر آپ دولت حاصل کرنے

کے لیے تگ و دو کریں۔ اپنی صلاحیتوں اور تجربات کو کام میں لا کر پیداوار میں اضافہ کریں۔

منگل کا دن :

بیکار گفتگو میں وقت کو ضائع نہ کریں۔ فضول لوگوں سے باتیں کرنے سے بچیں اپنے کام کی طرف توجہ دیں۔ تخلیقی کاموں میں آپ کامیاب ہو سکتے ہیں۔

بدھ کا دن :

اگر آپ لوگوں کی بھلائی کے لیے کام کریں۔ تو یہ کام مالی طور پر بھی آپ کے لیے منفعت کا باعث بنے گا اپنا وقت مفادات پہنچانے والے کاموں میں صرف کریں۔

جمعرات کا دن :

اس طرح لوگوں سے مل کر کام کریں جو متحرک جذبے رکھتے ہوں کاہل نہ ہوں منصوبہ بنا لیں کام کچھ دن ٹھہر کر کریں۔ آپ کامیاب ہوں گے۔ ان لوگوں کے ساتھ مل کر کام کریں جنہیں آپ ماضی میں آزما بھی چکے ہوں۔ وہ آپ کو دھوکہ نہ دیں گے۔

جمعہ کا دن :

تجارتی اور سماجی امور کو ایک ساتھ ملا کر کام کریں۔ بیکار اُلجھنوں اور جھگڑوں میں پھنسنے کی ضرورت نہیں، مستقبل کے لیے منصوبہ بندی کریں۔ آپ کامیاب ہوں گے اور فائدہ ہوگا۔

ہفتے کا دن :

اس دن آپ کوئی کاروبار نہ کریں صرف لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے کام کریں۔

پیدائش کا عدد ۴ اور دن کا عدد ۵ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

اپنی رائے پر اعتماد کریں کسی کی بات تسلیم نہ کریں۔ آپ کو مستقبل میں اچھے اور شاندار مواقع ملیں گے جو اسے آپ بھرپور مالی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

پیر کا دن:

کچھ لوگ ایسے ہیں۔ جو آپ کی محنت سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں ان کی دھوکے بازی اور زیب دہی سے بچیں اُن کی مکارانہ اور عیارانہ سازشوں سے دور رہیں۔

منگل کا دن:

لگن اور محنت سے شروع کیا جانے والا کام آپ کو شہرت کی بلندیوں پر پہنچا سکتا ہے۔ لیکن اس کے لیے آپ کو لوگوں سے سماجی تعلقات پیدا کرنے پڑیں گے اور سمجھ داری سے کام لینا ہوگا۔

بدھ کا دن:

دوسروں پر اعتبار نہ کریں کسی کے وعدے کو خاطر میں نہ لائیں جو کچھ کرنا ہے خود ہی کریں کامیابی ہوگی۔ دوسروں پر انحصار کرنے سے نقصان ہوگا۔

جمعرات کا دن:

تقدیر اس دن آپ پر اس طرح فیاضی کرے گی کہ آپ حیران و ششدر رہ جائیں گے بگڑے کام سنور جائیں گے۔

جمعہ کا دن:

اس دن صرف دوستوں کی محفل کو اٹینڈ کریں۔ بیزار کر دینے والے کام نہ کریں۔ دوستوں کی صحبت میں زندگی کا مزا لیں۔ اس طرح آپ کو سکون اور خوشی محسوس ہوگی۔ اور اس کا نتیجہ شاندار ہوگا۔

ہفتے کا دن:

ماضی میں کی جانے والی غلطیوں سے بچیں نئے سرے سے اپنے کام کی منصوبہ بندی کریں اور محنت سے کام کریں کامیابی ہوگی اور ماضی میں ہونے والے نقصان کا ازالہ ہوگا

پیدائش کا عدد ۴ اور دن کا عدد ۶ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

ذہنی سکون کو برقرار رکھ کر ہی آپ کچھ حاصل کر سکتے ہیں۔ کسی رکاوٹ کو اپنے ارادوں کی راہ میں حائل نہ ہونے دیں۔ پُرعزم رہنے سے آپ کامیاب ہوں گے۔

پیر کا دن :

آج کے دن پرانے دوستوں سے ملیں خوشی اور فائدہ ہوگا۔ آپ اپنی پوشیدہ آرزوؤں کو دوستوں کی مدد سے پایۂ تکمیل تک پہنچا سکتے ہیں۔ اپنے خاندان والوں کی مدد بھی حاصل کریں آپ کی خفیہ تمنائیں پوری ہوں گی۔

منگل کا دن :

آپ جوش و خروش پر قابو پائے رکھیں۔ کسی بھی حالت میں غصّے کو قریب نہ آنے دیں اور اپنے دماغ کو ٹھنڈا اور صاف رکھیں حسن سلوک سے پیش آئیں مزاج میں نرمی اور دھیما پن رکھیں گے اس سے آپ کو خاطر خواہ فائدہ ہوگا اور آپ بڑے نقصان سے بچ جائیں گے۔

بدھ کا دن :

یہ دن آپ کے لیے موزوں نہیں کوئی کام نہ کریں۔ نہ کسی نئے منصوبے کا اجراء کریں لیکن لیکن اس کا یہ مقصد نہیں کہ آپ اپنا منصوبہ ہی ملتوی کر دیں۔ دوسرے دنوں میں آپ اپنا منصوبہ شروع کریں۔

جمعرات کا دن :

اس قسم کی سوشل محفلوں میں جائیں جہاں آپ کی عزت ہو وقار میں اضافہ اور توقیر بڑھے ان لوگوں سے رابطہ پیدا کریں جو محکمہ تعلیم سے متعلقہ ہوں اور اُن سے مل کر آپ فلسفانہ قسم کی گفتگو کریں وہ آپ سے متاثر ہوں گے اس طرح آپ کو فائدہ ہوگا۔

جمعہ کا دن :

اس دنیا کو ثبات نہیں۔ یہاں ہر کوئی کسی نہ کسی الجھن کا شکار رہے ہے کسی نہ کسی قسم کی پریشانیاں گھیرے ہوئے ہیں۔ اگر آپ اس طرح کی زندگی میں وقت گزار رہے ہیں صبر سے کام لیں۔ برا وقت ایک روز اچھے وقت میں ضرور تبدیل ہونا ہے لوگوں کے ساتھ اپنے حسن سلوک میں کمی نہ آنے دیں۔ ان کے ساتھ اچھے رویے سے پیش آئیں۔

ہفتے کا دن :

اگر آپ کامیاب ہونا چاہتے ہیں۔ تو محنت جدوجہد اور جان توڑ کر کام کریں اور اپنی صلاحیتوں سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں کامیابی یقینی ہے۔

پیدائش کا عدد ۴ اور دن کا عدد ۲ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

اپنے گھریلو معاملات غافل نہ ہوں اچھے لوگوں کی محفلوں میں جاکر وقت گزاریں ان سے میل جول بڑھائیں۔ آپ اپنے مقاصد میں کامیاب ہوں گے دوستوں اور دوسرے لوگوں سے تعلقات کو مستحکم رکھنے سے آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

پیر کا دن :

کوئی غلط فیصلہ نہ کریں سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔ عجلت سے کام نہ لیں آپ کے سامنے بہت سے مسائل ہیں جنہیں آپ کو نبٹانا ہے۔ کافی کام کرتے ہیں۔

منگل کا دن :

پہلے یہ یقین کرلیں کہ آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے یا نہیں۔ پھر قدم اٹھائیں اپنے مقاصد حاصل کرتے ہیں آپ کامیاب ہوجائیں گے۔ جرات، عزم اور ہمت سے کام کریں۔

بدھ کا دن :

آپ جو منصوبے رکھتے ہیں۔ وہ معمولی ہے۔ مضبوط بھی نہیں ہیں اگر آپ لوگوں کا تعاون حاصل کر کے ان منصوبوں پر کام کریں تو کامیاب ہو سکتے ہیں لیکن اس کے لیے آپ کو ذہانت سے کام لینا ہوگا۔

جمعرات کا دن :

اداسی اور مایوسی کو چھوڑ دیں۔ ہمیشہ خوش رہیں۔ اس طرح آپ کی ذمہ داریاں گھٹ جائیں گی اور جو ذمے داریاں ہیں اُن کا بوجھ آپ آسانی سے اٹھائیں گے۔

جمعہ کا دن :

جو سودا بھی آپ کریں محتاط ہو کر کریں۔ بہت زیادہ غور کر کے اور حاضر دماغی سے کام لے کر حد کو فروخت کا کام کریں۔

ہفتے کا دن :

کوئی نیا کام شروع کرتے وقت گھبراہٹ کو دل میں جگہ نہ دیں۔ حوصلے اور ہمت سے کام کریں۔ کامیابی ہوگی غیر متوقع کاموں میں بھی آپ کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ اور فوری عمل کرنے سے کافی دولت حاصل کر سکتے ہیں۔

تاریخ پیدائش کا عدد اور نام کا عدد نکالنے کا طریقہ :

انسان کی زندگی تاریخ پیدائش اور نام پر منحصر رہے یہ دو بنیادی چیزیں ہیں۔ جن سے انسانی قسمت متاثر ہے اور ان کے زیر سایہ ہے ذیل میں ہم ان دو چیزوں کی وضاحت کرتے ہیں نام اشرف ہے اور تاریخ پیدائش ۲ ستمبر ۱۹۲۲ء ہے۔

ا ش ر ف

۱ ۳ ۲ ۸ = ۱۴

ٹوٹل ۱۴ ہوا۔ ۴ + ۱ = ۵ نام کا عدد صفر ۵ ہوا۔ اسے آپ ذاتی عدد کا نام دیں گے تاریخ پیدائش کے عدد ۲ ستمبر ۱۹۲۲ئہ ہیں۔

۲ - ۹ - ۱۹۲۲

۲ - ۹ - ۱۴

۲ + ۹ + ۱۴ = ۲۵ = ۵ + ۲ = ۷ عدد تاریخ پیدائش

۷ ہوا نام کا عدد ۵ اور تاریخ پیدائش کا عدد ۷ آپ کے سامنے ہیں۔

۷ عدد کو علم الاعداد میں ایک خاصیت حاصل ہے۔ اور یہ عدد بہت زیادہ اہم مانا جاتا ہے اس سے روحانیات ظاہر ہوتی ہیں۔ خطرت کی عکاسی ہوتی ہے اس عدد کا مالک سفر یا کسی قسم کی تبدیلی اپنی زندگی میں کرے گا تو اُسے کامیابیاں حاصل ہوں گی۔ کیونکہ اس کی تاریخ پیدائش سامنے ہے اس لیے ذاتی ۲ عدد کی بھی تاریخ پیدائش کے ۷ عدد کی خصوصیات قریب قریب ملتی جلتی ہوں گی ذاتی عدد ۲ کا تعلق سیارہ قمر سے ہے اس لیے وہ شخص باہمت حوصلہ مند اور بہادر نہ ہوگا لیکن با ضمیر ہوگا غلط فیصلوں سے احتراز کرے گا وہ غیر مستقل مزاج ہوگا اور تبدیلیوں کو پسند کرے گا۔ جس نام میں ۲ نمود اے گا اس میں نت نئی تبدیلیاں لاکر کامیابی حاصل کرے گا۔

ذاتی عدد کا تعلق سیاروں سے ہے اس لیے ہم سیارگان سے ان اعداد کی مناسبت کی تشریح ذیل میں کرتے ہیں۔

زہرہ عدد ۶
مریخ عدد ۹
مشتری عدد ۳
عطارد عدد ۵
زحل عدد ۸
شمس ۱ عدد - ۴ عدد
قمر ۷ عدد - ۲ اعداد

سیارگان

(SUN)	شمس	۱	۴
(MOON)	قمر	۷	۲
(SATURN)	زحل	۸	
(JUPITER)	مشتری	۳	
(MARS)	مریخ	۹	
(VENUS)	زہرہ	۶	
(MURCURY)	عطارد	۵	

سیاروں کے ماہر رالف نے قمر کے ۲ منفی عدد کو نیچون (NEPTUNE) سے منسوب کیا ہے ۲ منفی عدد سے آپ قیمت کا حال جان سکتے ہیں اور رالف نے یورنس کو شمس (SHNS) کے منفی عدد ۴ سے مناسبت دی ہے آپ یورنس کے ۴ منفی عدد سے قسمت کا حال جان سکتے ہیں۔

اب اعداد اس طرح منقسم ہوں گے:

شمس عدد ۱
قمر عدد ۲
مشتری عدد ۳
یورنس عدد ۴
مریخ عدد ۹
زحل عدد ۸

۱	شمس	(SUN)
۲	قمر	(MOON)
۳	مشتری	(JUPITER)
۴	یورنس	(URNUS)
۵	عطارد	(MERCURY)
۶	زہرہ	(VENUS)
۷	نیپچون	(NEPTUNE)
۸	زحل	(SATURN)
۹	مریخ	(MARS)

پلوٹو کو یہاں کوئی نمبر نہیں ملا لیکن اس کی ترتیب کر دی گئی ہے کہ مریخ کے ۹ عدد اور زحل کے ۸ عدد منفی ہیں سے ایک کم کر کے پلوٹو کی مناسبت ۱۷ کر دی گئی ہے مگر یہ تعداد نمبر ۹ عدد سے باہر نکل جاتی ہے۔ یہ ترتیب تو رالف نے کی ہے لیکن اس پر عمل کرنا ضروری نہیں کیونکہ مختلف ماہرین علم الاعداد نے اس ترتیب کو ابھی تسلیم نہیں کیا ۷ + ۱ = ۸ کر کے اس عدد سے ہی پلوٹو کے خصائل سے آپ آگاہی حاصل کر سکتے ہیں پلوٹو چونکہ منحوس سیارہ سمجھا جاتا ہے۔ اس لیے جہاں ۱۷ عدد موجود ہو گا۔ وہاں نحوست اپنا اثر ضرور چھوڑے گا۔

"اب ہم آپ کو دنوں کے سیاروں سے تعلقات کے بارے میں بتاتے ہیں"

دنوں کا سیارگان سے تعلق اور ان کے اعداد

عدد ۷ ہفتہ تعلق زحل
عدد ۱ دن اتوار تعلق شمس
عدد ۲ دن پیر تعلق قمر
عدد ۶ جمعہ تعلق زہرہ
عدد ۵ جمعرات تعلق مشتری
عدد ۴ دن بدھ تعلق عطارد
عدد ۳ دن منگل تعلق مریخ

۱ عدد دن اتوار تعلق ستارہ شمس (SUN)

۲ عدد دن پیر تعلق ستارہ قمر (MOON)

۳ عدد دن منگل تعلق ستارہ مریخ (MARS)

۴ عدد دن بدھ تعلق ستارہ عطارد (MERCURY)

۵ عدد دن جمعرات تعلق ستارہ مشتری (JUPITER)

۶ عدد دن جمعہ تعلق ستارہ زہرہ (VENUS)

۷ عدد دن ہفتہ تعلق ستارہ زحل (SATURN)

۸ کا تعلق راس سے ہے

۹ تعلق ذنب سے ہے ان اعداد کی درستگی میں کسی ماہر علم الاعداد کو اختلاف نہیں ہے۔

—

پیدائش کا عدد ۴ اور دن کا عدد ۸ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

کسی قسم کا داؤ نہ لگائیں ناکامی ہوگی۔ بہتر ہے خاموشی اختیار کریں۔

پیر کا دن :

بہت سے کام لیں۔ دوسرے منصوبے پر کام کریں کامیابی ہوگی سماجی تعلقات سے فائدہ اٹھائیں۔

منگل کا دن :

دوسروں کو خوش رکھیں خود بھی خوش رہیں۔ کام کرنے سے مالی فائدہ ہوگا۔

بدھ کا دن :

کسی سے بیزار نہ ہوں لوگوں سے اچھا سلوک کریں ذہن کو متوازن رکھ کر کام کریں مالی فائدہ ہوگا۔

جمعرات کا دن :

مستقبل کے لیے منصوبہ بندی کریں۔ تاکہ آپ کسی قسم کے نقصانات سے دوچار نہ ہوں

جمعہ کا دن :

دوسروں کو اپنا راز نہ دیں اپنے تجربات پر بھروسہ کر کے ذہانت سے قدم اٹھائیں کامیابی ہوگی۔

ہفتے کا دن :

وسیع مطالعے سے مدد لے کر تخلیق کام کریں شہرت ملے گی اور مالی فائدہ ہو ہوگا۔

پیدائش کا عدد ۴ اور دن کا عدد ۹ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

بڑے بڑے منصوبے بنا کر اپنی صلاحیت کے مطابق کام کریں۔ دلچسپی اور شوق سے توجہ دیں کامیابی ہو گی۔

پیر کا دن :

مستقبل میں کئے جانے والوں منصوبوں پر اچھی طرح غور کر کے ذہانت سے کام لیں کامیاب ہوں گے۔

منگل کا دن :

اپنے لیے دوسرے کام پر نہ پھنسائیں۔ آئندہ بھی ایسا ہو سکتا ہے۔ دلچسپی سے کام کریں مناسب وقت پر حالات درست ہو جائیں گے

بدھ کا دن :

محتاط ہو کر کوئی بھی کام کریں۔ نتیجے کی جلدی نہ کریں مالی فائدہ اور کامیابی ہو گی۔

جمعرات کا دن :

کسی کو اپنی رائے سے نہ دبائیں۔ کسی مدد کے بغیر کوئی بڑا منصوبہ شروع کریں کامیابی ہو گی۔

جمعہ کا دن :

آپ اہل خانہ اور دوستوں سے مل کر تفریح کریں ماحول اور گھریلو زندگی کو خوشگوار رکھیں۔

ہفتے کا دن :

یکسانیت میں بیزاری ہوتی ہے۔ آرام کریں۔ پھر گزشتہ کوتاہیوں کو نظر انداز کر کے کام

کریں آپ یقیناً کامیاب ہوں گے۔

پیدائش کا عدد ۵ اور دن کا عدد ۱ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

جدت، طاقت شوق اور دلچسپی سے اپنا کام کریں۔ ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔

پیر کا دن :

اپنے علم کے بارے میں قیاس کریں کہ اُس سے آپ کیا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ پھر کام کریں یہ مہینہ آپ کے لیے ہی مفادات کا باعث بنے گا۔

منگل کا دن :

کسی کا مشورہ قبول نہ کریں۔ وقت اور موجودہ مواقع سے فائدہ اٹھائیں دولت ملے گی۔

بدھ کا دن :

کسی طرح کے جوش میں نہ آئیں اپنی صلاحیتوں اور قوتوں سے کام لیں فائدہ ہوگا۔

جمعرات کا دن :

ہر شے کو غور سے پرکھیں جلد بازی سے کام نہ لیں سوچ سمجھ کر کام کریں فائدہ ہوگا۔

جمعہ کا دن :

دوسروں پر بھروسہ کریں۔ خط و کتابت پر نظر رکھیں۔ انتہا پسند نہ بنیں فائدہ ہوگا۔

ہفتے کا دن :

دوسروں کے کام آئیں۔ دوستوں کے دکھ کو اپنا دکھ سمجھیں عزیز اور دوست خوش رہیں گے اور آپ کا احترام کریں گے۔

پیدائش کا عدد ۵ اور دن کا عدد ۲ رکھنے والے افراد:

انوار کا دن:

لوگوں کے مفادات اور اپنے مفادات کو نہ ٹکرانے دیں۔ منزل کی طرف قدم اٹھاتے جائیں فائدہ ہوگا۔

پیر کا دن:

اپنے اخراجات کا توازن نہ بگڑنے دیں۔ مستقل مزاجی سے ہر کام کریں۔ فائدہ ہوگا۔

منگل کا دن:

اپنی صلاحیتوں پر اعتماد کر کے کام کریں۔ اس طرح لوگ آپ کی صلاحیتوں کو تسلیم کریں گے۔ جو ارادہ آپ کریں اس پر ڈٹ کر کام کریں۔

بدھ کا دن:

جلد بازی سے کام بگڑ جائے گا سائنسی کاموں میں دلچسپی لے کر کام کریں۔ آپ ہر کوشش میں کامیاب ہوں گے۔

جمعرات کا دن:

اپنے فائدے کی حفاظت کریں فضول قرضوں سے محفوظ رہیں۔ سب ٹھیک ہو جائے گا حالات آپ کے حق میں ہیں۔

جمعہ کا دن:

دوسروں سے گفتگو میں اپنا وقت نہ ضائع کریں۔ لوگوں کے دلوں میں اپنا بھروسہ قائم کریں۔

ہفتے کا دن:

اپنی فطری صلاحیتوں سے کام لیں جس منصوبے پر آپ کام کریں گے کامیابی ہوگی مالی

فائدہ ہو گا۔

پیدائش کا عدد ۵ اور دن کا عدد ۳ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

زندگی کا لطف لیں۔ مالی حالات کا جائزہ لے کر مناسب کام کریں۔ کامیابی ہو گی۔

پیر کا دن :

عزیزوں اور دوستوں سے تعاون کریں۔ آپ کا کتنا بھی بگڑ گیا ہو۔ درست ہو جائے گا۔

منگل کا دن :

ذہانت سے کام لے کر احباب کی مدد کریں۔ ان کے دل میں آپ کا احترام اور عزت ہے ان سے تعلقات اور رابطوں کو ختم نہ کریں۔

بدھ کا دن :

جس پیشے میں کام کر رہے ہیں۔ کرتے جائیں۔ مگر کسی ایسے شخص کی مدد لیں۔ جو جدید نظریات رکھتا ہو۔ اگر وہ آپ کی مدد کرے گا آپ کا کاروبار زیادہ مستحکم ہو گا۔

جمعرات کا دن :

جس شخصیت کو آپ اپنے قریب سمجھتے ہیں۔ اس سے اچھا سلوک کریں دوستوں کے کام آنے سے آپ کا مستقبل سنور جائے گا۔

جمعہ کا دن :

دن یا رات کا سفر احتیاط سے کریں۔ جلد بازی سے کام لیں گے تو نقصان اٹھانا پڑے گا۔

ہفتے کا دن :

اپنی ذات کا محاسبہ کریں۔ بہتر حالات کے لیے سوچیں اپنے آپ پر رحم کریں بہتری ہو گی۔

پیدائش کا عدد ۵ اور دن کا دن ۵ رکھنے والے افراد:

اتوار کا دن:

اچھے دوست بہت قیمتی چیز ہوتے ہیں۔ اُن سے حسن سلوک سے پیش آئیں انہیں فون کر کے اپنے تعلقات میں اضافہ کریں۔ اُن کے ساتھ محبت کریں۔ اُن سے آپ کو فائدہ ہوگا ان کے لیے اچھے جذبے رکھیں۔ ان کے بارے میں خوب غور کریں۔

پیر کا دن:

اپنی کوششوں کو تیزی سے آگے بڑھائیں سخت محنت کریں مفادات حاصل ہوں گے

منگل کا دن:

فوراً کوئی فیصلہ نہ کریں صبر اور ذہانت سے قدم اٹھائیں دوسروں کے معاملات میں جانبدار یا غیر جانبدار نہ رہیں۔ اس سے لوگ آپ کی عزت کریں اور آپ اپنے مشن میں کامیاب رہیں گے۔

بدھ کا دن:

نئے کاموں میں دلچسپی لیں سیر بھی کریں۔ یہ ماہ آپ کے لیے ہر طرح سود مند رہے گا۔

جمعرات:

لوگوں سے سامنا کم کر دیں۔ نئے ڈھنگ سے کام کریں آپ کے مخالف گھٹ جائیں گے

جمعہ کا دن:

دوسرے لوگ آپ سے حوصلہ افزائی اور محبت چاہتے ہیں۔ اُن سے اچھا سلوک کریں کچھ خاص دوستوں سے رابطہ اور تعلقات رکھیں فائدہ ہوگا۔

ہفتے کا دن:

کسی اخواہ کو خاطر میں نہ لائیں حالات کا جائزہ لیں جن کا آپ سے تعلق ہے۔ اُن کے

بارے میں صحیح حقائق معلوم کریں۔ یہ معلومات آپ کو فائدہ پہنچائیں گی۔

پیدائش کا عدد ۵ اور دن کا عدد ۶ رکھنے والے لوگ:

اتوار کا دن:

حسد کرنے والوں سے نہ گھبرائیں۔ اگر الزامات لگائے گئے تو آپ کی ترقی رک سکتی ہے۔

پیر کا دن:

عزیز و اقارب یا دوست اگر قرض مانگیں تو اطمینان کر لیں روانہ رقم ضائع ہو جائے گی۔

منگل کا دن:

اگر آپ کوئی فیصلہ کریں۔ تو اچھے طریقے سے کریں ہر طرح حالات کا جائزہ لیں پھر ایسا کریں

بدھ کا دن:

سوشل قسم کی محفلوں میں شمولیت کریں یہ وقت آپ کے لیے بے حد مناسب ہے جو بھی آپ کریں گے فائدہ ہوگا نئے کاروباری شریک کار سے محبت سے پیش آئیں۔

جمعرات کا دن:

پچھلی غلطیوں اور کوتاہیوں کو چھوڑ کر جتنے بھی کام آپ کے پیش نظر ہیں۔ سب کو مکمل کر دیں۔ اور نئے منصوبوں پر کام شروع کریں مالی مفادات حاصل ہوں گے۔

جمعہ کا دن:

اگر آپ کے دل میں کوئی آرزو ہے اُسے دوستوں پر فوراً ظاہر کر دیں۔ وہ آپ کی اس آرزو کی تکمیل کے لیے تیار ہو جائیں گے اور آپ کو فائدہ ہوگا بالکل نہ جھجکیں۔

ہفتے کا دن:

غور و فکر کریں۔ مطالعہ جاری رکھیں۔ ابھی آپ کے لیے وہ وقت نہیں ہے۔ جس سے آپ فائدہ اٹھا سکیں اپنے خول میں ہی پوشیدہ رہیں کوئی نیا منصوبہ ابھی شروع نہ کریں۔

پیدائش کا عدد ۵ اور دن کا عدد ۷ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

اگر آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں تو فوراً کام شروع کر دیں۔ وقت ضائع نہ کریں فضول خرچی نہ کریں لوگوں سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔

پیر کا دن :

مخلص دوستوں کے تعاون سے مشورے لیں دوست ضائع نہ کریں یہ فضول خرچی سے بچیں

منگل کا دن :

قریب اپنے والے لوگوں کے کام آئیں ان کی امداد کریں۔ وقت ملے تو اُن سے ملیں۔ فائدہ ہوگا۔

بدھ کا دن :

اپنے حالات سے ڈر کر بھاگنے کی کوشش نہ کریں حوصلے سے اسی جگہ رہیں خوشی حاصل ہوگی کامیابی ملے گی۔

جمعرات کا دن :

اگر آپ جگہ بدل لیں تو حالات بہتر ہو جائیں گے کوئی عزیز مدد کرے گا کاروبار کی حفاظت کریں فائدے کا خیال رکھیں کسی قسم کی اختلاف رائے سے بچیں ترقی ہوگی مخالفت سے بالکل نہ ڈریں۔

جمعہ کا دن :

کسی قسم کی خاص چیز کو دیکھ کر آپ اُس کی طرف متوجہ ہو جائیں گے پیار و محبت کے لیے یہ اچھا وقت ہے۔

ہفتے کا دن : ۔ کسی دوسرے کو اپنے معاملات میں دخل اندازی نہ ہونے دیں اور نہ جمع کی ہوئی

کو استعمال کریں مالی معاملات کو سدھارنے کے لیے آپ کے لیے یہ موزوں اور مناسب وقت سے فائدہ اٹھائیں۔

پیدائش کا عدد ۵ اور دن کا عدد ۸ رکھنے والے افراد:

اتوار کا دن:

ہر قسم کی مصروفیت کو چھوڑ دیں۔ اپنے دوستوں اور اہل خانہ کے ساتھ سیر و تفریح میں مشغول ہو جائیں۔

پیر کا دن:

کسی قسم کی بھی مخالفت آپ کے لیے نقصان دہ ہو گی۔ لوگوں سے اچھا سلوک کریں۔ اور اپنا رویہ مناسب رکھیں جھگڑوں اور تکرار سے دور رہیں۔ بحثوں میں حصہ لینے سے نقصان ہو گا۔

منگل کا دن:

ضرورت سے زیادہ خوراک استعمال کرنا مناسب نہیں کسی پریشانی الجھن اور رکاوٹ کو خاطر میں نہ لائیں۔ کسی قسم کی رکاوٹ آپ کے لیے کامیابی کا زینہ بھی بن سکتی ہے۔

بدھ کا دن:

جو بھی قدم اٹھائیں سوچ سمجھ کر اٹھائیں۔ مستقبل میں خوشحالی کسی اچھی ترغیب سے ملے گی اور آپ مالدار بن جائیں گے۔

جمعرات کا دن:

آپ جگہ تبدیل کر کے کسی پرانے عزیز کے پاس چلے جائیں۔ تو آپ کے بُرے حالات اچھے ہو سکتے ہیں۔ آپ کو پورا مہینہ صبر و تحمل اور سکون سے اپنے کی ضرورت ہے۔

جمعہ کا دن :

آپ بے حد ذہین ہیں۔ اپنی ذہانت صلاحیت اور قابلیت سے فائدہ اٹھائیں۔ دولت ملے گی۔

ہفتے کا دن :

کچھ آرام کرلیں اس کے بعد کوئی اچھا فیصلہ کریں۔ دوسری پارٹی کے ساتھ مل کر کام کریں باہمی تعاون سے بہت فائدہ ہوگا۔

پیدائش کا عدد ۵ اور دن کا عدد ۹ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

اپنے آپ پر بھروسہ کریں۔ کاروبار شریک سے جھگڑا نہ کریں خاندان سے صلح رکھیں فائدہ ہوگا۔

پیر کا دن :

احتیاط کریں کہ کوئی آپ کو غلط راہ پر نہ لگادے۔ یا آپ کے اعتماد اور بھروسے کو نقصان پہنچے اپنے فیصلوں اور تجویزوں کو کسی پر ظاہر نہ کریں۔

منگل کا دن :

منزل کی طرف بڑھتے چلے جائیں۔ تخلیقی کام کو جاری رکھیں اگر اتنا کام بھی نہ کریں کہ آپ کی صحت متاثر ہو۔ تفریح کریں اور اپنی صلاحیت پر پورا اعتماد رکھیں۔

بدھ کا دن :

آپ کی شخصیت اور باتوں میں ایک جادو اثر صلاحیت ہے اس سے مفاد حاصل کریں فخر و غرور اور تکبر کو چھوڑ کر دوسروں کے کام آئیں۔ ان سے اچھے تعلقات رکھیں۔ ہر طرح کامیابی ہوگی۔

جمعرات کا دن :

آپ چونکہ ایک خاص میدان میں تجربہ رکھتے ہیں۔ بے فکر ہو کر آگے بڑھیں اگر آپ قرضہ بھی لے لیں تو گھبراہٹ نہیں آپ اپنے کام میں کامیاب ہوں گے اور خوشحال ہوں گے۔

جمعہ کا دن :

اپنے اوپر کسی اعتراض کو خاطر میں نہ لائیں ہر قسم کے بہتان کو اڑا دیں۔ جو کام کر رہے ہیں اُس کو کسی چیز سے متاثر نہ ہونے دیں آپ کامیاب ہوں گے۔

ہفتے کا دن :

آپ یہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ کہ گھریلو معاملات ٹھیک چلتے رہیں۔ سو آپ فکر نہ کریں۔ روزانہ کے کام کاج اور گھریلو معاملات کی مصروفیات کو جاری رکھیں۔

باب نمبر:۱۰

پیدائش کا عدد ۷ اور دن کا عدد ۱ رکھنے والے لوگ

اتوار کا دن :

مناسب موقعے ضائع نہ کریں۔ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر کام کریں کامیابی ہوگی

پیر کا دن :

دوسرے لوگ آپ کے نقطۂ نظر کو مان لیں گے معمولی اختلاف کو نظر انداز کر کے کام کریں۔

منگل کا دن :

آپ کے عہدے کو خطرہ ہے اس کے لیے چھان بین کریں۔ اور اس شخص سے بچیں جو آپ کے اس عہدے کو حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اپنے حقوق کا تحفظ کریں۔

بدھ کا دن :

کسی فریق کی مخالفت کو خاطر میں نہ لائیں تندہی سے کام کریں۔ حالات آپ کے حق میں رہیں گے کسی اختلاف رائے کی پرواہ نہ کریں۔

جمعرات کا دن :

جو کچھ آپ تلاش کرنا چاہتے ہیں جدوجہد کریں مل جائے گا۔ پیار و محبت کی خاطر پانے

نئے موقع کے لیے یا کاروبار اور تفریح کے لیے کریں۔ نقصان ہوگا۔

جمعہ کا دن :

زیادہ ذمے داریوں کو آپ نباہ نہیں سکتے۔ فوراً ان سے الگ ہو جائیں۔ آپ شریف الطبع انسان ہیں۔ لوگوں کو آپ پر اعتماد ہے۔

ہفتے کا دن :

اپنی خلوت کو چھوڑ کر اپنے اہل خانہ اور دوستوں کے ساتھ سیر و تفریح پر نکلیں وہ آپ کو پسندیدہ نظروں سے دیکھیں گے۔ آپ کا وقار بڑھے گا۔

پیدائش کا عدد ۶ اور دن کا عدد ۲ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

اپنی مہربانیوں اور ہمدردیوں کو اثیرے غیر سے پر خرچ نہ کریں۔ دوسرے لوگ آپ کے اس اقدام کو اچھا نہ سمجھیں گے اور آپ کا وہ وقار ختم ہو جائے گا جسے آپ نے بشکل حاصل کیا ہے۔

پیر کا دن :

اپنے فضول مسائل کو چھوڑ کر تفریح میں حصہ لیں۔ اپنے منصوبوں کی تبدیلی سے آپ کو کامیابی ملے گی سپنے دیکھنا چھوڑ دیں حقیقت کو مدنظر رکھ کر کام کریں۔

منگل کا دن :

منصوبہ آپ نے بنایا نہیں اور کام کرنے کی سوچ رہے ہیں منصوبہ بنا کر کام کریں سوچیں چھوڑ دیں۔

بدھ کا دن :

مستعد رہیں۔ موقع پا کر اپنے شکار پر شیر کی طرح جھپٹیں اس سے پہلے کہ کوئی تمہارا منصوبہ

سے اڑسے آپ اُسے عملی جامہ پہنائیں کامیابی ہی کامیابی ہے۔

جمعرات کا دن :

اپنا کام جلدی جلدی نبٹائیں۔ اگر آپ کو کسی کے مشورے کی ضرورت نہیں ہے۔ تو مشورہ نہ لیں۔ ویسے اپنی بہتری کے لیے مشورے لینا اچھی بات ہے۔

جمعہ کا دن :

آپ کو فیلڈ میں آگے بڑھ کر کام کرنا ہے۔ اپنی نئی تجاویز دوسروں کے سامنے رکھیں انہیں ان کے بارے میں سمجھائیں اور سچائی سے کام لے کر انہیں ساتھ لیں مل کر کام کریں۔ کامیابی ہوگی۔

ہفتے کا دن :

آپ کسی دوسری جگہ جائیں گے آرام نہ پائیں گے۔ آپ کو اپنے گھر میں ہی سکون ملے گا لہذا اپنا گھر چھوڑ کر کہیں نہ جائیں۔

پیدائش کا عدد ۶ اور دن کا عدد ۳ رکھنے والے لوگ :

انوار کا دن :

آپ کے سامنے اگر کوئی اچھا منصوبہ ہے اُس پر کام کریں۔ اپنی صلاحیتوں قابلیت اور مہارت سے کام لیں کامیابی ہوگی اپنے پرانے تجربات سے کام لیں مالی فائدہ ہوگا۔

پیر کا دن :

کسی خوف کو دل میں جگہ نہ دیں۔ نڈر ہو کر کام کریں آپ کامیاب ہوں گے اپنے اچھے حالات کے لیے دوستوں کے مشوروں پر عمل کریں۔

منگل کا دن :

آپ میں جدت پسندی تخلیقی اور ادبی صلاحیتیں موجود ہیں آپ ان سے کام لیں متعلقہ

اور اچھے لوگوں سے آپ کو شہرت ملے گی۔ لوگ آپ کو پسند کریں گے اور آپ کو مالی فائدہ ہوگا۔

بدھ کا دن :

اگر آپ ملازم پیشہ ہیں۔ تو اپنی ملازمت کو اس وقت تک برقرار رکھیں جب تک کہ آپ کو کوئی دوسری جگہ نہیں مل جاتی محفلوں سے دور رہیں۔ اپنے منصوبے کو جلد از جلد مکمل کریں۔

جمعرات کا دن :

ممکن ہے آپ کو ریڈیو کے ذریعے یا ٹیلیویژن کے ذریعے لوگوں کے سامنے آنا پڑے کوشش کریں ایسا نہ ہو۔ ورنہ آپ کی نیک نامی کو نقصان ہوگا۔ اور آپ غمگیں ہوں گے بے شک آپ کو اس طرح شہرت بھی ملے گی، عزت بھی ملے گی۔ مگر اس سے آپ کو کوئی خوشی نہ ہوگی۔

جمعہ کا دن :

آپ غفلت میں سکون تلاش کر رہے ہیں۔ اپنے آپ کو خود کفیل سمجھ رہے ہیں۔ حقیقت میں ایسا نہیں ہے۔ اس لیے ایسے دوستوں کی مدد لیں جو آپ کو اس بھنور سے نکال سکیں۔

ہفتے کا دن :

سب کچھ چھوڑ کر آپ درست راستے پر چلیں آپ کے مالی حالات استحکام پذیر ہوں گے ذراسی کوتاہی آپ کو لے ڈوبے گی۔

پیدائش کا عدد ۶ اور دن کا عدد چار رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

بیکار راہیں اختیار نہ کریں۔ اپنے مسائل پر غور و فکر سے کام کریں۔ کامیابی ہوگی۔

پیر کا دن :

بہترین کتابوں کا مطالعہ آپ کو فائدہ پہنچائے گا۔ گھریلو معاملات میں دلچسپی لیں فضول مشاغل کو چھوڑ دیں ۔عزیزوں اور دوستوں کی دعوت کریں فائدہ ہوگا۔

منگل کا دن :

آپ اچھی سوچ سے کسی منصوبے پر عمل کریں کامیابی ہوگی۔ عملی کام کریں باتیں کم کریں۔

بدھ کا دن :

اب آپ کو اپنا فائدہ سوچنا ہوگا دوسرے لوگ آپ کا محنت سے کمایا ہوا مال اڑا رہے ہیں زیادہ فیاضی اور رحمدلی نقصان دہ ہے اپنا مال بچایئے۔

جمعرات کا دن :

آسمانوں میں اڑنے کی کوشش نہ کیجئے زمین پر رہ کر عملی کام کریں۔ فائدہ ہوگا ۔خیالوں اور خوابوں کی دنیا میں رہنے سے آپ کو کچھ نہیں ملے گا۔

جمعہ کا دن :

اپنی اتی کے کام اور ضروری کام کریں لیکن آرام سے کریں لوگ آپ کے نزدیک ہوں گے اور آپ کو مالی مفادات حاصل ہوں گے۔

ہفتے کا دن :

بڑے بڑے منصوبوں پر کام کرنے سے کامیابی ہوگی ۔خاندان والوں کی مدد سے کام میں اضافہ ہوگا۔ اور آپ کے حالات کو مالی استحکام ملے گا۔

پیدائش کا عدد ۶ اور دن کا عدد ۵ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

دوسرے مسائل کے تفکرات سے نجات حاصل کریں کاروباری مسائل پر توجہ دیں

مالی فائدہ ہوگا۔

پیر کا دن :

اپنے پچھلے کام مکمل کریں۔ نئے کام شروع کریں کامیابی ہوگی۔

منگل کا دن :

دوستوں سے مل کر پرانی یادوں کی تجدید کریں۔ ان کے ساتھ سیر و تفریح کا لطف اٹھائیں اور کسی کاروباری یا ذاتی فکر کو دل میں جگہ نہ دیں۔

بدھ کا دن :

پہلا کام مکمل کرکے دوسرا کام شروع کریں۔ کامیابی ہوگی۔ ورنہ نقصان ہوگا۔ کچھ بھی حاصل نہ ہوگا۔

جمعرات کا دن :

آپ کوئی ایسا کام کریں گے۔ جس سے آپ کو لازوال شہرت اور اعزاز ملے گا جس کے بارے میں آپ نے اپنی زندگی کی موڑ پر تصور بھی نہ کیا ہوگا۔ آپ حیران رہ جائیں گے۔

جمعہ کا دن :

آپ دوسروں کے اور اپنے مسائل اس طرح حل کر سکتے ہیں کہ اپنی ترقی اور تعمیر کی راہ میں کسی شخص کو رکاوٹ نہ بننے دیں اگر آپ نے ایسا کر لیا تو سب کچھ پا لیا۔

ہفتے کا دن :

اپنے نئے منصوبوں کی کامیابی سے تکمیل آپ اس طرح کر سکتے ہیں۔ کہ ماضی کے تجربات سے کام لیں۔ اور پچھلی کوتاہیوں کو دوبارہ نہ دہرائیں کوئی غلطی نہ کریں۔

پیدائش کا عدد ۶ اور دن کے ۶ عدد کے حامل افراد :

اتوار کا دن :

آپ مستقل فراخی سے کام لے کر گھریلو عمارتوں کی تعمیر کرائیں یا دستی صنعت کو اپنا ئیں گھریلو صنعت قائم کریں۔ مرضی کے مطابق فائدہ ہوگا۔ کیونکہ آپ قسمت والے ہیں۔

پیر کا دن :

سفر پر جانے سے فائدہ ہوگا۔ سماجی کام کریں لوگوں کے کام آئیں ان سے بھلائی کریں نئے تجربات پر عمل کرنے سے شہرت ملے گی۔ عزت و وقار میں اضافہ ہوگا اور مالی فائدہ ہوگا

منگل کا دن :

آپ کو جلد ہی کہیں مدعو کیا جائے گا۔ اگر آپ وہاں چلے گئے تو مالی فائدہ ہوگا۔ ترقی ہوگی۔

بدھ کا دن :

ایک کام چھوڑ کر دوسرا کام ہاتھ میں نہ لیں۔ ورنہ آپ کو دونوں طرف سے ہاتھ دھونا پڑیں گے۔ نہ ادھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے والی بات ہوگی آپ کو چاہیے کہ مطالعہ کریں خصوصی توجہ دیں۔ اور بہت زیادہ مہارت سے کام لیں۔ تب ہی آپ ترقی کر سکتے ہیں ورنہ پہلا کام بھی چلا جائے گا۔ اور آپ باجا بجاتے پھریں گے۔ نئے موقوں کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

جمعرات کا دن :

اگر آپ کو کوئی مشورہ دے تو اُس پر غور کریں۔ مگر اُس سے کوئی وعدہ نہ کریں آپ کے دوست سچے ہیں۔ آپ کے عزیز سچے ہیں۔ آپ نے اُن سے جو اچھائیاں سیکھی ہیں۔ اُن سے کام لیں۔

جمعہ کا دن :

آپ کے لیے حدود کو تجاوز کرنا مناسب نہیں ہے۔ نئے نظریات اور تجربات سے دوستوں کو روشناس کرائیں۔ دوست بھی فائدہ اٹھائیں گے اور آپ بھی استفادہ کریں گے۔

ہفتے کا دن :

آپ کو کوئی فون ٹیلی گرام دیا خط دیا کوئی ایسی خبر ملے گی۔جس میں آپ کی ترقی کے بارے میں کہا جائے گا یا آپ کے لیے کوئی پرانا منصوبہ یا کوئی خواہش پوری ہونے کی نوید ہو گی جس سے آپ کو مالی مفادات حاصل ہوں گے۔

پیدائش کے عدد ۶ اور دن کے عدد ۷ سے متعلقہ لوگ :

اتوار کا دن :

آپ کو یہ خبط ہے کہ آپ دانش ور ہیں۔ مگر آپ اپنے کسی دوست یا عزیز کی مدد سے اس خبط کے چکر سے نکل آئیں گے۔

پیر کا دن :

جس کام کو آپ کر رہے ہیں کرتے رہیں۔ ورنہ آپ کا زوال شروع ہو جائے گا۔

منگل کا دن :

آپ اس صورت میں سنبھل سکتے ہیں۔ یا تو تخلیقی کام سے دستکش ہو جائیں۔ یا ذمے داریوں کے بوجھ کو اتار پھینکیں۔

بدھ کا دن :

ان لوگوں کے اشتراک میں کام کریں جو آپ کی صلاحیتوں کو تسلیم کرتے ہیں فائدہ ہو گا۔

جمعرات کا دن :

اپنے کاروباری شریکوں کی چھان بین کر کے ان کا جائزہ لیں۔ آپ جو کام کرتے ہیں۔ وہی دوسرا کرتا ہے۔ کسی نہ کسی طرح وہ تمہارے کام میں شامل ہے۔ اور ایسے لوگوں سے چھٹکارا پانے کی کوشش کریں۔

جمعہ کا دن :

سوموار کے علاوہ آپ کے لیے سب ہی دن بہتر ہیں۔ کام کرنے کے لیے بہترین وقت ہے کاروباری کام کریں۔ کوئی معاہدہ کریں۔ گھریلو کام کریں کامیابی ہوگی۔

ہفتے کا دن :

کوئی آپ کو نشانہ بنانے کی کوشش کرے گا کاروباری حسین پیشکش قبول نہ کرے دوستوں اور عزیز واقارب کے احسانات کو تسلیم کریں۔ نرم رویہ اپنائیں اور قانونی مسائل پر گہری نظر رکھیں ان کا بغور جائزہ اور بہتری کے لیے کوشش کریں۔

پیدائش کا عدد ۶ اور دن کا عدد ۸ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

آپ سچائی پر ہیں کسی رکاوٹ کو خاطر میں نہ لائیں خوشیوں کے دن شروع ہو چکے ہیں پورا ہفتہ فوکس رہیں اور زندہ دلی سے پیش آئیں۔

پیر کا دن :

کوئی دوست عزیز یا احباب آپ سے مشورہ طلب کرے اُسے آپ مشورہ دے کر فائدہ پہنچائیں اور یہ غم نہ کریں کہ آپ کے احسان کو بھلا دے گا۔ نیکی نیکی ہوتی ہے۔

منگل کا دن :

آپ گھریلو پریشانیوں میں مبتلا رہیں۔ یہ کسی دوست کی مدد سے ختم ہو جائیں گی مستقل

مزاجی اور ثابت قدمی سے اپنے منصوبوں پر عمل پیرا رہیں کامیابی یقیناً ہو گی۔

بدھ کا دن :

آپ کی خوش بختی میں کلام نہیں۔ کیونکہ آپ کے سارے کام ایک ایک کر درست ہو رہے ہیں ایک کے بعد ایک کامیابی آپ کو مل رہی ہے۔ آپ کی ستارہ رکھتے ہیں۔

جمعرات کا دن :

اپنی مرضی کے مطابق روزانہ اپنے منصوبوں پر کام کرتے جائیں۔ ایک دن پایۂ تکمیل کو پہنچیں گے اپنے عدد ۱ کو دیکھ لیں اس کے مطابق کام کریں کامیابی ہو گی۔

جمعہ کا دن :

کام جلدی نہ کریں۔ جب دوسرا قدم بڑھائے گا۔ تو آپ بھی اقدام کریں۔ آپ کے گھریلو حالات درست ہیں۔ آپ اپنے منصوبے میں کامیاب ہوں گے درست منزل ملے گی۔

ہفتے کا دن :

آپ کے پرانے کاروباری ساتھی یا دوست نئے کام میں معاون ثابت ہوں گے۔ خواہ آپ کم سرمائے سے کام کریں۔ ان کی مدد سے آپ کا کاروبار بہت ترقی کرے گا۔

پیدائش کا عدد ۶ اور دن کا عدد ۹ رکھتے افراد :

اتوار کا دن :

آپ نے جو ہمدردی یا فیاضی لوگوں پر کی ہے۔ جذبات ہیں اگر اُسے ضائع نہ کریں اور یہ توقع نہ رکھیں کہ جن پر آپ نے معمولی احسانات کئے ہیں۔ ان کے بدلے وہ آپ پر بہت زیادہ اور بڑے احسانات کریں گے۔

پیر کا دن :

نئی نئی تدابیر کرنے سے آپ کو بہتر نتیجے ملیں گے۔ آپ کی مرضی کے مطابق فائدہ ہو گا۔

سست نتائج سے دل نفور ڈانہ کریں آخر کار کامیابی اور فائدہ ہوگا۔

منگل کا دن :

نئے نئے دوست بنایئے۔ اپنی مصروفیات کو پھیلایئے۔ دوستوں کے دلوں میں اعتماد پیدا کرنے سے آپ کو شہرت ملے گی اور آپ مالی مفادات حاصل کرسکیں گے۔

بدھ کا دن :

دوستوں کو وعدے کے مطابق لوٹانے کے لیے قرضہ دیں اس سے آپ کے نئے منصوبے کو تقویت ملے گی اور آپ ترقی کریں گے۔

جمعرات کا دن :

جس قدر بھی ہو آپ دوستوں کو قریب لائیں۔ اُن سے تعلقات اور خوشگوار رابطے رکھیں اگر آپ نے مفادات کو بانٹنے کی کوشش کی تو مالی نقصان ہوگا۔ لوگ آپ سے بدظن ہو کر آپ کی شہرت اور مقبولیت کے بے حد ہر خلاف ثابت ہوں گے۔

جمعہ کا دن :

اُن اشیاء کو آپ فوقیت اور قیمت نہیں دیتے جو آپ کے لیے مالی استحکام کا باعث بن سکتی ہیں۔ آپ بیکار اور فضول اشیاء کی طرف توجہ دے کر نقصانات اٹھا رہے ہیں درست اشیاء کی طرف توجہ دیں۔

ہفتے کا دن :

حالات اور واقعات کا بغور جائزہ لے کر پر کشش منصوبوں پر کام کریں پر کشش منصوبے اُسی صورت میں پایۂ تکمیل کو پہنچ سکتے ہیں بشرطیکہ آپ انتھک دن رات محنت کریں۔

باب ۱۱

پیدائش کا عدد ۷ اور دن کا عدد 1 رکھنے والے لوگ

اتوار کا دن :

اگر آپ اپنے کاموں کا گہری نظروں سے جائزہ لیں اور محاسبہ کریں تو آپ وہ کام سرانجام دیں گے جن سے آپ کو وقار حاصل ہوگا اور آپ کے تمام مقاصد کامیاب ہو سکتے ہیں اگر آپ پرانی غلطیاں دوہرائیں گے تو نقصان ہوگا۔

پیر کا دن :

آپ کو اپنے تجربات اور مشاہدات سے جلد سے جلد اپنے منصوبوں کو کامیاب کر لینا چاہیئے ورنہ کوئی دوسرا فائدہ اٹھا جائے گا۔ اور آپ کے مفادات کو دھچکہ لگے گا۔

منگل کا دن :

خوش رہیں غم دور ہو جائیں گے مصیبتوں اور پریشانیوں سے نہ گھبرائیں کام جاری رکھیں ۔

بدھ کا دن :

آپ کو چاہیے کہ آپ اپنے تجربات اور مشاہدات کو تحریر کر لیں ہو سکتا ہے آپ کسی نقطے کو محض یاد رکھنے سے نظر انداز کر جائیں ۔ لکھنے سے آپ کو فائدہ ہوگا۔

جمعرات کا دن : ۔ کتنا ہی ناگوار فریضہ ہو آپ اُسے جلد سے جلد نبٹا لیں دیر کرنے سے

نقصان ہوگا۔ آپ کی اور دوسروں کی پریشانیوں اور پے چینیوں میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

جمعہ کا دن:

پچھلے دنوں کے لیے فضول اپنا روشن مستقبل ضائع نہ کریں اس میں بہتری ہے۔ جو بھی اپنا منصوبہ شروع کریں۔ اُس میں قربانی ضرور دیں۔ مالی قربانی ہو یا جذباتی، یا جدوجہد کی قربانی ہو پھر ہی آپ کامیاب ہو سکتے ہیں۔

ہفتے کا دن:

ماحول کو اپنا کر زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔ محنت لگن اور پوری توجہ سے کام کریں اپنی مرضی کے مطابق زیادہ سے زیادہ کامیابی اور فائدہ ہوگا۔

پیدائش کا عدد ۷ اور دن کا عدد ۲ رکھنے والے لوگ:

اتوار کا دن:

آپ کے ذہن میں جو بھی منصوبہ کروٹیں لے رہا ہے اُسے تجربہ کار دوست پر ظاہر کر دیں۔ وہ مدد کرے گا۔ دونوں مالی مفاد سے ہمکنار ہوں گے۔

سوموار کا دن:

جلد بازی میں کسی اہم فیصلے کو ملتوی نہ کریں۔ اس سے نقصان ہو سکتا ہے۔ مایوس اور شکستہ دل نہ ہوں۔ دوستوں سے مشورہ کر کے عمل کریں فائدہ ہوگا۔

منگل کا دن:

آپ جلد ہی کسی حیرت انگیز خوشی سے دوچار ہوں گے۔ آپ منفرد شخصیت کے مالک ہیں اپنے نظریات اور دلچسپیاں دوسری طرف کریں فائدہ ہوگا۔

بدھ کا دن:

آپ جائزہ لیں اور اچھے ماتحتوں کا انتخاب کر کے کام شروع کریں تا آپ کے کام کی ابتری

دور ہوگی اور آپ کو سکون ملے گا۔ اور کاروبار ترقی کرے گا نئے منصوبے کامیابی سے ہمکنار ہوں گے۔

جمعرات کا دن :

حد سے زیادہ مطالعہ نہ کریں ورنہ آپ کئی مضامین کی طرف سے بیزاری اور اُکتاہٹ محسوس کریں گے۔ دوستوں کے ساتھ مل کر سیر و تفریح آپ کے کئی مسائل کو حل کر دے گی۔

جمعہ کا دن :

ایسے مواقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ جن میں آپ مقتدر ہستیوں سے مل سکیں اُن سے مل کر آپ کو مفادات حاصل ہوں گے۔

ہفتے کا دن :

ترقی کے لیے اچھا دن ہے آگے قدم بڑھایئے اپنے تجربات کو نئے منصوبوں میں استعمال کیجیۓ۔ اگر آپ کسی پرانے دوست سے ملیں گے تو فائدہ ہوگا۔

پیدائش کا عدد ۷ اور دن کا عدد تین رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

کسی اُلجھن کو خاطر میں نہ لائیں یکسوئی سے کام کریں بُرے حالات سے پریشان نہ ہوں کچھ معاملات آپ کو ایسے درپیش ہیں۔ جو آپ کو بے چین کر سکتے ہیں مگر آپ اُن کی طرف سے بے فکر ہو جائیں۔ سمجھ لیں کہ زندگی اونچ نیچ کا نام ہے۔ ایسا ہوتا ہی رہتا ہے۔

سوموار کا دن :

آپ اپنے مفاد کو آگے بڑھائیں دوسروں کے مسئلے حل کر کے انہیں فائدہ پہنچائیں اپنے مسئلے بھی اعلیٰ تدبیر سے حل کریں تاکہ آپ کو فائدہ ہو۔

منگل کا دن :

ہمسایوں کی مدد کرنے سے آپ کو شہرت اور نیک مالی ملے گی۔ اپنے مسائل کو حل کرنے کے لیے بہترین دن ہے۔ سماجی محفلوں میں کم حصہ لیں۔ جلد اپنا کام نبٹائیں۔

بدھ کا دن :

اپنے نظریات کو وسعت دیجئے تنگ نظر نہ بنئے۔ خوش دلی سے آپ اپنے نظریات میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں اور اپنے کاروبار میں اچھی تبدیلی لا سکتے ہیں۔ اس تبدیلی اور اچھی محفلوں میں حصہ لینے سے آپ مفادات حاصل کر سکتے ہیں۔

جمعرات کا دن :

زیادہ کام نہ کریں آرام اور سیر و تفریح کریں۔ اپنے شعبے میں مگن اور محنت سے کام کریں فائدہ ہوگا۔

جمعہ کا دن :

آپ اپنے رویے اور حسن سلوک کے جذبانہ تاثرات سے لوگوں کے دل جیت گئے ہیں اپنے صفیوں پر اعتماد رکھیں۔ کسی کو اپنے معاملات میں دخل انداز نہ ہونے دیں۔ کاروباری معاملات ہوں یا ذاتی معاملات ہوں۔ طاقتوں کو سنبھال کر رکھیئے آئندہ بہتری ہوگی۔

ہفتے کا دن :

ترقی کے لیے یہ بہترین وقت ہے آگے بڑھیئے اور اپنے با اعتماد فیصلوں پر عمل کیجئے اس طرح آپ کامیابی اور مالی فائدہ حاصل کریں گے۔

پیدائش کا عدد ۲ اور دن کا عدد ۴ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

فضول کو اخراجات پر قابو پائیں دوستوں کی مدد حاصل کریں۔ کامیابی ہوگی اپنے حالات

کو بہتر بنانے کے لیے بے حد مفید ہے۔ جو بھی اس وقت کام کریں فائدہ ہوگا فوری قدم اٹھائیں آپ کے مسئلے حل ہو جائیں گے۔

منگل کا دن:

لوگوں کے گھریلو معاملات میں دخل اندازی نہ کریں حاجت مندوں کی مدد کریں اپنے کاموں مسائل اور منصوبوں کو نظر انداز نہ کریں انہیں مدنظر رکھیں۔

بدھ کا دن:

آپ کاروباری انتظامات سے مطمئن ہیں۔ پھر بھی آپ لوگوں سے مدد حاصل کر سکتے ہیں اس طرح آپ کی مشکلیں اور الجھن حل ہوں گی دوستوں کو بتانا چاہیے کہ آپ مصیبت میں میں ہیں۔

جمعرات کا دن:

جرأت مندی سے کام کریں نئے منصوبوں سے نہ ڈریں بے شک آپ میں صلاحیت کم ہے مگر انتھک محنت اور جدوجہد سے آپ کے منصوبے کامیاب ہوں گے۔

جمعہ کا دن:

کسی مخالف شخص سے نہ گھبرائیں۔ کام پوری لگن سے کریں۔ صبر آپ کو فائدہ پہنچائے گا۔

ہفتے کا دن:

آپ کو گھر سے باہر جانے کی ضرورت نہیں ہے آپ کا مشترکہ مفادات درست ہے مشترکہ سب معاملات درست ہیں۔ کاروبار درست ہے اپنے پر بھروسہ رکھیں۔ مالی فائدہ ہوگا۔

پیدائش کا عدد ۷ اور دن کا عدد ۵ رکھنے والے افراد:

اتوار کا دن:۔ اپنے حالات کا جائزہ لیں۔ یونہی سفر نہ کریں مصروفیات کو کم کریں توجہ

سے کام لیں۔

سوموار کا دن :

آپ پریشان نہ ہوں سارے معاملات درست ہو جائیں گے برے نتیجے جن سے آپ دوچار ہوں گے اُن سے بہت زیادہ حیرت قبول نہ کریں۔ سکون سے انہیں قبول کریں۔ گھبرائیں نہیں۔

منگل کا دن :

کوئی شخص آپ کے تعاقب میں ہے اُس سے بچیں وہ آپ کو نقصان پہنچانے کی فکر میں ہے آپ اپنے حسن تدبر سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ کاروبار میں ہر طرح کے لین دین سے دور رہیں

بدھ کا دن :

کاروبار میں تبدیلی لاکر اپنے فائدے میں رہیں گے آپ کے دوست بھی ایسا ہی کریں گے نئی تبدیلیاں آپ سب کو فائدہ پہنچائیں گے۔

جمعرات کا دن :

کچھ کاروباری معاملات یا کاروباری دوستوں کے متعلق اگر آپ اپنے نظریات کو بدل دیں تو فائدہ ہوگا اور آپ کا کاروبار مستقبل میں آپ کو فائدہ پہنچائے گا۔

جمعہ کا دن :

گھریلو معاملات آپ کو پریشان کر رہے ہیں دوستوں سے امداد لیں سارے معاملات درست ہو جائیں گے۔

ہفتے کا دن :

کافی عرصے سے آپ ایک اہم مسئلے کی طرف سے غفلت برت رہے ہیں فوراً اُسے حل کر لیں۔ کیونکہ یہ وقت آپ کے لیے بہت مناسب ہے زیادہ محنت نہ ہوگی نتیجہ بہتر نکلے گا۔

پیدائش کا عدد ۷ اور دن کا عدد چھ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

اپنے تجربات صلاحیتوں، مشاہدوں اور نظریات کو تصرف میں لائیں کافی فائدہ ہوگا۔ آپ جس میدان میں بھی کام کر رہے ہوں ترقی ہوگی۔ مالی حالات مستحکم ہوں گے۔

سوموار کا دن :

گھریلو معاملات کی طرف سے نظریں نہ پھیریں۔ دلچسپی لیں نتیجہ بہت اچھا ہوگا۔

منگل کا دن :

زیادہ مسائل کو دل میں جگہ نہ دیں۔ ایک مسئلہ باقی رہنے دیں اور اُسے فوراً حل کریں فائدہ ہوگا۔

بدھ کا دن :

کامیابی کے لیے اپنے خیالات اور وسعت نظر رکھئے فائدہ ہوگا۔ اس سے لوگوں سے فائدہ اٹھائیں وہ آپ کو قبول کریں گے۔ اور مالی مفادات کا باعث بنیں گے۔

جمعرات کا دن :

آپ بہت تیزی سے آگے بڑھ گئے ہیں۔ اپنی رفتار کم کر کے دوسروں کو اپنے قریب آنے کا موقع دیں تاکہ دوسرے لوگ آپ سے فائدہ اٹھائیں اور آپ کی قدر کریں۔

جمعہ کا دن :

آج کی شام آپ کے لیے دلیری اور جرأت کا پیغام رکھتی ہے۔ دوستوں سے مدد لے کر فائدہ اٹھائیں۔

ہفتے کا دن :

لوگ جو کچھ آپ کے بارے میں کہتے ہیں اُسے سن کر خاموشی اختیار کریں اس خاموشی

کے بدلے ان سے جو کچھ آپ چاہیں گے ملے گا۔ وہ آپ کے لیے مالی مفادات کا سبب بنیں گے

پیدائش کا عدد ۷ اور دن کا عدد ۷ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

اپنے منصوبوں یا پروجیکٹ کے مکمل ہونے سے پیشتر کسی سے ذکر مناسب نہ ہوگا۔ خاموش رہنے سے آپ کامیاب ہوں گے اور فائدہ میں رہیں گے۔

پیر کا دن :

آپ کے پاس ایک بڑا منصوبہ ہے اس لیے آپ اسے مکمل نہیں کر سکتے کسی دولت مند کو شریک کار کریں فائدہ ہوگا۔ آپ کے اور آپ کے شریک کار کے عمل سے کامیابی ہوگی۔

منگل کا دن :

اُلجھنوں، مشکلوں اور پریشانیوں کو فراموش کریں سمجھ لیں آپ کی راہ میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ دلجمعی اور سکون سے کام کریں کامیابی یقینی ہے

بدھ کا دن :

وقت گزاری کے لیے شطرنج کے کھیل سے دلچسپی قائم کریں۔ اعلیٰ کتابیں پڑھیں تقریریں یا لیکچرز سننے کے لیے جائیں اس طرح آپ کی ذہنی صلاحیتیں تیز ہوں گی جو بھی کام آپ کریں سود مند ہوگا۔

جمعرات کا دن :

آپ کے حالات بدلنے والے ہیں۔ انہیں کماحقہ طور پر سنبھالنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اپنے تجربات اور معلومات کا جائزہ لے کر آگے بڑھیں کامیابی ہوگی۔

جمعہ کا دن :

اچھی طرح ہر نقطے پہ غور کرنے کے بعد دوستوں کی مدد کریں اور ان کے منصوبوں کی تکمیل

میں کام آئیں۔

ہفتے کا دن :

گھبرایئے نہیں۔ ایک کے بعد دوسرا کاروبار شروع کریں۔ عقلمندی اور سلیقے سے کئے گئے کاروبار میں آپ کو کامیابی اور مالی فائدہ ہوگا۔

پیدائش کا عدد ۷ اور دن کا عدد ۸ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

غم اور افسردگی سے دور رہیں عزیز و اقارب اور دوستوں کے ساتھ محبت سے پیش آئیں آپ سارا دن خوش خوش رہ کر گزاریں۔ کسی اُلجھن کو دل میں جگہ نہ دیں۔

پیر کا دن :

کاروباری معاملات پر پوری توجہ مرکوز رکھیں کسی قسم کے جوش اور غصے کو دل میں جگہ نہ دیں جلد بازی چھوڑ کر کام کریں آپ اپنے عزائم اور ارادوں میں کامیاب مفادات حاصل کریں گے۔

منگل کا دن :

جلد ہی آپ اپنے کاروبار میں تبدیلیاں کریں گے عقلمندی اور سوجھ بوجھ سے کام لیں گے تو کامیابی اور فائدہ حاصل ہوگا۔ آپ کا ہر فیصلہ بہتر ہونا چاہیئے۔

بدھ کا دن :

آپ کو جذبات کی رو میں بہنے کی بجائے ہوش و خرد سے کام لینا چاہیئے۔ اپنے فرائض کو خوش اسلوبی اور محنت سے ادا کریں۔ کام میں جذباتی نہ ہوں جائیداد کی حفاظت ضرور کریں

جمعرات کا دن :

آپ اپنی ڈیوٹی کے بارے ذرا نہ گھبرائیں۔ اس پہ بھرپور توجہ مرکوز رکھیں خواہ آپ کے

آپ کے فرائض کتنے ہی سخت کیوں نہ ہوں۔ محنت سے سرانجام دیں۔ نتیجہ اچھا ملے گا۔

جمعہ کا دن :

آپ اپنی زندگی لوگوں کی خدمت کے لیے وقف کر دیں۔ انسانوں کی بھلائی کو اپنا شعار بنالیں آپ کو عزت اور قدر ملے گی وقار بڑھے گا۔ احساس کمتری میں نہ مبتلا ہوں۔

ہفتے کا دن :

آپ کے دل سے آواز اٹھے گی۔ کہ نئے منصوبے بنائیں پرانے چھوڑ دیں۔ اگر آپ نئے منصوبوں پر حوصلے ہمت اور عقلمندی سے کام کریں گے تو مالی فائدہ اور کامیابی ہوگی۔

پیدائش کا عدد ۷ اور دن کا عدد ۹ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

یہ دن آپ کے لیے بہتر دن ہے معاشرے اور اپنے کاروبار کے متعلق اچھی طرح سوچیں اور آگے بڑھیں اس طرح آپ اپنے بہت زیادہ مالی حالات مستحکم کر سکتے ہیں۔

سوموار کا دن :

دولت کو اور بڑھائیے اپنی کاروباری مصروفیات کو کسی پر ظاہر نہ کریں اپنے شریک کار پر اعتماد کریں۔ اور اُن کی ہدایات پر وقتی طور پر عمل کریں فائدہ ہوگا۔

منگل کا دن :

جو بھی مہمان آپ کے گھر آئے اُس کی خوب خاطر تواضع کریں۔ یہ دن آپ کے لیے بے حد اچھا ہے آپ اپنے بقایاجات وصول کریں گے اور محنت رنگ لائے گی خوب فائدہ ہوگا۔

بدھ کا دن :

اپنی عقل کو استعمال کریں جو کام کریں سوچ سمجھ کر کریں اپنے فرائض کو بے فکری سے سرانجام دیں۔ محنت سے کیا گیا کام فائدہ مند ہوگا۔

جمعرات کا دن :

اپنی طاقت فضول خرچ نہ کریں۔ جو کچھ آپ کو سونپا گیا ہے۔ اُس کام کو پوری توجہ اور شوق سے کریں فائدہ ہوگا۔

جمعہ کا دن :

مطمئن ہو کر فیصلے کریں جلدی نہ کریں۔ غلط فہمیوں سے آپ کے معاملات بگڑ سکتے ہیں۔ اس لیے ان کی پرواہ نہ کریں۔ لوگوں کی خدمت کریں اچھا صلہ ملے گا۔

ہفتے کا دن :

اپنے دل کی آواز پر فیصلے کریں کامیابی ہوگی حالات بدلنے کی کوشش فائدہ مند ہوگی۔ عقلمند گواہ کو شریک کار بنائیں۔ نئے منصوبوں پر عمل کریں۔

پیدائش کا عدد ۸ اور دن کا عدد ۱ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

اپنے کاروبار کے مضبوط بنانے کے لیے آپ کو غور و فکر اور بہترین سوچ کی ضرورت ہے دوستوں کی مدد کریں یہ دن آپ کے لیے مناسب ہے آپ اپنے مالی حالات کو بہتر کر سکتے ہیں عزیزوں کے کام آئیں۔

پیر کا دن :

اگر آپ اپنے سرمائے میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو جس طرح آپ کے دوست یا کاروباری شریک کہیں ان کی باتوں کو مان لیں۔ اپنی تجویزوں کو اُن تک پہنچائیں۔ گھریلو پریشانی پر صبر سے فائدہ پائیں۔

منگل کا دن :

دل کھول کر مہمان نوازی کریں آپ کو اپنی محنت کا پھل ملے گا اور جو کچھ آپ نے کسی سے لینا

ہے وہ ملے گا کچھ عرصہ گھر میں گزاریں قسمت کی خریدتے وقت چھان بین ضرور کریں

بدھ کا دن :

اگر آپ پریشان ہیں تو اس کے بارے میں کسی سے کچھ نہ کہیں۔ یہ دن آپ کے امتحان اور آزمائش کا دن ہے اپنے عقبل جذبوں پر قابو رکھیں دوسروں سے خوشگوار رابطہ رکھیں۔

جمعرات کا دن :

اپنی ڈیوٹی کو مستقل مزاجی سے سرانجام دیں۔ جلدبازی نہ کریں۔ اپنی ڈیوٹی کو بار نہ سمجھیں۔ حوصلے سے کام کریں۔ اس کا بہتر صلہ ملے گا آپ کے مسائل وقت پر حل ہوجائیں گے۔

جمعہ کا دن :

احساس کمتری کو چھوڑ کر لوگوں کی خدمت کو اپنی زندگی کا شعار بنالیں۔ سچے دل سے اس کام کو کریں اخلاق کی فتح ہمیشہ ہوتی ہے دوسروں کی خدمت کا اجر ملتا ہے۔

ہفتے کا دن :

نئے منصوبے ضرور بنالیں۔ گھر جو آواز آپ کے دل سے آئے اس کے زیر تحت کام کریں کامیابی ہوگی آرام کریں اور کام پر توجہ دیں۔

پیدائش کا عدد ۸ اور دن کا عدد ۲ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

پریشان نہ ہوں حوصلے اور ہمت سے کام لیں۔ لوگوں کی مخالفت کو خاطر میں نہ لائیں۔ ہر عزائم رہیں جیت ہوگی۔

پیر کا دن :

اس دن ذاتی مفادات سے نظریں چرالیں۔ گھریلو الجھنوں اور پریشانیوں میں نہ پڑیں۔ خاموشی اور صبر و استقامت کا مظاہرہ کریں بہتری ہوگی۔

منگل کا دن :

اپنی صحت کی طرف سے غافل نہ ہوں۔ ذاتی مفادات کے محافظ بن جائیں ڈٹ جائیں ضرورت مندوں کی مدد کریں۔ حالات بہتر رہیں گے۔

بدھ کا دن :

اپنی بہترین قوت فیصلہ کو کام میں لاکر اپنے پیارے اور عزیز شخص کو اپنے مالی امور کے متعلق سمجھائیں۔ کیونکہ وہ آپ کے مالی معاملات کو سمجھ نہیں پایا ہے آپ اُسے سمجھانے میں کامیاب ہو جائیں تو کامیابی ہے۔

جمعرات کا دن :

آپ بے حد جذباتی ہو رہے ہیں اس کی وجہ آپ کے مخالف وہ ایسا کس ہیں۔ جو لوگ دے رہے ہیں آپ اُن پر بالکل توجہ نہ دیں سکون اور اطمینان سے کام کرتے جائیں۔

جمعہ کا دن :

گھر بلو اُلجھنوں سے پریشانی محسوس نہ کریں۔ اور اچھا موقع دیکھ کر ان میں تبدیلی کریں سارے معاملات درست ہو جائیں گے اور دلجمعی سے کام لے کر درست فیصلے کریں۔

ہفتے کا دن :

کسی مکار اور فریب کار کو اس دن ملاقات کا موقع نہ دیں۔ یہ دن آپ کی کامرانیوں کا ہے اس دن سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں۔ سماجی اور کاروباری کامیابیاں ہوں گی۔

پیدائش کا عدد ۸ دن کا عدد ۳ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

آپ کو چاہیے کہ مطالعے اور آرام کو ضروری جانیں۔ جس شخص کی آپ مدد کر رہے ہیں اُسے آپ نہیں جانتے اس لیے آپ کے لیے یہ آزمائش ہے بحران سے بچیں۔

پیر کا دن :

آپ اپنے عزیز و اقارب اور دوستوں پر کسی طرح کا طیش غصہ اور جوش نہ اتاریں ایسا کرنے سے آپ الجھنوں میں پھنس سکتے ہیں۔ صبر و استقامت کا مظاہرہ کریں اپنے موقف پر ڈٹے رہیں گے۔

منگل کا دن :

آپ کا سلوک اور رویہ بہترین ہے اس دن کے لیے مواقع سے فائدہ اٹھائیں وقت ضائع نہ کریں محنت کریں کامیابی ہوگی لوگوں کے مشورے قبول نہ کریں۔

بدھ کا دن :

پیسہ بچانا آپ کے لیے جتنی ممکن ہو سکے کفایت شعاری کریں۔ چہرے کو سنجیدہ نہ بنائیں مسکرائیں آپ کی مسکراہٹوں میں دوسرے شریک ہوں گے خوشدلی سے کام لیں۔

جمعرات کا دن :

آپ کی زندگی میں کچھ تبدیلیاں آئیں گی جو آپ کے لیے مفادات کا باعث بنیں گی اگر آپ اپنے لیے کوئی مکان تعمیر کرنا چاہیں شروع کریں بہترین دن ہے جھگڑا نہ کریں۔

جمعہ کا دن :

اپنے سرمائے کو بالکل نہ چھیڑیں۔ دوستوں اور عزیزوں سے محبت سے پیش آئیں۔ مگر ہوشیاری اور مستعدی کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ ظاہری نمائش سے پرہیز کریں۔

ہفتے کا دن :

دوسروں کی مدد کرنے سے آپ کامیاب ہوں گے اور آپ کے کاروبار نے جو نیا موڑ اختیار کیا ہے وہ آپ کے لیے بہتر ہوگا ترقی ہوگی مالی فائدہ حاصل ہوگا۔

پیدائش کا عدد ۸ ہو اور دن کا عدد ۳ ہو تو آپ کے ہفتہ وار حالات کیسے رہیں گے

اتوار کا دن :

آپ جلد ہی کسی زبردست بحران سے دوچار ہوں گے۔ مستقل مزاجی اور استقامت دلی سے کام لیں۔ اور مطمئن اور پرسکون رہیں گرد و نواح کی ہر چیز کا اور اپنے حالات کا بغور جائزہ لیں۔

پیر کا دن :

جذبات میں نہ آئیں۔ اُلجھنوں سے دور رہیں گے حوصلے سے لوگوں کے ساتھ پیش آئیں

منگل کا دن :

اچھے حالات آجائیں گے۔ پرسکون رہیں نئے موقع تلاش کر کے کام کریں۔ کامیابی ہوگی۔

بدھ کا دن :

خوش رہیں اور اپنے مال کی حفاظت کریں۔ تھوڑی کفایت شعاری سے کام لے لیں

جمعرات کا دن :

بہت سی خوشخبریاں ملیں گی گھر بنانے کی چاہت پوری ہو سکتی ہے۔ کام شروع کر دیں کاروبار میں ترقی ہوگی اور مالی فائدہ ہوگا۔

جمعہ کا دن :

آپ اپنے آپ پر سے اعتماد کو کسی حال میں ختم نہ کریں۔ خود پر بھروسہ رکھ کر کام کریں ترقی ہوگی سابقہ اُلجھنوں میں نہ پھنسیں۔

ہفتے کا دن :۔ نرمی اختیار کریں کامیابی ہوگی آپ اپنے دوستوں کی وجہ سے کاروبار

ہیں یا اپنے کسی بھی کام میں تبدیلی لائیں تو یقیناً کامیابی ہو گی۔

پیدائش کا عدد ۱۸ اور دن کا عدد ۵ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

آپ کے لیے کیسا رہے گا۔ اس دن آپ اپنے مقاصد میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں بشرطیکہ آپ چاند کی لگن سے کام کریں۔ نئی نئی راہیں تلاش کریں۔

پیر کا دن :

آپ کو چاہیے کہ اپنے حالات کو بھرپور توجہ سے سنواریں۔ کسی دوست یا عزیز سے بالکل مدد نہ لیں پریشان نہ ہوں ہمت اور حوصلے سے کام لیں۔

منگل کا دن :

یہ دن آپ کی قسمت کی کامیابی کا دن ہے اپنی خوبیوں اور صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر کام کریں۔ کسی کو مخالف نہ بنائیں حسن سلوک سے پیش آئیں کامیابی ہو گی۔

بدھ کا دن :

غناط ہو جائیں ہوشیاری سے اپنے حالات کا جائزہ لیں عزم سے کام لے کر اپنا منصوبہ شروع کر دیں۔ کامیابی ہو گی۔ اور آپ بہت سرمایہ جمع کر سکتے ہیں۔

جمعرات :

اُن سے مل کر کام کریں۔ جو مالی طور پر مضبوط ہوں۔ سویرے سے ہی سے کام شروع کر دیں کسی فکر کو دل میں جگہ نہ دیں۔ آپ کی ذہانت بھری تجاویز آپ کا ساتھ دیں گے۔

جمعہ کا دن :

کچھ آرام اور تفریح کریں نئے منصوبے آپ کو فائدہ دیں گے۔

ہفتے کا دن :۔ بزرگ شخصیات اس دن سیر و تفریح میں لطف محسوس کریں گی جوان اور

بالکل کم توان پیار و محبت کے لمحات گزاریں وقت بہترین گزرے گا اور لطف حاصل ہوگا عشق کرنے کے لیے بہترین وقت ہے محبت میں کامیابی ہوگی۔

پیدائش کا عدد ۸ اور دن کا عدد ۶ رکھنے والے افراد:

اتوار کا دن:

تنہائی اور خلوت اختیار کریں سمجھ لیں آپ مراقبے میں جا چکے ہیں۔ اس آرام میں آپ کاروباری غور و فکر سے کام لیں۔ عزیزو اقارب اور دوست مہربان ہوں گے۔ اور آپ کے کام آئیں گے۔

پیر کا دن:

آپ اپنی کاروباری سمٹری (SYMMETRY) (توازن) کو قائم رکھیں۔ کسی قسم کے انتشار کا شکار نہ ہوں آپ نئے نئے تعلقات بنائیں ان سے مفادات حاصل کریں اور اپنے کاروباری منصوبوں کو بڑھالیں کامیابی ہوگی۔

منگل کا دن:

شام ہونے ہی ہنسی مذاق سے کام لیں۔ لوگ خوش ہوں گے۔ آپ اپنی توقیر عزت اور وقار میں اضافہ کرنے کی کوشش کریں۔ آپ جو بھی کام کریں شرافت اور اخلاق کے دائرے میں رہ کر کریں۔

بدھ کا دن:

آپ کسی کھیل میں حصہ لیں۔ تفریح اور سیر کریں آپ کچھ نہ خرچ کریں۔ دوسروں کو ہی خرچ کرنے دیں۔ دوپہر کا وقت گزرنے میں آپ کے اندر جوش بھری امنگیں پیدا ہوں گی اور آپ اپنے اندر نئے ولولے اور عزائم محسوس کریں گے۔

جمعرات کا دن :

ہر ایک سے خوشدلی اور اخلاق سے پیش آئیں زیادہ جدوجہد اور مشقت نہ کریں۔ تھکاوٹ آپ کے لیے نقصان دہ ہے۔ صحت کا خیال رکھنا آپ کے لیے ضروری ہے۔

جمعہ کا دن :

آپ کسی کام میں سرمایہ لگانا چاہتے ہیں خوب غور کریں پھر کوئی اقدام اٹھائیں دوستوں سے مشورہ ضرور کریں مگر آپ اپنے دل کی آواز پر لبیک کہہ کر کام کریں۔

ہفتے کا دن :

خاندانی جھگڑوں اور الجھنوں میں نہ پھنسیں۔ کچھ وقت تنہائی میں گزاریں سکون ملے گا۔ فضول کاموں میں وقت برباد نہ کریں اچھے اور فائدہ بخش کاموں میں دلچسپی لیں۔

پیدائش کا عدد ۸ اور دن کا عدد ۲ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

کفایت شعاری سے کام لیں۔ کاروبار درست کرنے کے لیے قرضے لیں اس طرح آپ کو مالی استحکام اور کاروبار کو تحفظ ملے گا کاروبار ترقی کرے گا آپ چونکہ قمری اثرات کے تحت ہیں۔ اس لیے آپ یقیناً کامیاب ہوں گے۔ قمر کا عدد ۲ ہے وہ بھی دیکھیں۔

پیر کا دن :

کاروباری ساتھ رکھنے والے افراد سے مل کر کام کریں۔ تیز جلد جوش میں آجاتے ہیں ان دوستوں سے دور رہیں۔ سالقہ اور اچھے دوستوں سے ملیں فائدہ ہوگا۔

منگل کا دن :

یہ دن آپ کے لیے سودمند رہے فائدہ اٹھائیں۔ آپ کے اہل خانہ کچھ ایسے کام کر رہے ہیں جن کی وجہ سے آپ بے چین اور بے قرار ہیں۔ صبر و استقامت سے کام لیں سب

حالات ٹھیک ہو جائیں۔

بدھ کا دن :

صبح کو آپ کھیلوں میں حصہ لیں۔ کوئی فن کارانہ کام کریں۔ یا تفریح کریں۔ یہ آپ کے لیے نہایت ضروری ہے۔ مطالعہ آپ کا بہترین مشغلہ ہے کسی اُلجھن میں نہ پڑیں۔ خوشگوار ماحول میں وقت گزاریں۔

جمعرات کا دن :

آپ کو جلد ہی ایسی ذمے داری سے دوچار ہونا پڑے گا جسے بنٹانا آپ کے لیے بے حد ضروری ہے اس کے بغیر آپ سکون اور چین نہ پاسکیں گے آپ حیران ہوں گے کہ یہ ذمے داری کہاں سے آگئی بہر حال اُسے آپ کا سنبھالنا ضروری ہے۔

جمعہ کا دن :

وقت مقرر کر کے دوستوں سے ملیں۔ ساتھیوں سے سکون اور خوشگوار وقت گزرے گا۔

ہفتے کا دن :

کسی بھی فیلڈ میں آپ کام کریں کامیابی ہوگی کچھ رنجشیں اور اُلجھنیں بھی ملیں گی۔ اور آپ حیرتوں سے دوچار ہوں گے اس کے باوجود آپ اپنا خوشیوں بھرا وقت گزاریں گے۔

پیدائش کا عدد ۸ اور دن کا عدد ۸ ہو تو ایسے افراد کا ہفتہ کس طرح گزرے گا

اتوار کا دن :

آپ نے جو قرضے لیے ہوئے ہیں۔ فوراً ادا کر دیں۔ اپنے اور کاروبار کے درمیان کسی چیز کو حائل نہ ہونے دیں۔ جو کام آپ کر رہے ہیں سکون سے کریں کامیابی ہوگی۔

سوموار کا دن : ۔ جو کچھ لینا دینا ہو اس میں احتیاط کو ملحوظ خاطر رکھیں اپنے حساس

دوستوں سے کسی طرح بھی ناراضگی مول نہ لیں سابقہ دوستوں سے مل کر قبت کا اظہار کریں۔ فائدہ ہوگا۔

منگل کا دن:

جو جھگڑا چل رہا ہے اُسے ختم کرانے کی کوشش کریں اپنے خاندان اور عزیزوں کے درمیان صلح کرائیں ہر قسم کی اُلجھنوں کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ اپنی صلاحیت اور قابلیت سے کام لیں آئندہ حالت پرمسرت ہوں گے۔

بدھ کا دن:

آپ سخت کام کے بعد آرام کریں۔ صبح کے وقت تفریحی مشاغل میں حصہ لیں اس طرح آپ صحت مند رہیں گے۔

جمعرات کا دن:

اس کے بعد آپ کسی کام پر روبہ عمل ہوں جب آپ مطمئن ہو جائیں کہ اس کی اونچ نیچ کو آپ نے اچھی طرح سمجھ لیا ہے۔ پھر اپنی بہترین صلاحیتوں سے کام کریں۔ آگے بڑھیں مالی کامیابی ہوگی۔

جمعہ کا دن:

دوسرے لوگوں اور دوستوں کے مزاج کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ اس طرح آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں اچھی انتظامی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر منصوبوں پر کام کریں کامیابی ہوگی۔

ہفتے کا دن:

اپنے آپ پر رحم کھائیں زیادہ سخت کام نہ کریں۔ اس سے آپ علیل ہو سکتے ہیں لوگوں کو اچھی طرح سمجھیں۔ اور اپنے اُلجھے ہوئے مسئلوں کو سلجھانے میں عقل مندی کا مظاہرہ کریں۔ دوسروں سے مدد لیں جو دیر آپ کر چکے ہیں اس کی تلافی ہو جائے گی۔

پیدائش کا عدد ۸ اور دن کا عدد ۹ ہو تو ان کا ہفتہ کس طرح گزرے گا

اتوار کا دن :

کسی قسم کی جلن اور حسد دل میں نہ رکھیں ایسی کوشش اپنائیں. جو فضول نہ ہوں آپ اپنے حوصلوں، ہمتوں اور عزائم کو بہترین کاموں میں مسرت کریں. تاکہ آپ کو فائدہ ہو۔ اور سماج میں رہنے والے لوگوں کی خدمت کریں۔ اس سے خوشی ملے گی۔

پیر کا دن :

گہری سوچ و بچار کے بعد منصوبہ بند کریں۔ پھر اُس کام کو شروع کریں. جسے آپ بہتر سمجھتے ہیں اپنی بہترین صلاحیتیں استعمال کریں کامیابی ہوگی حیرت آمیز خوشگوار نتیجہ ملے گا۔

منگل کا دن :

یہ دن قسمت بدلنے کے لیے مفید ہے فوراً اپنی صلاحیتوں کو کام میں لاکر کوئی اچھا منصوبہ شروع کر دیں کامیابی ہوگی اور مالی فائدہ ہوگا۔

بدھ کا دن :

دوستوں سے مشورہ کریں آپ کے دل سے جو بہتر آواز اٹھے اُس پر عمل کریں کام میں کامیابی ہوگی۔

جمعرات کا دن :

آپ سرمائے کے متعلق خوب غور و فکر کریں۔ اس سے آپ کو فائدہ ہوگا آپ سرمایہ فراہم کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے فضول کاموں پر وقت ضائع نہ کریں آرام بھی ضرور کریں۔

جمعہ کا دن :

دوسروں کی مدد کا خیال دل میں نہ لائیں۔ خود کام کریں۔ کامیابی ہوگی۔ آپ اپنی کوششوں سے اچھے اور کامیاب نتائج برآمد کر سکتے ہیں۔

ہفتے کا دن :

آپ ذہن پر بار محسوس نہ کریں۔ تفریح کریں اس سے دماغی توازن ہلکا ہوگا اور آپ سکون اور اطمینان سے کام کر سکیں گے۔ اس دن تبدیلیاں ہوں گی ذرا نہ پریشان ہوں۔

پیدائش کا عدد ۹ اور دن کا عدد ا رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

خوب غور کریں۔ اگر آپ مناسب سمجھیں تو بالکل سرمایہ کاری نہ کریں روپیہ بے جا ضائع نہ کریں۔ اپنا شعبہ فعال بنائیں۔ اُسے زیادہ سے زیادہ وقت دیں۔

پیر کا دن :

آپ قسمت سو بدل سکتے ہیں خوب روپیہ کما سکتے ہیں مگر زیادہ لالچ کے چکر میں نہ پڑیں اگر آپ نے ایسا کیا تو دوسرے لوگ سب کچھ لے جائیں گے۔

منگل کا دن :

آپ اپنے خراب مسئلوں کو بہترین صلاحیت سے کام لے کر دور کریں اپنے لیے آج کا دن فائدہ مند بنائیں۔ کامیابی آپ کی کامیابی ہے نتائج خوشگوار آئیں گے۔

بدھ کا دن :

حالات میں توازن سمٹری (SYMMETRY) پیدا کرنے کے بعد اپنے حالات میں تبدیلی لائیں ورنہ بصورت دیگر آپ کافی نقصان اٹھا سکتے ہیں اچھی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر کام کریں گے تو فائدہ ہوگا ورنہ آپ دیوالیہ بھی ہو سکتے ہیں۔

جمعرات کا دن :

اس دن کوئی مالی کاروباری یا گھریلو معاملات کے لیے فیصلہ نہ کریں۔ کوئی اور وقت اٹھا رکھیں نا یادہ ہوگا کسی اور دن یہ فیصلہ کرنے سے جو آپ کو نافع ہوگا بہتر ہوگا آپ کو جوائنڈ روسوخ

اور تعاون حاصل ہے وہ آپ کے کام آئے گا بہر حال سوچ سمجھ کر قدم اٹھانا ہوگا۔

جمعہ کا دن :

آپ کو چاہیے کہ اچھے خیالات اور عقلمندی سے اپنے حالات کو سنواریں۔ اور ایسا عمل کریں جس سے لوگ بھی فائدہ اٹھائیں اور آپ کو بھی مفادات حاصل ہوں زندہ دل اپنائیں رکھیں۔ دوستوں کی نقطہ چینی کو برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا کریں فرصت کے وقت تفریح ضرور کریں۔

ہفتے کا دن :

اپنے عزائم کو ہمت استقلال سے آگے بڑھائیں اُلجھنوں سے نظریں چرالیں۔ ذہانت اور صلاحیت سے کام لیں تخلیقی کام کریں۔ لوگوں سے حسن سلوک سے پیش آئیں دوسروں سے آپ کا رویہ اخلاق امیز ہونا چاہیے۔ کامیابی ہوگی۔

پیدائش کا عدد ۹ اور دن کا عدد ۲ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

کسی انجی اُلجھن یا پریشان کو خاطر میں نہ لائیں آپ کی شخصیت متاثر کن ہے۔ اس سے فائدہ اٹھا کر کام کریں کامیابی ہوگی اور مالی مفادات مضبوط ہوں گے خوش خبری ملے گی۔

پیر کا دن :

یہ کوشش بالکل نہ کریں کہ آپ ایک ہی کئی کئی کام کریں۔ بے شک آپ ذہین ہیں اور اچھی صلاحیتیں رکھتے ہیں۔ اور آپ قدم آگے بڑھا کر کامیاب ہو سکتے ہیں۔ ذاتی اغراض کے ساتھ ساتھ آپ دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائیں خوش نصیب ہوگی۔

منگل کا دن :

ایک جیسا وقت گزارنا آپ پسند نہیں کرتے۔ اس لیے تبدیلیاں لائیں کامیابی ہوگی مگر آپ کوئی ایسا قدم نہ اٹھائیں جس سے آپ آرام طلب ہو جائیں محنت سے کام کریں۔

بدھ کا دن :

یہ دن اور وقت آپ کی کامیابیوں کا ہے پوری صلاحیت توجہ اور محنت سے کام کریں خوشحالی ہوگی مالی حالت مضبوط ہوگی آپ ترقی کریں گے۔

جمعرات کا دن :

نئے نئے منصوبوں پر کام کریں۔ ناکامی کا فکر نہ کریں آگے بڑھیں ترقی ہی ترقی آپ کی منتظر ہے۔ قسمت اس وقت مہربان ہے کسی فکر اور پریشانی کو خاطر میں نہ لائیں۔

جمعہ کا دن :

حالات آپ کے حق میں نہیں ہیں انہیں مفید بنانے کی کوشش کریں۔ گھریلو ذمے داریوں اور کاروباری ذمے داریوں کو سنبھالیں پورا پورا وقت دیں۔ الجھن ختم ہوگی۔

ہفتے کا دن :

لوگوں کے ساتھ خلوص اور سچائی کا مظاہرہ کریں اپنے اثر و رسوخ اور میل جول کو دوسروں کی بھلائی کے لیے استعمال کریں جو بھی موقع ملے اس سے مفادات حاصل کریں۔

پیدائش کا عدد ۹ اور دن کا عدد ۳ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

خاموشی اور سکون سے اپنا کام کریں اپنی ذات کی برائیاں نہ کریں متفکرانہ ہوں اپنے حالات میں کسی قسم کی تبدیلی نہ کریں۔ نقصان ہوگا کام کو ثابت قدمی سے جاری رکھیں۔

پیر کا دن :

اپنے منصوبوں کو مضبوط ترین بنا کر آگے بڑھائیے۔ آپ کو چاہیے کہ اپنے لیے زبردست حفاظت حاصل کریں۔ جس طرح آپ حال کے لیے کوشاں ہیں۔ اسی طرح مستقبل کا فکر اور بندوبست کریں۔

منگل کا دن :

جب آپ اپنی صلاحیتوں سے صحیح کام لیں گے تب ہی اپنی سچی مسرتوں کو پا سکیں گے جو بھی خوشی ملے اُس کا استقبال کریں جو آپ میں فن ہے اس سے کام لے کر مزید کامیابیاں حاصل کرتے جائیں۔ آپ کی مہارت آپ کی کامیابی کی ضامن ہے۔

بدھ کا دن :

آگے اقدام کے لیے اپنے حالات کا جائزہ لیں۔ اگر سب کچھ درست ہے تو آگے قدم بڑھا دیں۔ آپ کو جو نئے نئے خیال گھیرے ہوئے ہیں۔ ذہانت سے انہیں سمجھیں اور پھر اُن سے ماہرانہ انداز میں کام لیں کامیابی ہوگی۔

جمعرات کا دن :

دوستوں سے تعاون کرنا آپ کی طبعیت کے برعکس ہے۔ اگر آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں۔ تو لوگوں اور دوستوں سے تعاون کریں بے شک آپ جرأت مند ہیں پھر بھی آپ دوستوں سے مدد لیں۔

جمعہ کا دن :

دوسروں کی عزت کریں۔ اُن کے وقار، اقرار اور توقیر کا خیال رکھیں اُن سے خندہ پیشانی سے ملیں۔ یہ اس وقت ہے جس میں آپ اپنے حالات کو بہتر سے بہتر بنا سکتے ہیں کاروباری دنیا میں اپنا مقام اور نام بنانے کے لیے اپنی بہترین صلاحیتوں سے کام لیں کامیابی ہوگی۔

ہفتے کا دن :

مطالعہ آپ کے لیے بہترین ہے اس سے آپ کی معلومات میں اضافہ ہوگا اور معلومات سے کام لے کر آپ اپنے منصوبوں کو تقویت دیں گے۔ آپ کا کام بڑھے گا۔ علم میں اضافہ ترقی کا زینہ ہے سیر و تفریح کریں۔ دلچسپی سے اور خوش رہ کر وقت گزاریں مسرت ملے گی۔

پیدائش کا عدد ۹ اور دن کا عدد چار رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

اپنے فائدوں کو دوستوں کے مفادات سے نہ ٹکرانے دیں۔ مطالعہ جاری رکھیں ترقی ہو گی تفریح کریں۔

پیر کا دن :

مسائل سے گھبرانے اور مشتعل ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ فضول قسم کی سنجیدگی اختیار نہ کریں ابھی آپ کو بہت سے مسئلے حل کرنا ہیں دیانتداری اور اعتماد سے کام لیں۔ دوستوں سے مدد لیں اور اُن پر بھروسہ کریں اور اُن کا شکریہ ادا کریں۔

منگل کا دن :

اپنے مخالفوں سے ذرا خوف نہ کھائیں ہمت و جرأت سے کام لیں۔ دوستوں اور دوسرے لوگوں سے اچھے مشورے لیں مستقبل کا خیال کریں اُسے اچھا بنانے کی کوشش میں مصروف ہو جائیں مستقبل بعید میں آپ کو خطرناک مسائل سے دوچار ہونا پڑے گا۔ صبر سے کام لیں کامیابی ہو گی

بدھ کا دن :

چونکہ آپ مستقل مزاج ہیں اس لیے ہر میدان میں کامیاب ہوں گے۔ کسی مشکل سے خوفزدہ نہ ہوں۔ حوصلے اور صبر سے اُن کا مقابلہ کریں۔ محنت اور جد وجہد سے سب مشکلیں آسان ہو جائیں گی اور آپ کامیاب ہوں گے۔

جمعرات کا دن :

نئے نئے تجربات حاصل کریں۔ کفایت شعاری سے کام لیں فضول دولت برباد نہ کریں۔ یہ آپ کے اندر عزم جوش اور ولولہ انگیز جذبات پیدا کرے گا اور آپ کو آگے بڑھنے کی ہمت ہو گی۔

جمعہ کا دن :

مخالفوں سے نہ گھبرائیں لوگوں سے محبت اور شفقت کا سلوک کریں۔ آپ اپنی کامیاب منزل پر پہنچ جائیں گی اگر آپ سفر کرنا چاہیں تو فائدہ ہوگا۔

ہفتے کا دن :

نیا کام شروع کر کے اپنے لیے لطف اندوزی اور دلچسپی کا سامان پیدا کریں اگر کسی فن کو سیکھ کر ماہر بننا چاہیں تو اس کے لیے یہ بہترین وقت ہے۔

پیدائش عدد ۹ اور دن کا عدد پانچ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

آپ کو اپنے ارادوں پر ثابت قدمی سے ڈٹے رہنا چاہیئے افواہوں اور اِدھر اُدھر کی باتوں سے دور رہیں۔ جو کام آپ کر رہے ہیں اسے تبدیل نہ کریں ذرا سی تبدیلی بھی نقصان کا باعث بن سکتی ہے محنت، شفقت اور جدوجہد سے اپنے فن کو جلا دیں۔ شہرت اور کامیابی نصیب ہوگی اور آپ کا فن دن بدن نکھرتا چلا جائے گا خاموشی سے اپنے راستے پر بڑھتے چلے جائیں۔

پیر کا دن :

حد سے نہ بڑھ کر سرمایہ کاری کریں فائدہ ہوگا۔ ذہانت سے کام لیں زیادہ اونچا اڑنے کی کوشش نہ کریں۔

منگل کا دن :

زندہ دلی اور خوش دلی سے منزل کی طرف بڑھتے جائیں آپ ماہر اور پرعزم ہیں اس خوبی اور صلاحیت سے آپ کو فائدہ ہوگا۔

بدھ کا دن :۔ گھریلو معاملات میں دلچسپی لیں عزیزوں کو خوش رکھیں۔ تفریح کریں گھر والوں

کی مدد اپنی ضروریات کو پورا کریں۔

جمعرات کا دن :

اگر آپ کا دل چاہے سفر کریں۔ فائدہ ہوگا۔ دوسروں کے لیے اور اپنے لیے اپنی ہنر بن صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر کام کریں خود بھی فائدہ اٹھائیں اور دوسروں کو بھی فائدہ اٹھانے دیں۔ کسی کام کو پس پشت نہ ڈالیں گھر والوں کو فائدہ پہنچائیں سکون ملے گا۔

جمعہ کا دن :

ایسا کام کریں جس کی وجہ سے لوگ آپ کی زبردست ضرورت محسوس کریں آپ کے بغیر وہ کام نہ چلا سکتے ہوں دوسرے کے اعتماد کو اپنی ذات پر برقرار رکھیں اپنے قیمتی اور منافع بخش منصوبوں کو ذہانت اور فراست سے آگے بڑھائیں۔ مالی استحکام ملے گا۔

ہفتے کا دن :

چند گھنٹوں کی خلوت آپ کو نئی طاقت بخش سکتی ہے۔ تعیش کے سامان کی خریداری نہ کریں۔ خوراک اور دوسری چیزیں بھی ضرورت کے مطابق کر دیں آپ فائدہ میں رہیں گے

پیدائش کا عدد ۹ اور دن کا عدد ۶ چھ رکھنے والے افراد :

اتوار کا دن :

کوئی کچھ کہے اُس پر اعتبار نہ کریں۔ رہے مسئلوں کو خود نبٹائیں آپ نوجوان لوگوں سے رابطے تلاش کر رہے ہیں اور کرتے رہیں۔ مگر چھوٹوں اور بزرگوں سے بھی تعلق اور رابطے رکھیں اُن کی محبت کو دیکھ کر کہیں مسرت ملے گی۔

سوموار کا دن :

زیادہ کی وجہ سے قنوطی بننے کی ضرورت نہیں کوئی غم نہ کریں۔ ہر سوچ سے باہر نکل آئیں اپنے سے زیادہ شخص سے مشورہ لے کر کام کریں۔ اپنی اُلجھنوں پر اچھی

غور و فکر کریں۔ کچھ ایسے دلائل پیدا کرلیں۔ جو آپ کے لیے مفید ہوں اور آپ اُلجھنوں اور
تصورات کی کشاکش سے باہر نکل آئیں۔

منگل کا دن :

اپنی خوبیوں اور صلاحیتوں سے کام لیں آپ ہر میدان میں کامیاب ہوں گے۔ ہر قسم
کی رکاوٹ کو اپنے حسن تدبر سے ہٹا دیں۔ آپ کے حالات بہت بہتر ہو جائیں گے۔

بدھ کا دن :

آپ اپنے سرمائے کو کہیں منتقل نہ کریں اس کام کے لیے یہ دن درست نہیں ہے
کیونکہ یہ بات آپ کے عزیزوں اور آپ کے لیے اذیت کا باعث بن سکتی ہے۔

جمعرات کا دن :

یہ وقت آپ کے لیے نہایت سوچ و بچار کا ہے۔ جس کام کو آپ کرنا چاہتے ہیں
اگر آپ اُسے سخت محنت سے کر سکتے ہیں تو شروع کریں ورنہ چھوڑ کر دوسرا آسان کام شروع
کر دیں۔

جمعہ کا دن :

عنقریب آپ بہتر وقت سے دوچار ہوں گے۔ کسی مخالفت سے مایوس اور دل
شکستہ نہ ہوں ہر رکاوٹ کی پرواہ کیے بغیر اپنے کام میں محنت اور توجہ سے مشغول رہیں۔ یہ
یقین ضرور کرلیں کہ آپ کا سرمایہ آپ کی حفاظت میں تو ہے۔ ہر منصوبے کے بارے میں کسی
کو کچھ نہ بتائیں چھپا کر کام کریں کامیابی ہی کامیابی ہے۔

ہفتے کا دن :

سماجی محفلوں میں حصہ نہ لیں اُن محفلوں میں اگر جانا بھی پڑے تو کبھی کبھار جائیں سوچ
و بچار سے کام لے کر کوئی منصوبہ تیار کریں اُس پر ذہانت اور صلاحیت سے کام کریں کامیابی
ہوگی کئی لوگ غیبی طاقتوں کی مدد سے ترقی کرتے ہیں آپ بھی اُن ہی میں سے ایک ہیں خدا

کی طرف سے آپ کے سب کام بنتے جائیں گے۔ سماجی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ نہ لیں اپنے کام کی طرف مکمل محنت اور توجہ سے دھیان دیں فائدہ ہوگا۔

پیدائش کا عدد ۹ اور دن کا عدد ۷ رکھنے والے افراد:

اتوار کا دن:

دوسروں کی مدد اور تعاون کو عار نہ سمجھیں۔ عقلمندی سے کام لیں پر خلوص انداز میں اپنے مسائل کو حل کریں۔

سوموار کا دن:

مایوسی اور اداسی سے دور رہیں فن سے آپ تعلق رکھتے ہیں۔ اس پر محنت کریں آپ ماہر بنیں گے اور آپ کا فن میں نکھار پیدا ہوگا۔ کسی بھی شعبے سے آپ کا تعلق ہو محنت اور جدوجہد کرنے سے ترقی ہوگی مالی فائدہ ہوگا۔

منگل کا دن:

ہمت عزم اور حوصلے سے کام لیں مخالفوں کی کھڑی کی ہوئی رکاوٹوں کی ذرا پرواہ نہ کریں۔ اپنی مصائب اور مشکلات پر بھاگنے کی کوشش نہ کریں آگے بڑھیں اور بڑھتے چلے جائیں۔

بدھ کا دن:

آپ چونکہ تخلیق کرتے ہیں۔ اس لیے آپ کو احتیاط سے کام لینا چاہیے۔ ہر ذمے داری کو ذہانت سے سنبھالیں۔ گھریلو اور سماجی ذمے داریوں کو ہر طرح پوری کریں اگر آپ کے پاس کام زیادہ ہے تو کچھ کام دوسروں کو سونپ دیں اس سے آپ کو نقصان نہ ہوگا۔

جمعرات کا دن:

صلاحیت، ذہانت اور غور و فکر سے کام لیں اُس دوست سے مشورہ ضرور کریں جو کسی

کاروبار کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اگر آپ سرمایہ کاری کر رہے ہیں تو اس کی ہدایت پر عمل کریں فائدہ ہوگا۔ جلد بازی نہ کریں محتاط ہو کر نئی سرمایہ کاری کریں۔

جمعہ کا دن :

معمولی اور سبزارکن پریشانیوں کو اپنے قریب نہ آنے دیں۔ خواہ آپ کا کام کتنا ہی مشکل ہو خوف اور گھبراہٹ محسوس نہ کریں ہمت اور استقلال سے کام کرتے جائیں فائدہ ہوگا۔

ہفتے کا دن :

جلد ہی ایک بڑی کامیابی تمہاری منتظر ہے۔ ویسے یہ دن آپ کے لیے ایسا ہے۔ کہ اگر تفریح یا آرام کریں یا کام میں مصروف رہیں آپ کے حالات پر ذرا بھی برا اثر نہ ہووے گا۔

پیدائش کا عدد ۹ دن کا عدد ۸ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

کسی پر بھی اپنی ذاتی رائے ٹھونسنے کی کوشش نہ کریں اس سے آپ نقصان اٹھا سکتے ہیں آپ کی کامیابیاں ادھوری رہ سکتی ہیں احتیاط سے کام لے کر آگے بڑھیں یہ دن آپ کے لیے کامیابی کا دن ہے ہمت اور حوصلے سے کام لیں۔ کامیاب اور مالی فائدہ ہوگا۔

پیر کا دن :

ہمت نہ ہاریئے آپ کے اچھے دن قریب ہیں۔ کچھ نئے دوست جو آپ نے بنائے ہیں۔ وہ آپ سے تعاون کریں گے ان کی مدد سے آپ سماجی اور مالی فائدے اٹھائیں گے۔

منگل کا دن :

فکر نہ کریں عنقریب آپ خوشحال ہوں گے دولت ضرور کمایئے کیونکہ مادی ترقی آپ کے لیے خوشیوں کا پیغام ہے آگے بڑھیئے اور مفادات اٹھایئے۔

بدھ کا دن :

کسی قسم کے خطرات کا استقبال نہ کریں۔ نیا کام ضرور کریں۔ مگر کسی قسم کا رسک نہ لیں کچھ

ایسے کام بھی کریں۔ جو مفادِ عام کے لیے ہوں۔ آپ کو فائدہ ہوگا۔

جمعرات کا دن :

دوستوں سے مدد ضرور لیں لیکن اتنی جتنی وہ برداشت کر سکیں۔ نئے نئے دوست بنائیں فائدہ ہوگا۔ یہ دن آپ کے نئی دوستی کا پیغام دیتا ہے۔ دوست بنایئے۔

جمعہ کا دن :

آرام کریں کوئی کام نہ کریں سیر و تفریح آپ کے لیے سکون کا باعث ہوگی۔

ہفتے کا دن :

کوئی غم نہ کریں مستقبل کا خیال رکھیں تمہارے کوئی دوست کام نہ آئے گا حالانکہ آپ کے دوستوں کی تعداد کافی ہے۔ عزم اور ہمت سے کام کریں اس آزمائش وقت سے ہمت کے ساتھ گزر جایئے حوصلہ رکھیے۔ وقت بدلے گا اور حالات بہتر ہو جائیں گے۔

پیدائش کا عدد ۹ اور دن کا عدد ۶ رکھنے والے لوگ :

اتوار کا دن :

اس وقت جو آپ کے حالات ہیں ان میں کاروبار کو چھوڑ کر گھریلو معاملات کا توازن (SYMMETRY) درست رکھیں۔ پھر کاروبار کی طرف توجہ دیں ورنہ حالات بگڑ جائیں گے اور آپ کو نت نئی پریشانیاں گھیر لیں گی۔

پیر کا دن :

نئے نئے منصوبوں پر آپ دولت لگا رہے ہیں گھر کی طرف توجہ نہیں دے رہے ہیں اس لیے ضروری ہے کہ آپ گھریلو معاملات کو درست کرنے کے لیے سرمایہ خرچ کریں تاکہ آپ کی گھریلو پریشانیاں کم ہوں معاشرتی سماجی اور گھریلو دائرے سے باہر نہ نکلیں۔

منگل کا دن :

آپ مالی مفادات کے لیے اپنے بڑے منصب عہدے اور مرتبے کو استعمال کریں اور

اس سے زیادہ مرتبہ حاصل کرنے کی کوشش کریں عوام اور اخبارات کی پرواہ نہ کریں انہیں یہ ضرور پتہ لگنا چاہیے کہ آپ کیا کر رہے ہیں۔

بدھ کا دن :

سیارے آپ کے حق میں ہیں لیکن جلد ہی آپ ایسی پریشانیوں اُلجھنوں اور مشکلوں میں گھریں گے کہ جن کے بارے میں کبھی آپ نے تصور بھی نہ کیا ہوگا اور آپ پریشان حیرت سے دوچار ہوں گے سیاروں کی چال چونکہ آپ کے حق میں ہے۔ اس سے آپ مفادات حاصل کر سکتے ہیں۔ فضول روپیہ خرچ نہ کریں ورنہ آپ اپنے آپ سے دشمنی لیں گے اور آپ مزید اُلجھنوں میں پھنس جائیں گے۔

جمعرات کا دن :

جو لوگ فن سے تعلق رکھتے ہیں ان کے لیے یہ دن امتحان کا دن ہے اپنی ذہانت اور اچھی صلاحیتوں سے کام لے کر آگے بڑھنا چاہیے کسی نئے کام پر سرمایہ کاری نہ کریں آپ کے کاروباری معاملات اچھے چلتے رہیں گے۔

جمعہ کا دن :

لوگوں کو کچھ مت سنائیں ان کی باتیں سنیں اس میں آپ کی ترقی کا راز پوشیدہ ہے دوستوں سے مل کر کوئی تفریح منائیں فضول خرچی نہ کریں دوستوں کی عزت کریں۔

ہفتے کا دن :

لوگوں کی بات سننا آپ کیلئے فائدہ مند ہے اپنا راز کسی پر ظاہر نہ کریں پیار و محبت اور آرام کے لیے بہترین دن ہے نئے دوست بنائیں پرانے دوستوں کو فراموش نہ کریں۔

باب نمبر ۱۲

آپ کو ستاروں کے نمبروں کے بارے میں بتایا جا چکا ہے

نام کے عدد، سیاروں کے عدد اور پیدائش کے اعداد کے مطابق آپ کی شخصیت کیسی ہے یہ جاننے کے لیے مندرجہ ذیل بیان پڑھیے

(۱) شمس سے تعلق رکھنے والے افراد جن تاریخوں میں پیدا ہوئے۔ ۱، ۱۹، ۲۸ اور ۱۰ تاریخ ان تاریخوں سے تعلق رکھنے والے لوگ نامور اور اعلیٰ شخصیات بنی ہیں۔

(۲) قمر سے تعلق رکھنے والے لوگ جو ان تاریخوں میں پیدا ہوئے ۲۹، ۲، ۱۱، ۲۰، وہ افراد منکسر المزاج حلیم اور بردبار ہوتے ہیں۔

(۳) مشتری سے تعلق رکھنے والے افراد جو ان تاریخوں میں پیدا ہوئے۔ ۳۰، ۲۲، ۱۲، ۳ وہ لوگ خوش مزاج زندہ دل اور ہنس مکھ ہوتے ہیں۔

(۴) یورنس سے تعلق رکھنے والوں کی تاریخ پیدائش کے بارے میں ۳۱، ۲۲، ۱۳، ۴، ان تاریخوں میں پیدا ہونے والے افراد سوچتے کم ہیں۔ اور عمل زیادہ کرتے ہیں (باعمل ہوتے ہیں)

(۵) عطارد سے تعلق رکھنے والوں کی تاریخ پیدائش کیا اثر رکھتی ہے ان تاریخوں میں پیدا ہونے والے لوگ ۲۳، ۱۴، ۵ وہ لوگ تبدیلیوں کو پسند کرتے ہیں۔

(۶) زہرہ سے تعلق رکھنے والے لوگ اگر ان تاریخوں میں پیدا ہوئے ہوں ۲۴۔ ۱۴۔ ۱۵۔ ۶ تو وہ کیسے ہوتے ہیں وہ لوگ شہرت حاصل کرتے ہیں ان کا شمار مشہور شخصیات میں ہوتا ہے

(۷) نیپچون سے متعلقہ لوگ کیا ہوتے ہیں۔ ان کی تاریخ پیدائش کیا اثر رکھتی ہے۔ وہ لوگ اگر ان تاریخوں میں پیدا ہوں ۲۵۔ ۱۶۔ ۷ تو وہ لوگ دھوکے باز مکار وعیار دغاباز اور فریبی ہوتے ہیں۔

(۸) زحل سے متعلق لوگ جو ان تاریخوں میں پیدا ہوئے ہوں ۲۶۔ ۱۷۔ ۸ وہ لوگ ترش مزاج رکھتے ہیں۔ اور سختی پسند ہوتے ہیں۔

(۹) مریخ سے متعلقہ لوگ جو ان تاریخوں میں پیدا ہوئے ہوں ۲۷۔ ۱۸۔ ۹ وہ لوگ باعمل اور ہر کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔

"آپ کے نام سے آپ کی شخصیت کی پہچان"
"ستاروں کے عدد اور اُن کے زیر تاریخ پیدائش کا تعلق"

اگر آپ کا نام موزوں نہیں ہے تو آپ اپنے نام کے حروف بدلیں گھٹائیں یا بڑھالیں اس طرح آپ کے حالات بدل سکتے ہیں۔ قسمت مہربان ہو سکتی ہے اور آپ کے حالات بدل سکتے ہیں مندرجہ ذیل بیان میں آپ اپنے نام سے اپنی شخصیت کو پہچان سکتے ہیں۔ اور حالات جان سکتے ہیں۔

(۱) جو ستارہ شمس سے تعلق رکھتے ہیں ان کے نام کا عدد اُن کی شخصیتیں پر کیا اثر چھوڑتا ہے وہ لوگ باعمل ہونے بید عمل کی طاقت رکھتے ہیں۔

قوت کارکردگی لیڈر شپ حکمرانی کے ساتھ ساتھ زبردست عمل کی طاقت ان میں موجود ہے نمبر اکو نیتھر بنایا جاتا ہے اس میں حاکمانہ صلاحیت موجود ہوتی ہے اور کامیابیاں ملتی ہیں اگر آپ کی پیدائش ان تاریخوں میں ہوئی ہے۔ ۲۸۔ ۱۹۔ ۱۰۔ ۱ تو آپ کے اندر شمس کی طاقت موجود ہے لوگ آپ کی شخصیت سے زیر اثر ہوں گے۔ وہ آپ کے حکم ماننے لگے آپ کے اندر حاکمانہ صلاحیت بدرجہ اتم موجود ہو گی۔ اور آپ دوسروں کو جلد ہی متاثر کر لیں گے آپ بچوں اور جوانوں سے ہمدردی کرتے ہیں لوگ آپ کے زیر اثر ہیں آپ بچوں کو خوشیاں دے کر خوش ہوتے ہیں آپ لوگوں کو تحفے دیتے ہیں اور انہیں کھانا کھلاتے ہیں۔ اس لیے لوگ آپ کے فرمانبردار اور سعادت مند ہیں وہ آپ کے کسی قسم کے انکار نہیں کر سکتے آپ خوب کماتے ہیں اور خرچ بھی اُسی طرح کرتے ہیں آپ نرم دل ہیں دوسروں کے لیے خرچ کرتے ہیں آپ زیادہ ذمے داریوں کو پسند نہیں کرتے ہیں چھوٹے چھوٹے اخراجات حساب رکھتے ہیں۔ مالی حالت میں آپ کسی کی مداخلت پسند نہیں کرتے آپ آزادی چاہتے ہیں آپ مسحور کن شخصیت مالک ہیں آپ اپنے خیالات کا اظہار کر کے دوسروں کو اپنی بات آسانی سمجھا سکتے ہیں۔ اور اُن سے اپنی بات منوا سکتے ہیں اس طرح آپ سلیقہ شعاری بردباری اور صبر سے کام لیتے ہیں۔

(۲) قمر Moon کی طاقت رکھنے والے افراد جوان تاریخوں کو پیدا ہوئے ہوں ۲۹-۲۰

۱۱-۲- وہ لوگ حلیم طبیعت کے اور خوش مزاج ہوتے ہیں بردباری اور صبر ان میں بدرجہ اتم موجود ہے وہ اعلیٰ دماغ رکھتے ہیں اپنے خاندان میں اتفاق سے رہتے ہیں۔ وہ ہر کسی کے ساتھ ہمدردی سے پیش آتے ہیں اور ان میں یہ صلاحیت ہوتی ہے کہ باتیں کرتے ہوئے دوسروں پر چھا جاتے ہیں لوگ ان کا حکم ماننے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔ غمگسار ہمدرد اور مددگار ہوتے ہیں رشتے داروں اور دوستوں کے کام آتے ہیں آپ چونکہ قمر (چاند) کے زیر اثر ہیں اس لیے آپ کی باتیں نتیجہ خیز ہوتی ہیں اور آپ عمل کی طاقت رکھتے ہیں آپ چونکہ ذہین ہیں اس لیے آپ ناسا عد حالات کو بھی اپنی صلاحیتوں سے کام لے کر اپنے حق میں کر لیتے ہیں اور کامیاب ہوتے ہیں آپ چونکہ جذباتی مزاج بھی رکھتے ہیں اس لیے جذبات میں اگر آپ سے کوئی بڑی غلطی بھی سرزد ہو سکتی ہیں جو آپ کے لیے نقصان کا باعث بن سکتی ہے اس لیے بہتر ہے کہ آپ کوئی عمل کرنے سے پہلے ٹھنڈے دل و دماغ سے کوئی بات سوچ لیا کریں پھر اس پر عمل کریں اس طرح آپ جذباتی فیصلوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں اور آپ اس طرح شدید غلطیوں کا شکار بھی نہ ہوں گے آپ جذباتی انداز سے قطع نظر اپنے احساسات کے پیش نظر کامیابیوں کے لیے ڈٹ جائیں کامیاب ہوتے چلے جائیں گے سوچ و بچار اچھا غور و خوض آپ کے لیے بہترین عمل ہے۔

آپ نرم دل اور ہمدرد ہیں۔ یہ خاصیت سب کو متاثر کرتی ہے بچے اور جانور بھی متاثر ہو جاتے ہیں۔ کوئی شخص بھی آپ کی تابعداری سے انکار نہ کرے گا آپ اپنے اہل خانہ سے بے حد محنت کرتے ہیں۔

آپ کو شہرت وفاداری کے صلے میں ملے گی۔ آپ کا گھر ایک محل کی طرح ہے۔ اسے آپ اپنی حسین عادات سے روشن رکھیں گے بے مقصد اور بے اصول اقدام آپ کے لیے اچھے ثابت نہیں ہوں گے۔ اگر آپ روپیہ خرچ کریں تو تعیش اور گھریلو سامان پر خرچ نہ کریں آپ اپنے خاندان اور ہمسایوں کے معاملات سلجھانے کے لیے فوراً اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔

آپ صنعت کار ہیں اور آپ فوراً اپنے نئے منصوبے پر عمل کرنے کی صلاحیت رکھتے

ہیں۔ اگر آپ کوئی ایسا پیشہ اختیار کریں جو مشروب اور پانی سے تعلق رکھتا ہے۔
مثلاً سوڈا واٹر کی بوتلوں کا کاروبار کریں تو بے منافع ہو سکتا ہے آپ کی فطرت اس قسم کی ہے کہ آپ چاہتے ہیں سمندر کے کنارے یا جھیل ڈل کے سامنے یا کسی دریا کے مقابل آپ کی کوئی خوبصورت رہائش گاہ ہو۔ آپ میں کشتی رانی اور ماہی گیری کا شوق موجود ہے۔ اور یہ شوق آپ کے لیے مالی مفاد کا باعث بن سکتا ہے۔ آپ کی زیادہ سوچیں پانی سے تعلق رکھتی ہیں

(۳) کے زیر اثر آپ اگر ان تاریخوں میں پیدا ہوئے ہیں۔

۳۔ ۲۱۔ ۱۲۔ ۳ تو آپ کے حالات کیا ہیں اور کیا ہو سکتے ہیں۔ آپ دریا دلی، دولت مندی اور فیاضی کے رکھتے ہیں۔ خوش اور قناعت پسند ہیں آپ کو کامیابیاں اس لیے ملتی ہیں کہ آپ زندہ دل سے کام لے کر اپنے خیالات کو اچھی طرح پھیلا لیتے ہیں۔ اس طرح لوگ آپ سے متاثر ہو جاتے ہیں اور آپ کامیاب ہو جاتے ہیں۔ آپ اپنے کاموں میں تجربہ رکھتے ہیں آپ ہمدرد ہیں۔ اور مساویانہ جذبات دل میں رکھتے ہیں یہ سب کچھ آپ کی کامیابیوں میں مددگار رہے۔

آپ کے اندر عمل کی قوت موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ قابل عزت مقام حاصل کر لیتے ہیں اور اسی وجہ سے آپ دوستوں میں مقبول ہیں آپ یہ جانتے ہیں کہ دوستوں کی مدد کس طرح کرنی چاہیے اسی لیے آپ دوستوں میں ممتاز شخصیت رکھتے ہیں اور دوست آپ کو تحسین اور تعریف سے دیکھتے ہیں۔

عدد ۳ کی وجہ سے آپ کامیابیاں اور کامرانیاں حاصل کرتے ہیں آپ ذہین اور موقع شناس ہیں آپ میں روشن خیالی موجود ہے اسی لیے آپ جلد ہی لوگوں میں مقبول ہو جاتے ہیں آپ کی شخصیت اور نام کے عدد کے ملاپ سے مزید حسین ہو گئی ہے جو سب سے تعریف کراتی ہے آپ کے اندر ایک مقناطیسی کشش ہے جس کی وجہ سے آپ اپنی شہرت کو بہت عرصے تک قائم رکھ سکتے ہیں۔ آپ کی عظمت کو کوئی خطرہ نہیں کیونکہ آپ لوگوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آتے ہیں سب ہی آپ کے وفادار اپنا پسند کرتے ہیں۔

آپ کو امیروں اور غریبوں میں یکساں شہرت اور عزت حاصل ہے۔ ۳ عدد بے بہا

شہرت اور کامیاب کا عدد ہے۔ عدد ۳ کی شخصیت قابل رشک ہوتی ہے۔ آپ اقبال مندی اور دیانتداری کو بے حد پسند کرتے ہیں۔ آپ ۳ عدد کی وجہ سے ناکامیوں کا شکار ہونے سے بچ جاتے ہیں آپ اپنے کاروبار کو بہترین صلاحیتوں سے چلاتے ہیں عوام سے دھوکے بازی نہیں کرتے۔ اچھا مال دیتے ہیں۔ کاروباری چلنے میں آپ کی ساکھ موجود ہے وہی چیز دیتے ہیں جسے لوگ پسند کرتے ہیں۔ آپ کے لوگوں سے اچھے تعلقات ہیں آپ لوگوں سے دیانتداری اور خندہ پیشانی سے پیش آتے ہیں یہی وجہ ہے کہ آپ زبردست شہرت کے حامل ہونگے مگر لوگوں کو زیادہ قریب نہ آنے دیں۔ تاکہ کوئی آپ سے بے ایمانی کر کے نقصان نہ پہنچا سکے

(۴) ، یورنس کے زیر اثر افراد جوان تاریخوں میں پیدا ہوئے ۱۳-۲۲-۳۱-

کیسے حالات کا مرتکب ہیں۔

عدد ۴ کا حکمران سیارہ (یورینس URANUS) ہے اس کے تحت پیدا ہونے والے لوگ باعزت اچھے خیالات رکھنے والے اور آزاد منش ہوتے ہیں اس نمبر کے تحت لوگ توانائی کا پلازمہ اور بہت زبردست طاقت رکھتے ہیں بلند مقام حاصل کرنے کی تمنا دل میں رکھتے ہیں۔ ان میں تخلیق کی قوت ہوتی ہے وہ کسی چیز کے موجد بن سکتے ہیں اعلیٰ صلاحیتیں اور اچھے تصورات رکھتے ہیں۔

اس قسم کے لوگ حاضر جواب ہوتے ہیں ہر جواب دینے کی قابلیت رکھتے ہیں۔ ان لوگوں کے دوست اُن کی باتیں تسلیم کرنے میں تذبذب کا شکار ہو جاتے ہیں۔ جب اہم حقیقت کو اس قسم لوگ جب دوسروں پر ظاہر کرنا چاہیں گے تو لوگ اُسے تسلیم کرنے میں پس و پیش سے کام لیں گے۔ اور ان کے خیالات سے متفق ہونے میں بھی تردد محسوس کریں گے۔

ایسے لوگوں کو تخلیقی کاموں اور اپنے خیالات کی اثر آفرینی کو دوسروں تک پہنچانے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ ماضی کی تلخیوں کو چھوڑ کر مستقبل کے لیے بہترین راستے اختیار کریں۔ پرانی یادوں کو چھوڑ کر ترقی کے لیے راہیں متعین کریں۔ اپنے معمولات سے غافل نہ ہوں یہ رحم ماضی کی تلافی اسی طرح ممکن ہے ایسے لوگ اپنے خیالات تبدیل کرنے میں مہارت رکھتے

ہیں۔ اور دوسروں کو ہمیشہ پرخلوص مشوروں سے نوازتے ہیں۔ ایسے لوگ، گھروں میں فرنیچر اور دیواروں کی رنگت بدلتے رہتے ہیں۔ کیونکہ ان کی فطرت تبدیلی چاہتی ہے انفرادی نہیں مجموعی طور ایسے خیالات جو بہترین ہوں اُن سے محفوظ اور لطف اندوز رہتی ہیں اس سے یکسوئی برقرار رہتی ہے ایسے لوگ چاہتے ہیں کہ نیا لباس اور ہر روز نئی اور اچھی خوراک کھائیں صحت ٹھیک رہے۔ اور اُن کی نئے لباس والی شخصیت دوسروں کو متاثر کرے وہ ان کی تعریف وتوصیف کریں۔

(۵) عطارد (MERCURY) کے زیر اثر لوگ ہر فن مولا ہوتے ہیں اور ہنرمندانہ صلاحیتیں رکھتے ہیں۔ اگر یہ لوگ ان تاریخوں میں پیدا ہوئے ہوں تو ان کی صلاحیتوں اور مزید اضافہ ہوجاتا ہے تاریخ پیدائش - ۲۳ - ۱۴ - ۵ - یہ لوگ گفتگو اور تقریر کرنے کے فن کو جانتے ہیں وہ جلد ہی لوگوں کو متاثر کرلیتے ہیں یہ لوگ آزاد اور خودمختار رہنا زیادہ پسند کرتے ہیں یہ لوگ شوخ اور چنچل مزاج رکھتے ہیں۔ لفظوں کے خزانے ان کے پاس ہوتے ہیں جس سے وہ لوگوں کے ذہنوں پر قابو پالیتے ہیں یہ لوگ اشروع سب کی تصویر کے مدرج دیکھنے کی صلاحیت اور طاقت رکھتے ہیں یہی وجہ ہے۔ کہ بیرونی خطرناک حالات ان پر اثر نہیں کرتے یہ لوگ بڑے سے بڑے حادثوں کو بھی نظر انداز کرلیتے ہیں وہ اتنی زیادہ نگاہ رکھتے ہیں کہ ان کی نظر سے معمولی نقطہ بھی ادھر اُدھر نہیں ہوتا یہ اپنی ذہانت سے پوشیدہ حقائق کو بھی جان لیتے ہیں جو نتیجے یہ لوگ قائم کرتے ہیں بامقصد ہوتے ہیں یہ لوگ معنویت اور افادیت سے بھرپور جذبے رکھتے ہیں اپنے نظریات سے ایسی بات کو بھی جو سمجھ میں نہ آئے مقصد آمیز بنا دیتے ہیں اور اُس میں ایک نیا رنگ بھر دیتے ہیں۔

ان لوگوں کے دوست بہت زیادہ ہوتے ہیں چونکہ ان کی شخصیت متاثر کن ہوتی ہے اس لیے ان کا حلقۂ احباب وسیع ہوجاتا ہے لوگ انہیں پسند کرتے ہیں اور ان کی بات مانتے ہیں لوگ ان کی طرفداری کرتے ہیں۔ اس لیے یہ لوگ اپنے کاروبار میں ترقی کرلیتے ہیں دوسروں کی تکلیف کو آرام سے سنتے ہیں اور اُسے محسوس کرتے ہیں پھر ان کے کام آتے ہیں اور آئندہ

کے لیے نصیحت بھی کرتے ہیں یہ ہر ماحول میں ڈھل سکتے ہیں یہ ایک بہت بڑی خوبی ہے ان لوگوں کی شخصیت میں دوسرے لوگ دلچسپی رکھتے ہیں۔

نام کا پانچ (۵) اور شخصیت کا ۵ عدد آپس میں جمع ہو جائیں تو ان لوگوں کی شخصیت اور زیادہ توانا اور مضبوط ہو جاتی ہے ان میں عام مشکلات اور تکالیف پر قابو پانے کی صلاحیت بدرجہ اتم پیدا ہو جاتی ہے پہلے وہ کبھی بددل نہیں ہو سکتے یہ لوگ دلبر غمگسار اور پرکشش شخصیت بن جاتے ہیں ان میں لوگوں میں مطالعے اور علم جاننے کا شوق پیدا ہو گا اس قسم کے لوگ ٹیلی ویژن شوق سے دیکھتے ہیں اور ریڈیو دلچسپی سے سنتے ہیں دوہرے نمبر ہو جانے کی وجہ سے ان جلد بازی پیدا ہو جاتی ہے اس کے بعد اگر یہ لوگ صبر تحمل بردباری اور نرمی سے کام لیں۔ تو مقبول عام شخصیت بن جاتے ہیں اور ان کا عوام میں ایک خاص مقام پیدا ہو جاتا ہے کسی رسالے، اخبار یا ڈائجسٹ سے یہ لوگ تعلق نہ رکھیں تو بہتر رہیں گے کیونکہ یہ لوگ اس طرح پھرتیلے اور ہوشیار نہ رہیں گے اور یہ چیز ان کے مزاج کے منافی ہو گی۔

یہ لوگ اگر دماغ اور انگلیوں کو ایک ساتھ متحرک رکھیں تو لطف اندوز ہوں گے۔ اور ایک سرور انگیز کیفیت محسوس کریں گے اس قسم کے لوگ بہترین سازندے اچھے کاتب اور ٹیلیگرافی اور ٹیلی فون بورڈ کے عمدہ انچارج ثابت ہو سکتے ہیں بانسری اور ستار بہترین انداز میں بجا سکتے ہیں۔

(۶) عدد کے زیر اثر لوگ حکمران سیارہ زہرہ سے تعلق رکھتے ہیں (VENUS) خوشیوں مسرتوں خلوص اور محبتوں کا سیارہ کہلاتا ہے۔ حسن پرستی اس کی علامت ہے اس سے تعلق رکھنے والے لوگ ذوق نفاست اور حسن پرستی کا (SYMBOL) سمبل ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کی پیدائش اگر ان تاریخوں میں ہوئی ہو ۲۴ - ۱۵ - ۳۶۔ تو یہ لوگ اور زیادہ جمالیاتی حسن کے مالک ہوتے ہیں یہ لوگ ایک ادنیٰ سی کوشش کو بروئے کار لا کر بڑی کامیابیاں حاصل کر لیتے ہیں۔ یہ لوگ روپے پیسے کی تبدیلی کو پسند کرتے ہیں۔ مگر ان لوگوں کو چاہیئے کہ دوسروں کی ہمدردی پا کر اپنا منافع نہ چھوڑیں خوش نصیبی ان کا ساتھ دیتی ہے۔ ان لوگوں کو چاہیے دوسروں کے ساتھ بلائی

کریں۔ اور اپنے لیے جو دلچسپیاں منتخب کریں اور دوسروں کے لیے بھی کریں۔

ان لوگوں کو چاہیے کہ کسی کے ساتھ تند تیز ترائی سے پیش نہ آئیں ورنہ نقصان ہو سکتا ہے اگر یہ کوشش کریں تو بے حد زود حسیں اور غور و فکر کی صلاحیتیں اپنے اندر پیدا کر سکتے ہیں۔ اور ان کے اندر ذمے داریوں کا احساس پیدا ہو سکتا ہے احتیاط سے کام لیں اور روزمرہ کے کاموں سے ہٹ کر بھی کچھ سوچیں اور اپنے لیے مناسب اقدامات کریں۔ ان لوگوں میں یہ صلاحیت ضرور ہوتی ہے کہ وہ کسی بھی محفل میں جا کر اس کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال لیتے ہیں۔ اور لوگوں سے تعریف کرواتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی جدت پسندی کی وجہ دلکش بن جاتے ہیں ان کے مخصوص انداز انہیں ہر دلعزیز شخصیت بنا دیتے ہیں اور لوگ انہیں شدت سے پسند کرنے گئے ہیں۔ یہ لوگ مالی امور میں ایمانداری سے کام لیتے ہیں لیکن وعدہ خلافی کرتے ہیں اور اپنی مقبولیت پر فخر و غرور کا اظہار کرتے ہیں۔ لیکن ان میں سچی دوستی کے پرخلوص جذبے موجود ہوتے ہیں اور اس وقت تو یہ جذبے مزید بڑھ جاتے ہیں۔ جب یہ اس قابل ہوتے ہیں کہ کسی دوست کی مدد کر سکیں۔ یا انہیں تحفے دے سکیں۔ جب لوگ ان سے تحفے لے کر ان کی مدح سرائی اور تعریف کرتے ہیں تو یہ لوگ بے حد خوش ہوتے ہیں ان کے ہر اقدام میں اعلیٰ ذوق کی جھلک ہوتی ہے جب یہ لوگ کسی پر مہربانی کرتے ہیں تو اپنا نفع نقصان نہیں سوچتے ان لوگوں کو چاہیئے کہ کسی کی مدد کرتے وقت اپنے مفاد کو بھی پیش نظر رکھیں تب ہی یہ مفادات حاصل کر سکتے ہیں ورنہ یہ لوگ اس قسم کے مخلصانہ جذبات کے تحت نقصان اٹھا سکتے ہیں انہیں کسی کے ساتھ ہمدردی کرتے وقت جوش انگیزی سے نہیں۔ غور و فکر اور اپنے مفادات اور نقصانات کے بارے میں ضرور سوچنا چاہیئے۔

(۷) عدد کا حکمران سیارہ نیچون (NEPTUNE) ہے۔ اس کے زیر اثر لوگ اگر ان تاریخوں میں پیدا ہوئے ہوں۔ ۲۵۔ ۱۶۔ ۷ تو ان پر نیچون کے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں یہ لوگ عقلمند ذہین اور زود حس رکھنے والے ہوتے ہیں۔ معاملہ فہمی کا ادراک رکھتے ہیں۔ فراست کا (SIMBOL) سمبل ہوتے ہیں صفات روحانیات اپنے اندر رکھتے

ہیں۔ اقبال مندی کے جذبے رکھتے ہیں۔ راست پسند ہوتے ہیں یہ لوگ اپنی ان خوبیوں کی وجہ سے میانہ روی اختیار کیے رہتے ہیں۔ یہ لوگ اپنے ہر کام میں نظم وضبط اور انتظامی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہیں یہ ہر دن کو چمکیلا دیکھنے کی خواہشات رکھتے ہیں اور ان کے لیے ہر دن چمکیلا اور روشن ہی ہوتا ہے یہ لوگ زود حس ہوتے ہیں یہ لوگ دھوکہ بازی، مکاری اور فریبی سے کام دے کر معاشرتی اقدار حاصل کرتے ہیں اور لوگوں کو متاثر کرتے ہیں۔ یہ لوگ حسن پرستی کی عادت کی وجہ تنوع پسندی کو پسند کرنے لگتے ہیں اور تنوع سخ بن جاتے ہیں یہ لوگ حسن وعشق سے کیف بار موسیقی اور رامش ورنگ سے جذباتی راحت محسوس کرتے ہیں اور ذہنی لطف اندوزی کرتے ہیں۔ یہ لوگ کھیتوں کی ہریالی کو بے حد پسند کرتے ہیں۔ اور اپنے گھر کو سجا کر آراستہ پیراستہ کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں۔ اپنے گھر کے باغ میں رنگ برنگے پھولوں کو دیکھ کر انہیں ناقابل بیان خوشی ملتی ہے۔ علم نجوم میں ۷ عدد کو خاصی اہمیت حاصل ہے یہ روحانی پاکیزگی کو پسند کرتے ہیں فیاضانہ اور ہمدردانہ صفات سے آمیز شخصیت رکھتے ہیں دوستوں کی وجہ سے یہ لوگ بے شمار کامیابیاں حاصل کرتے ہیں۔ عزیز واقارب اور دوستوں سے مفادات حاصل کرتے ہیں دوسروں کے کام آنا اور ان کی مدد کرنا ایسے لوگ بے حد پسند کرتے ہیں۔ مگر اپنی تکلیف پر کسی سے مدد لینا پسند نہ کریں گے خود پسندی ان کے آگے حائل ہو جاتی ہے۔ یہ صرف دوسروں کی مدد کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں اور اس طرح ان کے دل کی تسلی کی ضرورت تکمیل حاصل کر لیتی ہے۔

یہ لوگ فلاسفی کو غیر معمولی حد تک پسند کرتے ہیں اس میں دلچسپی لیتے ہیں۔ یہ لوگ دوسرے مضامین میں بھی جلد ہی دسترس حاصل کر لیتے ہیں۔ گردونواح کے حالات سے پیدا ہونے والی تکلفات پر ایسے لوگ اپنی صلاحیتوں سے فوراً قابو پا لیتے ہیں۔ ایسے لوگ عدد ۷ کی وجہ سے شہرۂ آفاق شخصیات بن سکتے ہیں اپنی فیاضیوں کی وجہ سے بہت زیادہ شہرت حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنا نام تاریخ میں روشن اور بلند رکھ سکتے ہیں۔

(۸) عدد کے لوگ اگر زحل (SATURN) کے زیر اثر ہیں۔ تو وہ لوگ اگر ان تاریخوں میں پیدا

ہوئے ہوں ۲۶ ۔ ۱۷ ۔ ۸ تو ان میں ضبط و نظم اور انصرام و انتظام کی بے شمار خوبیاں اور صلاحیتیں ہوتی ہیں۔ محنتی اور دیانت دار ہوتے ہیں جلد ہی مشکلات پر قابو پا لیتے ہیں وہ اپنی خوبیوں سے طویل کامیابیاں حاصل کر لیتے ہیں۔ یہ لوگ صبر و تحمل و بردبار ثابت قدم اور برداشت کی زبردست طاقت رکھتے ہیں۔ چونکہ یہ لوگ قوت ارادی اور خوداعتمادی کی طاقت اپنے اندر رکھتے ہیں۔ اس لیے یہ لوگ کسی صنعت میں بڑے عہدے پر فائز ہوں گے اور حکومت میں بھی کسی کلیدی پوسٹ پر ہوں گے یہ لوگ اپنی زندگی کے مقاصد میں کامیاب ہونے کی صلاحیت بدرجہ اتم اپنے اندر موجود رکھتے ہیں یہ اپنی زندگی کی ضروری چیزوں کو حاصل کر لیتے ہیں۔ چونکہ یہ لوگ صاحب متحمل مزاج اور بردبار ہوتے ہیں۔ اس لیے بیرونی مشکلات یا تکالیف سے اثر پذیر نہیں ہوتے اور ان پر قابو پا لیتے ہیں اور کبھی ہراساں یا بددل نہیں ہوتے۔ ڈٹ کر اور سینہ تان کر ہر الجھن کا مقابلہ کرتے ہیں اور یہ لوگ اس حد تک دلیری دکھاتے ہیں۔ کہ فضول ذمے داریوں اور تکلیفوں کا بوجھ اپنے اوپر لاد لیتے ہیں اور پھر ان سے بہادری کے کے ساتھ عہدہ برآ بھی ہو جاتے ہیں۔ کئی ذمے داریاں قبول کرنے کی وجہ سے یہ لوگ اپنے عزیز و اقارب، احباب اور دوستوں کے حلقے میں مقبول ہو جاتے ہیں۔ اور بے شمار کامیابیاں حاصل کرتے ہیں۔ یہ لوگ قول و فعل کے سچے ہوتے ہیں۔ اس لیے لوگ انہیں اچھی نظر سے دیکھتے ہیں اور کاروبار میں ان پر بھروسہ اور بھرپور اعتماد کرتے ہیں۔ ان لوگوں کے اندر جو پوشیدہ قابلیتیں اور صلاحیتیں ہیں جب وہ ان سے کام لے کر ترقی کرتے ہیں تو لوگ ان کی عزت کرتے ہیں۔ یہ سب کچھ ستارہ زحل کے زیر اثر رہنے کی وجہ سے ہوتا ہے یہ لوگ مصیبت میں لوگوں کے کام آتے ہیں۔ اور دوسرے لوگ دوستی کے سچے جذبے اور ان سے پرخلوص دوستانہ جذبوں میں راہنمائی حاصل کرتے ہیں زحل انہیں با اثر شخصیت بنا دیتا ہے۔

یہ لوگ اپنی خوبیوں کو استعمال کر کے دولت سے بہت سے مفادات حاصل کر لیتے ہیں اور ان کے منصوبے ہمیشہ کامیاب ہوتے ہیں کاروباری طریقوں کی جانکاری اور اپنے تعلقات کو استعمال کر کے یہ لوگ بہت فائدے اٹھاتے ہیں دوسروں سے اپنی تعریف

کروانے میں لطف اور فخر محسوس کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو چاہیئے کہ جب دوسروں سے گفتگو کریں تو اعلیٰ ترین معیار کے خیالات سے انہیں مستفیض کریں کیونکہ اعلیٰ معیار ان کی کامیابی کا راز ہے اور عزت وقار ان کی زندگی کا مقصد ہے۔

اگر ۸ عدد کے لوگ اپنے عدد کو دوہرا کریں۔ یعنی ۸ عدد اور جمع کریں تو اُن میں مطالعے کا شوق اور دلچسپی پیدا ہو جائے گی اور یہ لوگ مطالعہ روزانہ کرنا اپنا معمول بنالیں گے۔ وہ اپنے علم سے کافی فائدہ مند باتیں جان سکتے ہیں۔ ان لوگوں کو وہ چیزیں بھی مل سکتی ہیں۔ جنہیں وہ اپنی یادداشت سے حاصل نہیں کر سکتے۔ یہ لوگ کسی بھی ہر ذرا سی توجہ مرکوز کریں تو فوراً نتیجہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اس طرح یہ لوگ زندگی کے معمولات کو جان سکتے ہیں۔ اور خوشیاں حاصل کر سکتے ہیں یہ لوگ اگر کسی خیال کو اپنے ذہن میں بٹھالیں تو اپنی صلاحیت کی وجہ سے اُس خیال سے مفادات حاصل کر لیتے ہیں اور ان کی خواہشات بھی پوری ہوتی ہیں۔

(۹)۔ عدد رکھنے والے لوگ اگر سیارے مریخ کے زیر اثر ہوں اور ان تاریخوں میں پیدا ہوئے ہوں۔ ۲۷-۱۸-۹-۸- تو ان کے حالات کیسے ہو سکتے ہیں۔ ۸ میں جمع ۸ کریں۔ تو اس کے دوہرے نمبر کے لوگ اگر مریخ کے زیر اثر ہوں تو یہ لوگ انجینئرنگ اور کامرس کے شعبے میں اپنی منشا کامیابیاں اور کامرانیاں حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنی غیر حاضر دماغی کی وجہ سے ڈرپوک بن سکتے ہیں اسی عادت کی وجہ سے دلیر بہادر اور نڈر بھی بن سکتے ہیں۔

نمبر ۹ مریخ کے زیر اثر لوگ باصلاحیت اور کئی خوبیوں کے مالک ہوتے ہیں نمبر ۹ کو علم نجوم میں بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے یہ لوگ بہترین لیڈر ہوتے ہیں اپنی خوداعتمادی کی طاقت کی وجہ سے ہر قسم کے حالات پر قابو پالینے کی صلاحیت اور قابلیت رکھتے ہیں۔ صبر آزما حالات اور مشکلات سے اپنی ذہنی قابلیت کو بروئے کار لاکر نکل جاتے ہیں۔ اور وہ مشکل ترین پروگراموں میں بھی کامیابیاں اور کامرانیاں حاصل کر لیتے ہیں۔ وہ تحمل مزاجی اور کام کی زبردست طاقت رکھتے ہیں۔ اس لیے وہ کسی مشکل مرحلے سے نہیں ڈرتے اور اُسے آسانی سے طے کر لیتے ہیں۔ جب کبھی ایسے لوگ غصہ اور دفاع عمل سے

کام سے کرکوئی مرحلہ طے کرتے ہیں۔ تو اُس میں بھی کامیابی حاصل کر لیتے ہیں اور اچھا نتیجہ پاتے ہیں۔ مشکلات نامساعد حالات اور تکلیفوں سے یہ لوگ زیادہ دیر پریشان نہیں رہتے ان پر قابو پا لیتے ہیں اور ذراسی کوشش سے آغاز کر کے بڑے بڑے مقاصد حاصل کر لیتے ہیں۔

اگر ۹ عدد کو ڈبل کر دیا جائے تو ایک دلیر اور جرات مند شخصیت سامنے آتی ہے ایسے لوگ بھاری رقم ایک بار ہی کسی کو دینے کا فیصلہ کر لیتے ہیں اتنی ہمت پیدا ہو جاتی ہے۔ کہ نتیجے کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔ کتنا ہی زبردست غصہ آجائے یہ لوگ اپنی قوت ارادی سے غصے پر قابو پانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ جس شخص کو وہ لوگ اگر تحفے دیں۔ اگر وہ شخص اُس تحفے پر نقطہ چینی کرے تو یہ لوگ ایسے شخص کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور انہیں غصہ آجاتا ہے اُسے پسند نہیں کرتے۔

چونکہ ایسے لوگوں میں اپنی غلطیوں کو ماننے کی ہمت نہیں ہوتی۔ پھر بھی یہ لوگ غلطیاں کر کے ایسی حکمت عملی سے کام لیتے ہیں۔ کہ وہ بُرا اچھا اور با مقصد مفاد حاصل کر لیتے ہیں اور اُس سے اُن کی زندگی کی راہیں استوار ہو جاتی ہیں۔ ایسے لوگوں کو چاہیئے۔ کہ اپنے منصوبوں میں توجہ، محنت اور زبردست کارکردگی شامل کر دیں۔ فائدہ اور ترقی ہوگی۔ سارے منصوبے فائدہ بخش رہیں گے۔ ایسے لوگ فوج اور سامان حرب بنانے میں خاطر خواہ ترقی حاصل کر سکتے ہیں اور بے حد کامیاب ہو سکتے ہیں۔

ایسی ملازمت یہ لوگ نہیں کر سکتے جس میں دوسروں کی دیکھ بھال اور نگرانی کرنا ہو وہ اپنی ذہنی ڈگر کی وجہ سے اس میں کامیاب نہیں ہو سکتے وہ اس کام میں اُلجھن، بیزاری اور دقت محسوس کریں گے۔

ہماری مطبوعات

سراج النجوم مع جوتش : نجوم و جوتش پر بین العلومی مطالعہ کو فروغ دینے والی کتاب جو اس پُر اسرار علم کی تفہیم میں بے حد معاون ہے،

علم الجفر : فنی حوالے سے یہ کتاب بڑی ارفع اور منفرد مقام رکھتی ہے، علم الجفر وہ علم ہے کہ اسکی پہنائیوں اور باریکیوں کو بیان کرنے کیلئے عالمانہ گرفت کی حاجت ہوتی ہے اسکی ریاضیاتی قطعیت اور سحر انگیزیت کو ذہن نشین کرانا ہر کسی کے بس کی بات نہیں لیکن اسکے پڑھنے سے ایک عام قاری بھی مستفید ہو سکتا ہے

پتھر شناسی (آئینہ جواہر) : پتھروں کی اس جامع کتاب میں اقسام، مقام پیدائش پہچان، شخصیت پر طلسماتی اثرات کے علاوہ افعال و خواص سنگ تراشی مفید دلچسپ و اثر انگیز اثرات، مختلف بیماریوں کا علاج، نحوست و برکات کا تفصیلاً جائزہ شامل ہے اگر اسے انسائیکلو پیڈیا آف سٹون تھراپی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔

سچا خواب نامہ : قرآن و حدیث کی روشنی میں ہر قسم کے خوابوں کی تاثیر و تعبیر اور علم تعبیر سے متعلق ضروری معلومات مع استخارہ قرآنی و اسم اعظم، اسم الحسنیٰ و حل المشکلات فالنامہ قرآنی و عملیات قرآنی اور پُر تاثیر دعاؤں کے علاوہ فضائلِ درود شریف بھی شامل ہیں